Daily KOZAK NEWS Chaman

جہاں خبر...... وہاں ہم

روزنامہ کوژک نیوز چمن

ABC CERTIFIED

E.mail:kozaknews@gmail.com

چیف ایڈیٹر: محمد اسلم اچکزئی

ایڈیٹر: محمد اکرم اچکزئی

جلد نمبر:17 | بروز ہفتہ 03 مئی 2025ء 05 ذوالقعد 1446ھ (صفحات 8) قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر:145

حکومت پاکستان عوامی نمائندہ جماعت کے طور پر ہمیشہ آئین میں دی گئی آزادیوں کی محافظ رہی ہے، فیک نیوز کے خاتمے کے لئے میڈیا کے ساتھ مل کر قوانین تیار کئے

آئندہ بھی اہل صحافت کی مشاورت، تعاون اور تائید سے اس ضمن میں اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، شہباز شریف کا آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (سی ایم لنکس) 3 مئی، 2025 آزادی صحافت کے عالمی دن پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے میڈیا ورکرز کو خراج تحسین اور ان بہادر مرد و خواتین صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جو اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران قربان ہو کر امر ہو گئے۔ دنیا کو حقائق کی فراہمی کی جدوجہد میں صحافیوں کی قربانیاں تاریخ کا سنہری باب ہے۔ آج کے دن صحافت سے وابستہ بہادر کارکنوں کو سلام پیش کرتے ہیں جو اطلاعات کی آزادانہ ترسیل اور حقائق کو جانچ (بقیہ 2 اندرونی صفحہ 7 پر)

قومی اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی نے صحافیوں کو پلاٹس کی فراہمی کیلئے ذیلی کمیٹی تشکیل دیدی

کمیٹی کی تشکیل پر پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر سمیت دیگر موجود صحافیوں کا احتجاج

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی ہاؤسنگ کمیٹی نے صحافیوں کو پلاٹس کی فراہمی کیلئے ذیلی کمیٹی تشکیل دیدی، کمیٹی کی تشکیل پر پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں بیوروکریسی کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کردیئے

کوئٹہ (اے این این) حکومت بلوچستان نے بیورو (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت کا مقبوضہ کشمیر کے رہائشیوں کو بے دخل کرنے کا منصوبہ بے نقاب

مقبوضہ کشمیر کی پولیس میں خدمات انجام دینے والے کشمیری پولیس اہلکار کا ویڈیو بیان سامنے آگیا

سرینگر (آن لائن) پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت کا مقبوضہ کشمیر کے رہائشیوں کو بے دخل کرنے کا منصوبہ بھی بے نقاب ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 7 پر)

منشیات کے اڈوں کو فوری طور پر ختم کیا جائے، پی این اے پی

پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی جنوبی پشتونخوا کے صوبائی ایگزیکٹو کا اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔

اجلاس میں صوبائی ایگزیکٹو کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام اضلاع کی تنظیمی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا

کوئٹہ (پ۔ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی جنوبی پشتونخوا کے صوبائی ایگزیکٹو کا اجلاس پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی ایگزیکٹو کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام اضلاع کی (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 7 پر)

افغان کڈوال عوام کے ساتھ حکومتی رویئے کی مذمت کرتے ہیں، ملت پال سیاسی پارٹیاں

ملت پال سیاسی و جمہوری جماعتوں کے زیر اہتمام جاری احتجاجی تحریک کے سلسلے میں ڈکی بازار میں ایک بڑا جلسہ عام منعقد ہوا

اقوام متحدہ UNHCR، ایمنسٹی انٹرنیشنل اور دیگر عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ حکومت پر دباؤ ڈال کر سہ فریقی معاہدہ UNHCR، افغانستان، پاکستان کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے

ڈکی (پ۔ر) ملت پال سیاسی و جمہوری جماعتوں کے زیر اہتمام جاری احتجاجی تحریک کے سلسلے میں ڈکی بازار میں ایک بڑا جلسہ عام منعقد ہوا، جس کی صدارت عوامی نیشنل پارٹی ڈکی کے ضلعی صدر حاجی عزت ناصر نے کی۔ جلسے سے قبل ڈکی بازار میں ایک احتجاجی جلوس نکالا گیا، جس میں شرکاء نے "افغان کڈوال عوام کی بے دخلی نامنظور"، "مائنز و منرل ایکٹ نامنظور" اور "دہشتگردی نامنظور" کے فلک (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستانی سکھ کمیونٹی کا حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں پاکستان کی مکمل تائید کا اعلان

ملک کے دفاع کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، چیئرمین پاکستان سکھ کمیونٹی

لاہور (آن لائن) پاکستانی سکھ برادری نے حالیہ (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 7 پر)

بلوچستان میں انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحانات کا آج سے آغاز ہوگیا

امتحانات می ایک لاکھ 937 امیدوار حصہ لے رہے ہیں' چیئرمین بلوچستان بورڈ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں انٹرمیڈیٹ (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سالم ملاقات کر رہے ہیں

اندرونی انتظامی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے بھارت پہلے سے طے شدہ طریقہ کار کے تحت ان اندرونی مسائل کو ہمیشہ سے بیرونی رنگ دیتا رہا ہے

بھارت پہلگام واقعہ کی آڑ میں سندھ طاس معاہدے کو نقصان پہنچا کر پاکستان کے قانونی اور بنیادی آبی حقوق کو غصب کرنے کے درپے ہے، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی زیر صدارت خصوصی کور کمانڈرز کانفرنس، خطے کی موجودہ صورتحال کا جامع جائزہ لیا گیا

پہلگام واقعے کے بعد بھارتی افواج ایل او سی کے معصوم شہریوں کو مسلسل نشانہ بنا رہی ہے، کور کمانڈرز کانفرنس میں اظہار تشویش

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر، کی زیر صدارت خصوصی کور کمانڈرز کانفرنس میں خطے کی موجودہ صورتحال کا جامع جائزہ لیا گیا، بالخصوص پاک ۔ بھارت کشیدگی اور علاقائی سلامتی زیر غور آئے ۔ فورم نے پاکستان کی مسلح افواج کی کسی بھی جارحیت یا مہم جوئی کے خلاف ملک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو برقرار رکھنے کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے مسلح افواج کی غیر متزلزل پیشہ وارانہ مہارت، ثابت قدم حوصلے اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا، انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج دفاع وطن کیلئے اپنی عوام کے ساتھ متحد ہو کر کھڑی ہیں، آرمی چیف نے تمام محاذوں پر چوکنا رہنے اور فعال تیاریوں کی اہمیت پر زور دیا، فورم نے (بقیہ 1 اندرونی صفحہ 7 پر)

بجلی 22 گھنٹے فراہم کی جائے بلوچستان عوام کا حق ہے، ہدایت الرحمان

مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، حق دو تحریک کے وائس چیئرمین ماجد جوہر کا عوامی نمائندگان کے ہمراہ کیسکو حکام سے ملاقات

بجلی گیس، روزگار، امن اور ترقی سے محروم بلوچستان آج مقتدر قوتوں اور ناکام حکمرانوں کی وجہ سے انسانی حقوق کو ترس رہے ہیں گھنٹے بجلی کی فراہمی یقینی بنائیں

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے، حق دو تحریک کے قائد مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، حق دو تحریک کے وائس چیئرمین ماجد جوہر کا عوامی نمائندگان کے ہمراہ کیسکو حکام سے ملاقات، بجلی سے متعلق مختلف معاملات زیر غور۔ قائد حق دو تحریک بلوچستان و ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، وسیم صمد، کونسلران عبدالواحد، سفیان بلوچ اور (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 7 پر)

جماعت اسلامی کے وفد کا گورنر بلوچستان شیخ جعفرخان مندوخیل سے ملاقات

افغان مہاجرین مہمانوں کی واپسی کیلئے انتظامی کے بجائے معاشرتی وسماجی میکنزم تشکیل دیا جائے

کوئٹہ (پ ر) سابق صوبائی امیر سینئر رہنما و نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان عبدالمتین اخوندزادہ کی قیادت میں جماعت اسلامی کے اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد نے گورنر بلوچستان شیخ جعفرمندوخیل سے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ملاقات کی وفد میں نائب امراء (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سے سعودی سفیر کی ملاقات، خطے میں امن کیلئے پاکستان کے ساتھ کام کرنے کی یقین دہانی

پاکستان کی کامیابیوں کو خطرے میں ڈالنے اور ملک کو اقتصادی ترقی کی راہ سے ہٹانے کی بھارتی کوششیں ناقابل فہم ہیں

سعودی عرب سمیت برادر ممالک خطے میں کشیدگی میں کمی کے لیے ہندوستان پر دباؤ ڈالیں، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی اور کہا کہ سعودی عرب خطے میں امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتا ہے۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے حرمین شریفین کے متولی (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ نے سینیٹر اعجاز چوہدری کی ضمانت منظور کرلی

اعجاز چوہدری کے خلاف کیس اتنا ہی مضبوط تھا تو فوجی عدالت میں لے جاتے، جسٹس نعیم اختر افغان

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعجاز چوہدری کی ضمانت منظور کرلی۔ عدالت نے سینیٹر اعجاز چوہدری کو ایک لاکھ روپے کے مچلکے ٹرائل کورٹ میں جمع کرانے کا حکم دیا۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ایاز احمد بلوچ کے اعزاز میں الوداعی پارٹی کا انعقاد کیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیرآباد پولیس رینج کے تبادلہ ہونے والے ڈی آئی جی پولیس نصیرآباد ایاز احمد بلوچ کو پرتپاک الوداع کرنے کے (بقیہ 36 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان کی افواج مکمل طور پر مستعد اور ہمہ وقت چوکنا ہیں، علی مردان ڈومکی

خطے میں امن واستحکام کے لیے ذمہ دارانہ طرزعمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیراعلی بلوچستان میرعلی مردان خان ڈومکی نے کہا ہے کہ خطے میں امن واستحکام کے لیے ذمہ دارانہ طرزعمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے میرعلی مردان (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 7 پر)

واہگہ بارڈر پر نرمی، بھارت سے 20 پاکستانی واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے

لاہور (آن لائن) پاکستان بھارت کشیدگی کے باوجود دونوں ممالک نے ایک دوسرے ملک کے (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 7 پر)

حکومت امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی ہے، پشتونخوا میپ

سنجاوی میں لاشیں پھینکنے، خوف وہراس پھلانے کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں، بیان

زیارت (پ ر) حکومت امن وامان کے قیام میں ناکام ہوچکی ہے، سنجاوی میں لاشیں پھینکنے، خوف وہراس پھلانے کے پیچھے مذموم مقاصد ہیں، عوام کے وسائل، معدنیات، زمینوں پر قبضوں، الاٹمنٹ کی صورتحال سب کے سامنے ہیں کسی کو اپنی وسائل (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 7 پر)

اُوستہ محمد پولیس کی بڑی کامیاب کارروائی سفاک قاتل اور بچے کے قاتل ڈرائیورز قانون کی گرفت میں

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اُوستہ محمد پولیس کی بڑی کامیابی سفاک قاتل اور بچے کے قاتل ڈرائیورز قانون کی گرفت میں اوستہ محمد پولیس کی (بقیہ 37 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی

پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے راولپنڈی کے طلبا سڑکوں پر نکل آئے

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی اور ممکنہ بھارتی جارحیت کے خلاف پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے راولپنڈی کے طلبا بھی سڑکوں پر نکل آئے اس مقصد کے لئے راولپنڈی کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلبا اور کم سن (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 7 پر)

افغان کڈوال کیساتھ روا رکھا جانیوالا طرز عمل انسانیت سوز ہے، اے این پی

انہیں جس شاہانہ انداز میں اپنے مفادات کیلئے یہاں آباد کیا گیا آج مقصد پورا ہونے پر ان کی توہین وتضحیک کی جارہی ہے

چمن (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ افغان کڈوال کیساتھ روا رکھا جانیوالا طرز عمل انسانیت سوز ہے انہیں جس شاہانہ انداز میں اپنے مفادات کیلئے یہاں آباد کیا گیا آج مقصد پورا ہونے پر ان کی توہین وتضحیک کی جارہی ہے (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارتی پروپیگنڈا، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سائبر پٹرولنگ بڑھادی

اسلام آباد (آن لائن) بھارتی جارحیت اور پاکستان کے خلاف پروپیگنڈے کے پیش نظر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے سائبر پٹرولنگ بڑھا (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 7 پر)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست 8 مئی کو سماعت کے لیے مقرر

قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف سماعت کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائی کورٹ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست عدالت نے سماعت کے لیے مقرر کرلی۔ 190 ملین پا (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان ذمے دار ملک، امید ہے بھارت متنازع ردعمل سے گریز کرے گا، امریکی نائب صدر

امید ہے بھارت پہلگام واقعے پر ایسا ردعمل نہیں دے گا جو پورے خطے کو کشیدگی کی لپیٹ میں لے آئے، جے ڈی وینس

واشنگٹن (آن لائن) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمے دار ملک ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ بھارت پہلگام معاملے پر ایسے ردعمل سے گریز کرے گا جس سے خطے میں کوئی تنازع پیدا ہونے کا امکان ہو۔ عالمی خبر رساں ادار (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاک فوج کی جنگی مشقیں پورے زور وشور سے جاری

راولپنڈی (سی ایم لنکس) پاک فوج کی جنگی مشقیں پورے زور وشور سے جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مشقوں میں جدید ہتھیاروں کا عملی مظاہرہ (بقیہ 38 اندرونی صفحہ 7 پر)

اوورسیز پاکستانیوں اور کشمیریوں کا بھارتی جارحیت کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

پاک فوج قدم بڑھاؤ، اوورسیز پاکستانی وکشمیری تمہارے ساتھ ہیں' مظاہرین کا خطاب

فرانس (اے این این)، اوورسیز پاکستانیوں اور کشمیریوں نے بھارتی جارحیت کیخلاف ایفل ٹاور پیرس کے سامنے تاریخی مظاہرہ کیا جس میں پیپلز پارٹی، تحریک انصاف اور مسلم لیگ ن سمیت آزاد کشمیر و پاکستان کی دیگر سیاسی جماعتوں کے سینکڑوں (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسٹیٹ بینک کے پاس پالیسی ریٹ 7 فیصد پر لانے کی گنجائش ہے، عاطف اکرام شیخ

اسلام آباد (آن لائن) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز عاطف اکرام شیخ (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 7 پر)

ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0 اعشاریہ 15 فیصد کا اضافہ

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی مجموعی شرح منفی 2 اعشاریہ 14 فیصد ریکارڈ

اسلام آباد (آن لائن) ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 0 اعشاریہ 15 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی مجموعی شرح منفی 2 (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 7 پر)

پیدائش کے لیٹ اندراج کی مدت 30 سال، ژوب شاہراہ پر ٹھیکہ دینے اور رخشاں کو دو حلقوں میں تقسیم کرنے سمیت دیگر قراردادیں منظور

بسوال ڈیم، پنجگور ترقیاتی اسکیموں، مائنز بل اور بلوچستان ہاؤس اسلام آباد پر ارکان اسمبلی شدید تحفظات کا شکار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ایوان نے پیدائش کے لیٹ اندراج کے لیے 20 سال کے بجائے 30 سال کرنے اور سول جج کے بجائے اختیارات چیئرمین ایڈمنسٹریٹر مقامی کو تفویض کرنے کی قرارداد منظور کی ایوان نے ژوب قومی شاہراہ کا ٹھیکہ دینے کے اقدامات اٹھانے کے قرارداد بھی منظور کرلی بلوچستان اسمبلی اجلاس میں رخشاں ڈویژن کو دو حلقوں میں تقسیم کرنے کی قرارداد منظور (بقیہ 39 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

بھارت کی جانب سے ویزا منسوخی سے سنگین انسانی مسائل جنم لے رہے ہیں، پاکستان

بھارت اجازت دیتا ہے تو پاکستان اپنے شہریوں کو واہگہ بارڈر کے راستے واپس لینے کے لیے تیار ہے، ترجمان دفتر خارجہ

مستقبل میں بھی پاکستانی شہریوں کے لیے واہگہ بارڈر کھلا رہے گا، شفقت علی خان کا بیان

اسلام آباد (آن لائن) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے ویزہ منسوخی سے سنگین انسانی مسائل جنم لے رہے ہیں، پاکستان اپنے شہریوں کو واہگہ بارڈر کے راستے واپس لینے کے لیے تیار ہے اگر بھارت کی جانب سے ان کو سرحد پار کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ بھارت سے پاکستانی شہریوں کی واہگہ بارڈر کے ذریعے واپسی پر دفتر خارجہ سے جاری بیان میں (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 7 پر)

وزارت مذہبی امور بھی ایف آئی اے کے ریڈار پر آ گیا

فنڈز میں خرد برد کرنے پر ایف آئی اے نے ڈی جی حج مکہ کے خلاف انکوائری شروع کردی

اسلام آباد (آن لائن) وزارت مذہبی امور بھی ایف آئی اے کے ریڈار پر آگیا۔ فنڈز میں خرد برد کرنے پر ایف آئی اے نے ڈی جی حج مکہ کے خلاف (بقیہ 40 اندرونی صفحہ 7 پر)

پی آئی اے کا قبل از حج آپریشن، 397 عازمین کو لے کر پہلی پرواز کراچی سے روانہ

کراچی (آن لائن) قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کا قبل از حج آپریشن کا کراچی سے بھی کامیابی کے ساتھ آغاز ہوگیا۔ پی آئی اے کی پہلی حج پرواز پی کے 743 علی الصبح کراچی سے 397 عازمین کو (بقیہ 41 اندرونی صفحہ 7 پر)

24 اور 26 نومبر احتجاج کیس؛ پی ٹی آئی کے 82 کارکنوں کو سزائیں سنادی گئیں

24 مقدمات میں تمام حاضر ملزمان پر فرد جرم بھی عائد، اقبال جرم نہ کرنے والے ملزمان کیخلاف گواہان طلب

راولپنڈی (آن لائن) عدالت نے 24 اور 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی کے 82 کارکنوں کو سزائیں سنا دیں۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے 24 اور 26 نومبر احتجاج کے کیسز میں بڑا فیصلہ سنا دیا، جس میں عدا (بقیہ 42 اندرونی صفحہ 7 پر)

ایف بی آر کی اپریل 2025 میں ٹیکس وصولی میں 30 فیصد ماہانہ اضافہ

لاہور (آن لائن) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی اپریل 2025 کے لیے ٹیکس وصولیوں میں 30 فیصد ماہانہ اضافہ ہوا ہے جو رواں مالی سال میں پہلے 9 ماہ کے 28 فیصد اضافہ سے بھی زیادہ (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 7 پر)

محکمہ جنگلات وجنگلی حیات بلوچستان نے بھیڑیے کے 5 بچوں کو بازیاب کروالیا

ژوب کی تحصیل کاکڑ خراسان میں محکمہ جنگلات نے کارروائی کی' لیویز اور پولیس نے بھی حصہ لیا' چیف کنزرویٹر

کوئٹہ (اے این این) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان نے بھیڑیے کے 5 بچوں کو بازیاب کروا لیا چیف کنزرویٹر وائلڈ لائف شریف الدین نے بتایا (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 7 پر)

جنیوا، مصدق ملک کی اہم شخصیات سے ملاقاتیں، مختلف فورمز میں پاکستان کی نمائندگی کی

جنیوا (آن لائن) وفاقی وزیر مصدق ملک نے جنیوا میں موجود اہم شخصیات سے ملاقاتیں اور مختلف فورمز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے۔ ماحولیات سے متعلق مباحثے میں وفاقی وزیر نے کہا کہ ترقی (بقیہ 44 اندرونی صفحہ 7 پر)

وزیراعظم سے متحدہ عرب امارات کے سفیر کی ملاقات، خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال

متحدہ عرب امارات علاقائی امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرے گا، سفیر کی گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف سے متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے سفیر حماد عبید ابراہیم سالم الزابی نے آج وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی ہے، ملاقات کے دوران وزیراعظم نے متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن (بقیہ 43 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ کی یقین دہانی پر فیڈرل لیویز ملازمین کا احتجاج ختم کرنے کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی نے ریٹائرڈ فیڈرل لیویز ملازمین کے کیمپ آمد پر تمام معاملات کو جلد حل کرانے کی یقین دہانی کرائی جس پر ریٹائرڈ لیویز ملازمین نے احتجاج ختم کردیا۔ (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے نصیب اللہ بازئی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

18 ویں یوتھ پارلیمنٹ پاکستان کے ارکان کا پارلیمنٹ ہاؤس، اسلام آباد کا دورہ

اسلام آباد (آن لائن) 18 ویں یوتھ پارلیمنٹ پاکستان کے 150 اراکین پر مشتمل ایک گروپ، پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیولپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (PILDAT) کے تعاون سے نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا دورہ کیا۔ سینیٹ کے (بقیہ 46 اندرونی صفحہ 7 پر)

سندھ طاس معاہدہ، پاکستان کا سفارتی ذرائع سے نوٹس دینے کا فیصلہ

امید ہے بھارت کو جلد اپنے فیصلے پر نظرثانی کرنا پڑے گی، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی پر پاکستان نے باقاعدہ سفارتی ذرائع سے نوٹس دینے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق سندھ طاس معاہدے کی معطلی پر قانونی و آئینی مشاورت کے بعد وزارت خارجہ، وزارت (بقیہ 45 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت شہباز شریف سے ڈر گیا، یوٹیوب چینل پر پابندی عائد

اسلام آباد (آن لائن) بھارت وزیراعظم شہباز شریف سے ڈر گیا، کاکول اکیڈمی سے خطاب کے بعد بھارت نے وزیراعظم شہباز شریف کے یوٹیوب چینل پر پابندی عائد کردی، بھارتی شکایت پر وزیراعظم کی تقریر بھی یوٹیوب سے ہٹادی گئی۔ پہلگام (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان پر جھوٹے الزامات کیخلاف لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے باہر احتجاج

مظاہرے میں پاکستانی اور خالصتان کی حامی سکھ کمیونٹی کی شرکت، مودی کیخلاف شدید نعرے

لندن (آن لائن) برطانیہ کے دارالحکومت لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے باہر پاکستان پر جھوٹے الزامات لگانے کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ احتجاجی (بقیہ 48 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی انتہائی سخت

شہر میں آنے والی گاڑیوں کی تلاشی' اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات تھیں

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی سخت حفاظتی (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 7 پر)

ہم نے پھلجھڑیاں نہیں چھوڑنی اور نہ ہی ہم نے ایٹم بم کو زنگ لگنے دینا ہے، ہماری آواز اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں ہے

پوری قوم اپنے سپہ سالار عاصم منیر کے ساتھ کھڑی ہے، سوئی سے لے کر ایٹم بم بنانے تک مزدوروں اور محنت کشوں کا بھی اہم کردار ہے، وفاقی وزیر

راولپنڈی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ نواز شریف نے اس ملک کو ناقابل تسخیر بنایا، کسی نے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھا تو ہم دشمن کی آنکھیں نکال دیں گے، ہم نے پھلجھڑیاں نہیں چھوڑنی اور نہ ہی ہم نے ایٹم بم کو زنگ لگنے دینا ہے، ہماری آواز اپنے دفاع سے ہرگز غافل نہیں ہے، پوری قوم اپنے سپہ سالار عاصم منیر کے ساتھ کھڑی ہے، سوئی سے لے کرا (بقیہ 47 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کے لوگوں کو دیوار کی بجائے اپنے سینے سے لگایا جائے، شاہد خاقان

یہ پتا ہونا چاہیے کہ بلوچستان میں لیز کس کو اور کس بنیاد پر دی گئی؟ 70 سال میں ہم نے بلوچستان کے ساحل کا ایک انچ بھی ڈویلپ نہیں کیا

بلوچستان میں لاقانونیت ہے ملک میں جاری حالات پر بھی کل کر بات نہیں کی جاسکتی ہے' سابق وزیراعظم کا بلوچستان ہائیکورٹ بار سے خطاب

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینر شاہد خاقان عباسی کا کہنا ہے کہ شفاف الیکشن کروا دیں، ملک کا نظام چل پڑے گا، پاکستان کے ہر مسئلے کے حل کی حقیقت قانون کی حکمرانی میں ملے گی یہاں لوگ 70 کروڑ روپے دے کر سینیٹر نہیں بنے، ہم کرپٹ لوگوں کو سینیٹ میں بھیجیں گے اور پھر توقع کریں کہ ملک چلے گا، یہ خام خیالی ہے کہ ایسے لوگ ملک اور صوبے کے مسائل حل کریں گے' ان خیالا (بقیہ 35 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت کی ایک غلطی اس کو زبردست سبق سکھا دے گی، علما و مشائخ

معاہدے کی پاسداری قانونی، شرعی اور اخلاقی بھی ... شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ... پاکستان کی طرف ہوں گے۔ بھارت کے اتر پردیش، حیدر آباد دکن کے مسلمان بھی ہمارے ساتھ ہیں۔

وکلاء برادری نے سندھ میں بسنے والے ہر طبقے کے بقاء کی جنگ لڑی، لالا شہباز خان

سندھ کے دریاؤں، زمینوں اور وسائل کے تحفظ کے لیے جو مثال وکلاء برادری نے قائم کی وہ ہمیشہ یاد رہیگا

سکھر (اسلم سومرو) وکلاء برادری نے سندھ میں بسنے والے ہر طبقے کے بقاء کی جنگ لڑی لالا شہباز خان پٹھان خان ہاؤس سکھر میں پروقار تقریب وکلاء کو خراجِ تحسین، اجرک، سندھی ٹوپی اور تحائف پیش کیے گئے سکھر پریس کلب کے فنانس سکریٹری لالا شہباز خان پٹھان نے کہا ہے کہ سندھ کی وکلاء برادری نے ببرلو بائی پاس پر مسلسل 12 روزہ دھرنا دے کر نہ صرف سندھ کے قدرتی وسائل پر ممکنہ ڈاکہ روکا بلکہ یہ ثابت کیا کہ وہ سندھ میں بسنے والے ہر طبقے کے بقاء کی جنگ لڑنے والی صفِ اول کی قیادت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے خان ہاؤس سکھر میں وکلاء برادری کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے منعقدہ پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری نے کسان، مزدور، ریڑھی بان، تاجر، خواتین، بزرگ اور نوجوان سب کو ساتھ ملا کر ایک ایسی تحریک چلائی جس نے تاریخ رقم کی یہ تحریک صرف قانونی جنگ نہیں تھی بلکہ ایک عوامی مزاحمت کا مثالی مظاہرہ تھا لالا شہباز خان پٹھان کا مزید کہنا تھا کہ سندھ کے دریاؤں، زمینوں اور وسائل کے تحفظ کے لیے جو مثال وکلاء برادری نے قائم کی وہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک قابلِ تقلید باب ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ کے حقوق کے لیے ایسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور عوامی یکجہتی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تقریب میں سکھر ڈسٹرکٹ بار اور تحصیل بار روہڑی کے ممتاز وکلاء کو سندھی ثقافت کی نمائندہ اجرک، سندھی ٹوپی، پھولوں کے ہار اور تحائف پیش کیے گئے اس موقع پر وکلاء برادری کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں سندھ کا اصل محافظ قرار دیا گیا تقریب میں جن معزز وکلاء کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ان میں ایڈووکیٹ سندر خان چاچڑ جنرل سیکریٹری، سکھر بار، ایڈووکیٹ ذوالفقار علی ملانو سابق جنرل سیکریٹری، ایڈووکیٹ مختیار حسین کٹبر انفارمیشن سیکریٹری، ایڈووکیٹ فیصل شمس شیخ جوائنٹ سیکریٹری، ایڈووکیٹ جئے کمار جوائنٹ سیکریٹری تحصیل بار روہڑی اس کے علاوہ تقریب میں خالد بھابھن، سرفراز میمن، اسلم دایو اور نسیم میمن سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی تقریب میں شامل وکلاء برادری نے میزبان لالا شہباز خان پٹھان کی محبت، خلوص، عزت افزائی اور ثقافتی انداز میں استقبال پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

گڈانی ہمارا گھر ہے، مظلوموں کی آواز بلند کرتے رہیں گے، اسد اسلم

تحریک نوجوان گڈانی کا نبی بخش محلّہ کا دورہ، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی پر اظہار افسوس

گڈانی (یو اے این این) تحریک نوجوان گڈانی کے صدر اسد اسلم بلوچ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ گڈانی شہر کے ساحلی علاقے نبی بخش محلّہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسد اسلم اور ان کی ٹیم نے محلے کی حالت زار دیکھ کر شدید افسوس اور حیرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور میں بھی یہ بستی بنیادی سہولیات جیسے پانی، پختہ گلیوں اور بیت الخلا سے محروم ہے، جو انتہائی تکلیف دہ صورتحال ہے۔ اسد اسلم نے کہا کہ علاقہ سمندری کٹا کی زد میں ہونے کے باعث مزید مشکلات سے دوچار ہے۔ انہوں نے نبی بخش نروار سمیت محلے کے دیگر مکینوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے۔ اس موقع پر انہوں نے یقین دہانی کروائی کہ تحریک نوجوان گڈانی ان محروم افراد کی آواز کو حکام بالا تک پہنچائے گی اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ نبی بخش نروار، محمد حنیف، عبدالغنی، اللہ بخش، امیر بخش و دیگر نے تحریک نوجوان کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ کسی نے ہماری مجبوریوں کو سمجھا اور ہماری حالت زار کا احساس کیا۔

بلوچستان کو قدرت نے بیش بہا وسائل سے نوازا ہے، بلال خان کاکڑ

ہم نوجوانوں کو ہر طرح کی سہولیات اور تعاون فراہم کرینگے

کوئٹہ (م ڈ) کوئٹہ یکم مئی: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے کیلئے موجودہ دور میں نوجوان نسل خصوصاً سوشل میڈیا انفلوئنسرز کا کردار اہم ہے، انہیں چاہیے کہ اپنے صوبے کی خوبصورتی اور یہاں موجود مواقع کو بہترین طریقے سے اجاگر کریں، اس سلسلے میں جلد ایک کانفرنس کا انعقاد کیا جائیگا جبکہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالکبیر خان زرکون نے کہا ہے کہ ہم نوجوانوں کو ہر طرح کی سہولیات اور تعاون فراہم کرینگے وہ آگے آئیں اور صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، ہمارا مقصد جھوٹ کو سچ ثابت کرنا نہیں بلکہ سچ کو عوام کے سامنے لانا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی اے کے دفتر میں مجوزہ کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلے میں وی لاگرز اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی، بیوٹمز اور بی او آئی ٹی کے حکام بھی موجود تھے، اجلاس کے شرکاء نے بلوچستان کے مختلف سیکٹرز کی ترویج، نوجوانوں کو ترقی کے عمل میں شامل کرنے اور سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کی روک تھام اور مثبت اقدامات کو فروغ دینے کیلئے تجاویز پیش کی گئیں، بلال خان کاکڑ نے کہا کہ ہم سب کا مقصد یہی ہے کہ بلوچستان کیلئے کچھ مثبت کریں، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ صوبے میں کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیں۔

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کے خلاف وندر میں بھارت مخالف احتجاجی مظاہرہ

پاکستان کو ریگستان بنانے کی بھارتی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے، مقررین کا عزم

وندر (اے این این) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی اور آبی جارحیت کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر وندر رضوان قادر کی قیادت میں وندر پریس کلب کے سامنے شہریوں اور صحافیوں نے شدید احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے بھارت مخالف نعرے لگائے اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مودی سرکار کے خلاف شدید ردعمل درج تھا۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کامریڈ سلیم بلوچ، محمد امین رونجھ، وڈیرہ عبدالستار انگاریہ، سلطان انگاریہ اور دیگر مقررین نے کہا کہ بھارت پاکستان کے حصے کا پانی بند کر کے کسی خام خیالی میں نہ رہے۔ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے، جس میں پاکستان کے پانی پر اس کا حق تسلیم کیا گیا ہے اور بھارت کو اس پر عملدرآمد کا پابند کیا گیا ہے۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کو ریگستان بنانے کی بھارتی سازش کبھی کامیاب نہیں ہوگی، اور انڈیا کی آبی جارحیت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بلوچستان سمیت پورے ملک کی عوام اپنی افواج کے شانہ بشانہ بھارت کی ہر سازش کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ مظاہرے میں کونسلر پیر بخش موندرہ، صحافی زبیر بلوچ، دریان خان انگاریہ، رفیق سرمستانی اور دیگر شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔

تربت میں بارڈر ٹریڈ پر پابندی کے خلاف احتجاجی ریلی، عوام کی روزگار کی بحالی کا مطالبہ

حکومت نے سرحدی تجارت کی بندش سے عوام کو مایوسی کی طرف دھکیل دیا ہے، مسلم لیگ (ن) تربت

تربت (اے این این) ضلع کیچ سے منسلک سرحدی علاقوں میں بارڈر ٹریڈ پر عائد پابندی کے خلاف سرحدی تجارت سے وابستہ افراد نے تربت میں احتجاجی ریلی نکالی، جو شہید فدا احمد چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ احتجاج میں بلیدہ، زامران، ہوشاپ اور تحصیل تربت سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مظاہرین نے حکومتی پالیسیوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کی بندش نے ہزاروں افراد کو روزگار سے محروم کر دیا ہے اور عوام فاقہ کشی کی دہلیز پر پہنچ چکے ہیں۔ ریلی کے شرکا نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر روزگار کی بحالی اور سرحدی تجارت پر پابندیاں ختم کرنے کے مطالبات درج تھے۔ ریلی سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما عطا اللہ محمد زئی، مختار انور زعمرانی، سعید بلوچ اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بارڈر ٹریڈ نہ صرف مقامی معیشت کا ستون ہے بلکہ ہزاروں خاندانوں کے لیے روزگار کا واحد ذریعہ بھی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے متبادل روزگار کے بغیر سرحدی تجارت پر پابندی لگا کر عوام کو مایوسی، بدامنی اور جرائم کی طرف دھکیل دیا ہے۔ مقررین نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر پابندیاں ختم نہ کی گئیں تو احتجاج کا دائرہ وسیع کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی انصاف کے بغیر امن و امان قائم نہیں رہ سکتا، اس لیے حکومت سرحدی عوام کو عزت کے ساتھ روزی کمانے کا حق دے اور بارڈر ٹریڈ کی بحالی کا فوری اعلان کرے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما عطا اللہ محمد زئی نے الزام لگایا کہا کہ آج یکم مئی کو آل پارٹیز کیچ، انجمن تاجران اور بارڈر ٹریڈ یونینز کو ریلی نکالنا تھا لیکن اپنے ٹوکن نام نکالنے کے خوف سے ریلی نہیں نکالی اور غریب ڈرائیوروں کے اے احتجاج میں شامل بھی نہیں ہوئے ہیں۔

انفرا ضامن پاکستان کے زیر اہتمام کیپٹل مارکیٹس کے ذریعے گرین فنانسنگ کی اہمیت پر خصوصی سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) انفرا ضامن پاکستان نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)، برطانوی ہائی کمیشن اسلام آباد اور پرائیویٹ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ گروپ (پی آئی ڈی جی) کے اشتراک سے "گرین فنانسنگ بذریعہ ڈیٹ کیپٹل مارکیٹس" کے عنوان سے بڑے سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں ملکی و غیر ملکی ماہرین، مالیاتی اداروں، اور ریگولیٹری شعبے سے وابستہ سینئر افراد نے شرکت کی اور پاکستان میں پائیدار ترقی کے لیے ڈیٹ کیپٹل مارکیٹس کو فعال بنانے میں کریڈٹ بڑھانے کے اہم کردار پر اظہار خیال کیا۔ تقریب کے دوران ایس ای سی پی کے چیئرمین عاکف سعید، برطانوی ہائی کمیشن اسلام آباد کی ڈیولپمنٹ ڈائریکٹر جو موئر، انفرا ضامن پاکستان کی سی ای او ماہین رحمان، انفرا ضامن پاکستان کے بورڈ چیئرمین بوہاک خو، پی آئی ڈی جی میں اوریجنیشن لیڈ آف نیچر فلپ اسکنر، اور کاراندار پاکستان کے سی ای او وقاص الحسن نے اہم موضوعات پر تقاریر اور پینل ڈسکشنز میں اپنی رائے پیش کی۔ مقررین نے ملک میں پائیدار انفراسٹرکچر کو فروغ دینے کے لئے مالیاتی خدمات اور ریگولیٹری فریم ورک کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

آئینی ترامیم بڑی ذمہ داری سے کی جاتی ہے ہم نے اس کو بہت ہلکی سمجھ رکھی ہے، شاہد خاقان عباسی

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینئر چیئرمین سابق وزیراعظم پاکستان شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ کرسی کیساتھ جہاں طاقت آتی ہے تو وہی ذمہ داریاں بھی ہے آئینی ترامیم بڑی ذمہ داری سے کی جاتی ہے لیکن ہم نے اس کو بہت ہلکی سمجھ رکھی ہے۔ تمام مسائل کی جڑ آئین سے انحراف اور آئین توڑنا ہے۔ بلوچستان کے حالات سمجھے اور حل کیے بغیر ملکی معیشت اور ترقی ناممکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر سردار مہتاب احمد خان، ڈاکٹر ...

اسلام نے مزدوروں کے حقوق کے لیے ہمیشہ آواز اٹھائی ہے، جمعیت علما اسلام لسبیلہ

اسلامی تعلیمات میں مزدوروں کے حقوق کی اہمیت اور عدل کا پیغام دیا گیا ہے، مفتی محمد نعیم رونجھو

اوتھل (اے این این) جمعیت علما اسلام ضلع لسبیلہ کے ضلعی امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد نعیم رونجھو ضلعی سیکریٹری جنرل مولانا عبدالحمید عارف و دیگر اراکین ضلعی مجلس عاملہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہیکہ مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد کو عموما شکاگو کے مزدوروں کے احتجاج سے جوڑا جاتا ہے۔ حال آں کہ اسلام نے بہت پہلے مزدوروں کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی۔ حضرت عبداللہ ابن عمر سے روایت کہ رسول اللہ نے فرمایا: مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے پہلے اس کی مزدوری اور اجرت ادا کردیا کرو۔ اس حدیث مبارکہ میں مزدوروں کے حقِ اجرت کے حوالے سے رہنمائی دی گئی ہے کہ مزدور جب اپنا کام مکمل کر چکے تو اس کا حق اسے فوری طور پر ادا کر دیا جائے۔ اس میں ٹال مٹول کرنا اس کی حق تلفی ہے۔ حضور نے فرمایا ہے کہ مطل الغنی ظلم (مال دار کا ٹال مٹول سے کام لینا، ظلم ہے) اس طرح حضور نے مزدوروں کے حقوق کے لیے آواز بلند کی۔ آج دنیا میں معاشرتی بے چینی کی گہری جڑیں دنیا پر مسلط اقتصادی نظام میں پائی جاتی ہیں۔ جس کی بنیاد ہی مزدوروں، کاشت کاروں اور کمزور طبقات کے استحصال پر ہے۔ مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد کو عموما شکاگو کے مزدوروں کے احتجاج سے جوڑا جاتا ہے۔ حال آں کہ اسلام نے بہت پہلے مزدوروں کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی ہے۔ اسلام نے فرد کے انفرادی مفادات کے مقابلے میں ہمیشہ اجتماع اور پورے معاشرے کے حقوق کی بالادستی کو تسلیم کیا ہے۔ طاقت ور اور بالادست طبقات کے مقابلے میں اسلام ہمیشہ مزدوروں، کاشت کاروں اور عام محنت کشوں کے حقوق کی بات کرتا ہے۔ جاگیرداری، سرمایہ داری اور طبقاتی بالادستی کی جس طرح حوصلہ شکنی اسلام نے کی ہے، وہ حضور اکرم، جماعتِ صحابہ، صوفیا اور اسلاف کی زندگیوں سے نمایاں ہے۔ قرآن حکیم نے مساکین، مستضعفین، ضرورت مندوں اور محتاجوں کی کفالت پر مبنی نظام قائم کرنے کی جہاں دعوت دی ہے۔

ملازمین اپنے بنیادی حقوق کے لیے آئے روز سڑکوں پر ہیں، کبیر محمد شہی

کسی بھی ملک کا مستقبل اس کے عوام بالخصوص محنت کشوں کی فلاح و بہبود پر منحصر ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ یکم مئی کا دن محنت کشوں کے حقوق کے حصول اور استحصال کے خاتمے کی جدوجہد کی حمایت، یکجہتی اور تجدید عہد کا دن ہے اس دن کی مناسبت سے ہم مزدور تحریک اور محنت کش طبقے کی غیر متزلزل جدوجہد، قربانیوں اور استقامت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں دنیا بھر میں کارخانوں سے لے کر بازاروں، آبادیوں اور میدانوں تک محنت کش طبقہ معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جو اپنے خون و پسینے سے پیداوار، تعمیر اور ترقی کا عمل آگے بڑھاتا ہے مگر بدقسمتی سے پھر بھی وہ اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں سابق سینٹر نے یوم مزدور کے پر پیغام میں کہا کہ پاکستان میں بھی ریاستی نظام پر اشرافیہ کا غلبہ اور قبضہ ہے جس کے باعث محکوم اقوام اور محروم طبقات بدترین استحصال کا سامنا کر رہے ہیں ملکی معیشت اور نظام کا پہیہ چلانے والے کسان، مزدور اور ملازمین معاشی، سماجی اور سیاسی استحصال کا شکار ہیں غربت، مہنگائی، بیروزگاری، ناانصافی، لاقانونیت، جرائم، آمریت اور ترقیاتی مواقعوں کی قلت نے محروم طبقات کو استحصال اور پسماندگی کے نہ ختم ہونے والے چکر میں ڈال دیا ہے۔ بلوچستان میں حکمرانوں کی غفلت اور استحصالی پالیسیوں کے سبب زراعت کا شعبہ اور کسان تباہ حال ہیں، سمندر کو ٹرالر مافیا کے حوالے کر کے ماہیگیروں کو روزگار سے محروم کیا جا رہا ہے، کانکنی کا شعبہ مکمل طور پر مقامی لوگوں سے چھین کر مرکز اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کے حوالے کیا جا رہا ہے۔

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وائس چانسلر یونیورسٹی آف تربت ڈاکٹر گل حسن اور ڈاکٹر ممتاز بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی کیچ کا یومِ مزدور پر تقریب، محنت کشوں کے استحصال کی شدید مذمت

بارڈر بندش سے لاکھوں بلوچ مزدور متاثر، حکومت بے حس تماشائی بنی ہوئی ہے، مقررین

تربت (اے این این) نیشنل پارٹی ضلع کیچ کے زیر اہتمام عالمی یوم مزدور کی مناسبت سے ایک تقریب پارٹی سیکرٹریٹ تربت میں ضلعی صدر یونس جاوید کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں پارٹی کے مرکزی رہنما کہدہ اکرم دشتی، محمد جان دشتی، بی ایس او پچار کے نوید تاج، سرتاج گچکی اور دیگر نے شرکت و خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ یکم مئی محنت کش طبقے کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، جو اپنی محنت سے دنیا کو رواں رکھتے ہیں، لیکن بدقسمتی سے آج بھی مزدوروں کے حقوق سلب کیے جا رہے ہیں۔ کم اجرت، غیر محفوظ ماحول، اور سماجی تحفظ کی عدم دستیابی نے ان کی زندگی کو اجیرن بنا دیا ہے۔ رہنماں نے کہا کہ بلوچستان کے محنت کش، خصوصا بلوچ مزدور، انتہائی کسمپرسی کا شکار ہیں۔ بارڈر ٹریڈ کی بندش نے لاکھوں مزدوروں کو بے روزگار کر دیا ہے جبکہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ مقررین نے زور دیا کہ مزدوروں کے حقوق کی پاسداری کے بغیر معاشی و سماجی ترقی ممکن نہیں۔ نیشنل پارٹی محنت کشوں کی جدوجہد کو اپنا سرمایہ سمجھتی ہے اور ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیاں صرف اشرافیہ کے مفادات تک محدود ہیں، جب کہ محنت کش طبقہ ہر سطح پر استحصال کا شکار ہے۔ تقریب میں مقررین نے مزدوروں کے لیے عملی اقدامات اور پالیسیوں کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہوئے عہد کیا کہ ان کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

282 انٹریاں ہمارا حق ہیں، سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈا بند کیا جائے، آل زمباد رابطہ کمیٹی

دالبندین میں زمباد انٹریوں کے حق میں احتجاج، 282 مستحق افراد کو روزگار سے محروم نہ کیا جائے، رہنماں کا مطالبہ

دالبندین (اے این این) آل زمباد رابطہ کمیٹی کے رہنماں نور حسن نوتیزئی، شاہ فیصل نوتیزئی، محمد قمبرانی، محمد محمد حسنی، زاہد مینگل، امین ایجبانی، حاجی حبیب اللہ، عبدالظاہر نوتیزئی اور دیگر نے دالبندین پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس ... چولہے جل رہے ہیں اور 250 گاڑیاں باقاعدگی سے کام کر چکی ہیں۔ رہنماں نے کہا کہ اگر مزید 2500 انٹریاں باقی ہیں تو انہیں بھی شامل کیا جائے، مگر موجودہ 282 انٹریوں کو کسی صورت نہیں روکا جا سکتا۔ انہوں نے بعض عناصر کی جانب سے ...

نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کی ممکنہ موسمی صورتحال پر ایڈوائزری جاری

شمالی مشرقی بلوچستان اور سندھ کے چند اضلاع میں تیز ہواں ژالہ باری متوقع ہے

کوئٹہ (اے این این) محکمہ موسمیات نے 5 مئی تک ملک بھر میں بارشوں اور ژالہ باری کی پیش گوئی کے پیش نظر نیشنل ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی نے ممکنہ موسمی صورتحال پر ایڈوائزری جاری کر دی۔ این ڈی ایم اے کے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر ایڈوائزری کے مطابق خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، شمال مشرقی پنجاب، شمالی مشرقی بلوچستان اور سندھ کے چند اضلاع میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور ژالہ باری متوقع ہے۔ بالائی پنجاب میں راولپنڈی، اسلام آباد سمیت لاہور اور مضافاتی علاقوں میں بارش جبکہ جنوبی پنجاب میں ملتان اور ڈیرہ غازی خان کے علاقوں میں آندھی اور طوفان کا امکان ہے۔ بلوچستان میں قلات، کوئٹہ اور قریبی اضلاع جبکہ اندرون سندھ سکھر، میرپور خاص اور تھرپارکر میں آندھی اور طوفان کا امکان ہے۔ این ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کو یقینی بنایا جائے اور عوام سے التماس ہے کہ لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے سے دوچار علاقوں میں بارش کے دوران سفر سے گریز کریں۔ اعلامیے کے مطابق سفر کرنے سے پہلے موسم کی اپ ڈیٹس کے بارے میں آگاہ رہنے کے لیے پاک این ڈی ایم اے ڈیزاسٹر الرٹ ایپ سے راہنمائی لیں۔

کوئٹہ، سریاب روڈ پر نالوں کا گن باہر نکالنے کے بعد سڑک کنارے پڑا ہوا ہے

عالمی طاقتیں فلسطین کے ظلم اور ستم پر خاموش تماشاہی بنے ہیں' ملک سکندر ایڈوکیٹ

امریکہ، بھارت اور اسرائیل سازشی منصوبے اور دہشت گردی کے تمام ہتھکنڈے آزمائے جا رہے ہیں

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ امریکہ، بھارت اور اسرائیل سازشی منصوبے اور دہشت گردی کے تمام ہتھکنڈے آزمائے جا رہے ہیں عالم اسلام کے امن و معیشت، دفاعی اور ترقی و خوش حالی کو تباہی سے دوچار کیا انسانی استحصال اور دہشت گردی کی آگ سے راکھ کرنے پر اقوام متحدہ اور نام نہاد انسانی حقوق کی اداروں کو کوئی فکر لاحق نہیں ہوئی۔ کشمیر میں بھارت اور فلسطین میں اسرائیل کے مسلسل جارحیت سے امن و سلامتی کے لیے خطرے کے گھنٹی بج رہی ہے خطے میں مزید بدامنی سے امن کو سبوتاژ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی ادارے نے اس بدمست ہاتھی کا احتساب نہیں لیا انہوں نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل نے جارحیت اور انتہا پسندی کا جو راستہ اختیار کیا ہے وہ پورے خطے کے امن و سلامتی کیلئے خطرناک ہے بھارت منظّم سازشوں سے مقبوضہ کشمیر اور فلسطین کی صورتحال سے دنیا کی توجہ ہٹانا چاہتے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سینیٹر منظور کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

انور حسین بولانی و دیگر کی ماسٹر محمد زمان بنگلزئی کے ہمشیرہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (اے این این) صحافی انور حسین بولانی و دیگر نے ماسٹر محمد زمان بنگلزئی کے ہمشیرہ عبدالوہاب بنگلزئی، سہراب خان بنگلزئی، جمعہ خان بنگلزئی اور شیر احمد بنگلزئی کے والدہ اور محمد اشرف بنگلزئی، سلیم بنگلزئی رئیس اقبال بنگلزئی کے پپو اور ڈاکٹر شیر جان بنگلزئی، عبدالحمید شاہوانی، نائب صالح بنگلزئی، میر فیصل جتک کے خالا کی وفات پر ان سے فاتحہ خوانی کر کے اظہار تعزیت کی۔

جی ٹی اے ژوب کا حاجی فضل کرم شیرانی سے اظہار تعزیت

ژوب (آن لائن) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشین ژوب کے صدر فتح خان مندوخیل آرگنائزر عجب خان کاکڑ، اسداللہ مردانزئی، عبداللطیف اریبزئی، سفر خان اپوزئی، محمد ایوب مندوخیل، حیات خان ناصر، شیخ امیر محمد مندوخیل، امان اللہ بابر، شاہ نواز مندوخیل، عالم جان تک ء وال، رئیس احمد، خدائے نور بابر، امان اللہ کبزئی، محمد زبیر بابر، محمد ایوب کاکڑ، محمد صابر مندوخیل، آختر محمد بابر، محمد یاسین ناصر، عبدالکریم خروٹی اور شیرولی کبزئی نیا اپنے مشترکہ بیان میں ھائی سکول وڈھ شیخان کیا ستاد اور جی ٹی اے ژوب کے سرکردہ وفعال کارکن حاجی فضل کرم شیرانی کی والدہ محترمہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ھے کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے انہوں نے دعا کی کہ للہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

سکھر ریجن دفتر کے ملازمین نے مزدوروں کے حقوق کیلئے احتجاجی تحریک شروع کردی

سکھر (اسلم سومرو) سوئی سدرن گیس کمپنی (پیپلز لیبر یونین) سندھ بلوچستان کی مرکزی کال پر سکھر ریجن دفتر کے ملازمین نے مزدوروں کے حقوق کیلئے ...

سرانان میں 15 مئی کو اسرائیل مردہ باد ملین مارچ کا اعلان، فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا عہد

اسرائیل کی بربریت کے خلاف آواز بلند کرنے کا وقت آ گیا ہے، تمام افراد کو مارچ میں شرکت کی دعوت دی، مولانا محمد صادق

سرانان (اے این این) جمعیت علما اسلام کے مالیات سیکرٹری، سینئر نائب امیر و چیئرمین مولانا محمد صادق نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 15 مئی کو سرزمین بلوچستان پر ہونے والا اسرائیل مردہ باد ملین مارچ تاریخ کا سب سے عظیم الشان اجتماع ثابت ہوگا۔ یہ مارچ نہ صرف ظلم و جبر کے خلاف آواز ہے بلکہ فلسطینی عوام سے یکجہتی کا عملی مظاہرہ بھی ہے مولانا محمد صادق نے کہا کہ آج وقت کا تقاضا ہے کہ ہم بحیثیت مسلمان، امت مسلمہ کے مظلوم بھائیوں کی حمایت میں ایک آواز ہو کر اٹھیں۔ اسرائیل کی ظلم و بربریت، غزہ پر بمباری، معصوم بچوں اور عورتوں کا قتل عام، کسی بھی باشعور انسان کو خاموش رہنے کی اجازت نہیں دیتا، ہم تمام کارکنان، علما کرام، مشائخ، طلبا، اور غیور عوام سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس تاریخی ملین مارچ میں بھرپور شرکت کریں، اپنے جذبات کا اظہار کریں، اور فلسطینی عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔

شہری ایکشن کمیٹی کا اجلاس: مغوی تاجر ستیل داس کی بازیابی اور شہری مسائل پر غور

ڈیرہ مراد جمالی میں بدامنی اور بنیادی سہولتوں کی کمی: شہری ایکشن کمیٹی کا حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) ڈیرہ مراد جمالی میں شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین حاجی میر محمد رحیم لہڑی کی صدارت میں مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماں کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نصیر آباد میں بڑھتی ہوئی بدامنی، خاص طور پر ہندو تاجر ستیل داس کے اغوا کی شدید مذمت کی گئی۔ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کو تاجر برادری اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کرنے چاہئیں اور مغوی تاجر کی بازیابی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں یہ بھی کہا گیا کہ ستیل داس کے اغوا کے بعد تاجروں اور کاروباری حضرات میں خوف و ہراس بڑھ گیا ہے، اور ان کے ورثا کو شدید کرب کا سامنا ہے۔ کمیٹی نے اعلان کیا کہ وہ اس مسئلے پر خاموش نہیں بیٹھیں گے اور ہر پلیٹ فارم پر اس کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اجلاس میں دیگر اہم مسائل پر بھی گفتگو کی گئی جن میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، گیس پریشر میں بہتری، بجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ اور ڈیرہ مراد جمالی میں بائی پاس کی تکمیل شامل ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت شہر میں سنی ٹیشن اور نالیوں کی ضروریات کو پورا کرے تاکہ شہر میں کچرا اور بارش کا پانی نکالا جا سکے۔ شہری ایکشن کمیٹی نے یہ عہد کیا کہ وہ شہریوں کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد کو تیز کریں گے اور حکومت سے ان مسائل کے فوری حل کا مطالبہ کریں گے۔

محنت کشوں کی تنخواہوں میں فوری طور پر اضافہ کیا جائے، شاہ علی بگٹی

ملکی اداروں کی نجکاری کا فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے، خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام ... بلوچ، گورنمنٹ پرنٹنگ پریس ورکرز یونین کے خالد جدون، سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی ایمپلائز ...

ایرانی پیٹرول وڈیزل کی بندش، لسبیلہ میں زراعت وٹرانسپورٹ کا نظام درہم برہم

پاکستان بھارتی حملے کا منہ توڑ جواب دے کر اک ہر غلط فہمی دور کر دے گا، سینیٹر احمد خان

وزیر اعلیٰ بلوچستان تعلیم کے شعبے میں نئی اصلاحات لا رہے ہیں، صوبائی وزراء

بلوچستان میں اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل حل کریں گے اساتذہ نے بھی طلباء اور طالبات کے مستقبل کی وسیع تر مفاد کے تحت احتجاج ختم کیا، بخت محمد کاکڑ

بلوچستان بورڈ آفس میں بھی اصلاحات لائی جارہی ہیں جس کے بعد اساتذہ اپنا جاری احتجاج ختم کرکے حکومت کا ساتھ دیا، میر شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء اور گرینڈ الائنس کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حکومت قوم کے مستقبل کو سنوارنے کیلئے تعلیمی اصلاحات کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے وزیر اعلیٰ کی درخواست پر اساتذہ کرام نے امتحانات کے عمل کا بائیکاٹ ختم کیا ہے اساتذہ کے ساتھ ملکر مسائل کو ختم کرینگے اساتذہ کو چاہئے کہ صوبے کی پسماندگی کو دیکھتے ہوئے تمام اضلاع کے یونینز کو پابند کریں کہ وہ اپنے تعلیمی اداروں میں حاضری یقینی بنا کر صوبے کے بچوں کو مستقبل کیلئے اچھی تعلیم سے نوازا جائے' یہ بات صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ گرینڈ الائنس و پروفیسر اینڈ لیکچرار ایسوسی ایشن کے صدر عبدالقدوس کاکڑ کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی وزراء نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے درخواست پر ٹیچرز ایسوسی ایشن نے آپنا بائیکاٹ ختم کر دیا ہے بلوچستان میں اساتذہ کے ساتھ مل کر تعلیمی مسائل حل کریں گے اساتذہ نے بھی طلباء اور طالبات کے مستقبل کی وسیع تر مفاد کے تحت احتجاج ختم کیا جو قابل ستائش عمل ہے اس

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، بخت محمد کاکڑ گرینڈ الائنس کے رہنماء پروفیسر عبدالقدوس کاکڑ، پروفیسر آغا زاہد، حاجی اصغر بنگلزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وطن عزیز کی بقاء کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، حبیب الرحمٰن

اگر بھارت نے کسی قسم کی حرکت کی تو منہ کا جواب دیں گے

سبی (رپورٹ۔ لیاقت علی ڈومکی) وطن عزیز کی بقاء کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اگر بھارت نے کسی قسم کی حرکت کی تو منہ کا جواب دیں گے سیاسی وسماجی صدر جنرل کونسلر میونسپل کمیٹی سبی میر حبیب الرحمٰن رند نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ پاکستان کی طرف سے قربانی نہیں دیں گے۔ انہوں

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

حاجی صاحب خان بڑیچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے حلقہ پی بی 43 سے امیدوار روزی خان بڑیچ، قبائلی شخصیت حاجی حیات خان بڑیچ، تاج محمد خان بڑیچ انجینئر

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

تمام مسائل کا حل 1973 کی آئین کی مکمل بحالی میں پوشیدہ ہے، احمد خان

73 کے آئین میں بے تحاشہ ترامیم کرکے آئین کو یرغمال بنا دیا ہے، چیئرمین افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (پ ر) اے کیو ایم کے قائد صدر احمد خان نے کہا ہے کہ حکمرانوں نے 1973 کی آئین میں ذاتی سیاسی مقاصد کے حصول کیلئے بے تحاشہ ترامیم کے باوجود عدلیہ پر عبور حاصل کرنے کی ناکام کوشش ہو رہی ہے۔ آئین میں ترمیم کی ضرورت اور جمہوریت کو خطرہ اس وقت درپیش ہوتا ہے جب حکمرانوں اور انکے کاسہ لیسوں کی کرسی پر خطرے کے بادل منڈلانے لگتے ہیں انھوں نے کہا کہ مقتدر اشرافیہ کی ملک میں خاندانی و موروثی تسلسل برقرار رکھنے کی وجہ سے ہم ایک آزاد مملکت کی جھوٹی دعوے تو کر سکتے ہیں لیکن اس میں رہنے والے محکوم اقوام آج بھی غلامی کے ان بے رحم زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں جو کبھی قیام پاکستان سے پہلے ہوا کرتے تھے یہ ایک عجیب منطق ہے کہ ملک آزاد اور اسمیں رہنے

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

آئیں مل کر تعلیم کے فروغ اور ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کریں، فریدہ ترین

تعلیم اور موسمیاتی تبدیلیوں پر شعور اجاگر کرنے کے لئے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول غلام رسول ایٹ جیاء خان کھوسہ میں عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا

حکومت بلوچستان تعلیم کی بہتری کے لیے سرگرم ہے اور اسکالرشپس لے کر اعلیٰ تعلیم تک بچوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ آخر میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء وطالبات کو تعریفی اسناد اور انعامات سے نوازا گیا

صحبت پور (نامہ نگار) تعلیم اور موسمیاتی تبدیلیوں پر شعور اجاگر کرنے کے لئے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول غلام رسول ایٹ جیاء خان کھوسہ میں عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین تھے اس پروقار تقریب کے مہمانِ خاص ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین تھیں، جبکہ اعزازی مہمانوں میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر پنھل خان کھوسہ، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فی میل) زاہدہ پروین، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فی میل) رفعت کلثوم سابق پرنسپل استاد یار محمد کھوسہ و دیگر اساتذہ معززین نے شرکت کی پروگرام میں دس ہائی اسکولوں کے طلباء وطالبات کے درمیان علمی مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا، جہاں ہونہار بچوں نے اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کیا۔ اور پروگرام میں ہزاروں بچوں نے شرکت کی جی ای او کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عبدالسلام مگسی اور ان کی ٹیم کی زیر نگرانی، تعلیم کو فروغ دینے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ کرنے کے جذبے کے ساتھ یہ پروگرام منعقد کیا گیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ بدلتے موسموں کا مقابلہ کرنے کے لیے عوامی مقامات پر درخت اور پودے لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ساتھ ہی تعلیم کی بہتری کے لئے این جی اوز کی کوششوں کو بھی خوب سراہا گیا، جن کی بدولت پاکستان میں ترقی کی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

یکم مئی یوم مزدور کی مناسبت سے گرینڈ الائنس ضلع کچھی کے زیر اہتمام ریلی کا انعقاد

ریلی میں ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب لانگو نے بھی خصوصی شرکت کی

ڈھاڈر (نامہ نگار) یکم مئی یوم مزدور کی مناسبت سے ملک بھر کی طرح ضلع کچھی ڈھاڈر میں گرینڈ الا؟نس کے زیر اہتمام شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب لانگو نے خصوصی طور پر شرکت کی اسکے علاوہ دیگر تنظیموں کے عہدیداروں اور دیگر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی کے شرکاء اریگیشن

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

بیوروکریسی کے زیر نگرانی ایف ایس سی کے امتحانات لینا تعلیم دشمنی ہے، حافظ حبیب الرحمٰن

کوئٹہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے کنوینئر حافظ حبیب الرحمٰن، معاون برائے عصری تعلیم حافظ عابد اللہ حنفی اور دیگر معاونین نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان بورڈ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

مزدور کو اُس کا جائز مقام، عزت اور حق دیا جائے، معراج مندوخیل

محنت کشوں کے ساتھ حسنِ سلوک اختیار کریں، ان کے حقوق کا احترام کریں اور ان کی عزت کو اپنی عزت سمجھیں

ژوب. (نیر ندیم) یوم مزدور (1 مئی) کے موقع پر اپنے پیغام میں مزدور طبقے کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایک خوشحال اور مضبوط قوم کی بنیاد محنت کش طبقے کی شب و روز کی محنت پر رکھی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم مزدور نہ صرف ایک دن ہے بلکہ یہ ایک سوچ اور تحریک ہے، جو ہمیں اس بات کی یاددہانی کراتی ہے کہ مزدور کو اُس کا جائز مقام، عزت

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

دہشتگردی کے واقعات سے بلوچستان نوگو ایریا بن چکا ہے، جمعیت نظریاتی

محض بیانات سے امن قائم نہیں ہوسکتی بلوچستان میں کوئی حکومتی رٹ نہیں ہے اور نہ کسی کے جان و مال کا تحفظ ہے

کوئٹہ (پ ر) جماعت فعالیت مہم کے سلسلے میں جمعیت علماء اسلام نظریاتی مشرقی بائی پاس زون یونٹوں کی مشترکہ اجلاس سے مولانا قاری مہر اللہ قاری عبیداللہ حقانی مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی منہاج الدین مفتی عبدالوجد مولانا عزیز اللہ ذاکری حافظ امین اللہ و دیگر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئے روز بدامنی اور دہشت گردی واقعات سے بلوچستان نوگو ایریا بن چکے ہیں محض بیانات سے امن قائم نہیں ہوسکتی بلوچستان میں کوئی حکومتی رٹ نہیں ہے اور نہ کسی کے جان و مال کا تحفظ ہے حکومت بلند بانگ دعوؤں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ورکرز یونٹوں کی تمام شعبہ جات فعال کرے ورکرز عوامی رابطہ مہم شروع کرے غلامی موروثی اور جاگیرداری کی سیاست سے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

زمینداروں کیلئے کسان کارڈ کا اجراء خوش آئند ہے، مہر دل ابڑو

ایم پی اے عبدالمجید بادینی کی کوششوں سے جعفرآباد میں بھی کسان کارڈ کا اجرا کیا جارہا ہے

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں بلوچ جعفرآباد ایگر کل مہر دل نے صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے زمیندار بھائیوں کے کسان کسانوں کے کارڈ کے اجراء کا اعلان کیا ضلع آباد میں بھی رجسٹریشن کے عملے کا کارڈ غاز کیا جارہا فقہ فراہم کرتے ہیں جس سے تمام تر کاشتکاروں کو راستہ فراہم کیا جاتا ہے۔ کاشتکار طبقہ

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

سیتل داس عدم بازیابی کی پولیس کی بازیابی ہے، علامہ سید ظفر شمسی

ڈیرہ مراد جمالی (رپورٹ محمد یونس عمرانی) نصیر آباد: مجلس وحدت مسلمین کے صدر علامہ سید ظفر عباسی نے کہا ہے کہ نصیر آباد کے معروف تاجر سیتل داس کی

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

ماڈل ہائی سکول ژوب شہر کا تاریخی اور گراں قدر علمی ادارہ ہے، کلیم اللہ مندوخیل

بدقسمتی سے پچھلے کچھ عرصے سے سکول کے اندرونی ادارہ جاتی اختلافات کی وجہ سے طلبا کی پڑھائی شدید متاثر ہورہی ہے

ژوب (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ژوب کے ضلع سیکرٹری کلیم اللہ مندوخیل، سنئیر معاون خانان خان خروٹی و دیگر ضلع ایگزیکٹو نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ماڈل ہائی سکول ژوب شہر کا تاریخی اور گراں قدر علمی ادارہ ہے جس سے ہر سال سینکڑوں کی تعداد میں طلباء تعلیم کے زیور سے آراستہ ہورہے ہیں لیکن بدقسمتی سے پچھلے کچھ عرصے سے سکول کے

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 5 پر)

سید حسن شاہ قریشی کی خدمات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں، عوامی حلقے

اوتھل (نگار نامہ نگار) مشیر تعلیم بیلہ ایک اہم پیش رفت کے تحت سید حسن شاہ قریشی کو ڈپٹی وکیشن انتظامیہ بیلہ کو جواب دیا گیا۔ وہ 14 مئی 2025 کو

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمان کھیتران سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ کا سریاب روڈ پر قائم تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن

کاروائیوں میں 4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کر دیئے گئے

کوئٹہ (اے این این) ضلعی انتظامیہ کا سریاب روڈ پر قائم تجاوزات کے خلاف سخت کریک ڈاؤن، 4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کر دیئے گئے تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے سریاب روڈ پر تجاوزات کے خلاف بھرپور اور سخت کریک ڈاؤن شروع کر دیا جو کہ عوامی شکایات اور ٹریفک کی روانی میں شدید خلل کے باعث بن رہے تھے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب، سعد کلیم ظفر کی زیر نگرانی سریاب روڈ پر ناجائز تجاوزات کے

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 5 پر)

تعلیمی نظام کو بہتر بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کروں گا، انور لاشاری

جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں انہیں احسن طریقے سے نبھاؤں گا اختیارات اور دی جانے والی وسائل کے مطابق سکولوں میں جدید تعلیمی نظام اور سکولوں کی حالت زار کو بہتر کریں گے

سبی (رپورٹ۔ لیاقت علی ڈومکی) جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں انہیں احسن طریقے سے نبھاؤں گا اختیارات اور دی جانے والی وسائل کے مطابق سکولوں میں جدید تعلیمی نظام اور سکولوں کی حالت زار کو بہتر کریں گے محمد انور لاشاری، ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن سبی ڈویژن محمد انور لاشاری نے کہا ہے کہ تعلیمی نظام کو بہتر بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کروں گا اختیارات اور وسائل کے مطابق

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 5 پر)

چمن میں عوامی نیشنل پارٹی کا احتجاجی مارچ، ضلعی انتظامیہ و نادرا کے خلاف شدید نعرے بازی

چمن بارڈر پالیسی، لوڈشیڈنگ، بوگس بھرتیاں اور امن وامان کی خرابی کے خلاف اے این پی کا عوامی مظاہرہ

چمن (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی چمن کے زیر اہتمام چمن شہر میں باچا خان مرکز سے ایک پرامن احتجاجی مظاہرے کا انعقاد کیا گیا مظاہرہ باچا خان مرکز سے شروع ہوا ٹرنچ روڈ، مرغی بازار، تاج روڈ اور مال روڈ سے ہوتا ہوا ڈی سی آفس کے سامنے ایک احتجاجی جلسہ عام میں تبدیل ہوا اس احتجاجی جلسہ عام سے عوامی نیشنل پارٹی کے ضلعی صدر عبدالخالق کھمل مرکزی سیکرٹری طلبا سردار رشید خان ناصر، جمال الدین رشتیا، حاجی عبدالباری کاکڑ، عبدالرزاق بابو، سمیع اللہ

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، بیکٹ کے زیر اہتمام جاری ورکشاپ کے گیارہویں روز ریسورس پرسن ڈپٹی ڈائریکٹر بیکٹ محمد حسن سرپرہ اور جویریہ حق شرکاء کو بریفنگ دے رہی ہیں

خزانہ آفس کچھی کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، میر بلال احمد جتوئی

ملازمین کو بلز کی ادائیگی کے لیے رشوت پر مجبور کیا جا رہا ہے

بولان (اے این این) نوجوان سیاسی وسماجی شخصیت بولان میر بلال احمد جتوئی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ خزانہ آفس کچھی کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے ملازمین کے بلز و اریلیز میں ناجائز رشوت خوری جاری ہے ناجائز رشوت خوری ملازمین کیلئے دردسر بن گیا ہے ملازمین و دیگر سائلین کے جائز بلز پاس کرنے کیلئے سرعام رشوت کا پرسنٹ فکس کیا گیا ہے جو کہ بلوچستان میں بگھڑی صورتحال کو مزید خرابی کی جانب دھکیل نے کی مترادف ہے خزانہ آفس کچھی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

ریکوڈک میں مقامی نوجوانوں کا استحصال، غیر بلوچوں کی بھرتی ناقابل قبول ہے، نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی کا ریکوڈک انتظامیہ وکنٹریکٹرز کی پالیسیوں پر دیگر پارٹیوں کے ساتھ ملکر احتجاج کریں گے

نوکنڈی (اے این این) نیشنل پارٹی چاغی کے پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ریکوڈک پروجیکٹ میں کنٹریکٹرز کی جانب سے مقامی نوجوانوں کا استحصال جاری ہے کیپیٹل ڈرلنگ کے مائننگ ڈیپارٹمنٹ میں اکثریتی سندھ اور غیر بلوچستانیوں کی بھرتی اس بات کو واضح کرتی ہے کہ آر ڈی ایم سی اور ریکوڈک پروجیکٹ انتظامیہ غیر بلوچ کنٹریکٹرز کی

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 5 پر)

صحافی دھنی بخش مگسی کے لیے ہر فورم پر احتجاج کیا جائیگا، عبدالفتاح

ڈھاڈر (نامہ نگار) ڈھاڈر پریس کلب کے صدر عبدالفتاح بنگلہ دیش، نائب صدر محمد عارف بنگلزئی، جنرل سیکرٹری حاجی دیگرز اریی، ڈپٹی

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلع کیچ میں جانوروں کی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ویکسینیشن مہم جاری

ضلع بھر کے دیہی علاقوں میں موبائل امدادی کیمپس قائم کیے گئے ہیں' ڈاکٹر حنیف بلوچ

تربت (اے این این) محکمہ امور حیوانات ضلع کیچ کے زیر اہتمام جانوروں کی بیماریوں سے بچاؤ اور علاج کے لیے مربوط ویکسینیشن مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ڈاکٹر حنیف بلوچ کی سربراہی میں ضلع بھر کے دیہی علاقوں میں موبائل امدادی کیمپس قائم کیے گئے ہیں، جن میں ویٹرنری ماہرین اور عملہ جانوروں کی دیکھ بھال، علاج اور حفاظتی ٹیکوں کی فراہمی میں سرگرم عمل ہے اس سلسلے میں ایک اجلاس ڈاکٹر حنیف بلوچ کی صدارت میں ڈسٹرکٹ آفس کیچ میں منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جانوروں کی بیماریوں کی موجودہ صورتحال، آئندہ ماہ کا ٹور پلان، جاری آگاہی مہم اور ویکسینیشن کی حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ ویٹرنری افسران و عملے نے بھرپور شرکت کی ویکسینیشن مہم کا عملی آغاز سول ویٹرنری ہسپتال تربت کے عملے نے بلوچی بازار آبسر سے کیا، جہاں گھر گھر جا کر جانوروں کی ویکسینیشن اور علاج فراہم کیا گیا۔ مقامی مکینوں نے محکمہ لائیوسٹاک کی اس کوشش کو سراہتے ہوئے اسے جانوروں کی صحت میں بہتری اور بروقت علاج کی فراہمی کے لیے اہم قرار دیا جبکہ محکمہ لائیوسٹاک نے تحصیل دشت کے علاقوں، کچی اور کسر سمیت مختلف دیہات میں ویٹرنری موبائل کیمپس لگائے، جہاں جانوروں کے علاج اور ویکسینیشن کا سلسلہ کامیابی سے جاری ہے۔ یہ کیمپس خاص طور پر گل گھوٹو، منہ کھر، بھیگنے اور دیگر متعدی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، ایاز علی جمالی

یوم مزدور پر اریگیشن ایمپلائز یونین کی ریلی، شکاگو کے شہدا کو خراجِ عقیدت دی

گنداخہ (اے این این) اریگیشن ایمپلائز یونین کچھی کینال کے چیئرمین ایاز علی جمالی، گرینڈ الائنس نصیر آباد کے صدر عبداللہ رند، پٹ فیڈر کینال کے صدر سید ظہیر احمد شاہ و دیگر یکم مئی مزدور ڈے کے مناسبت سے اریگیشن آفس ڈیرہ مراد جمالی سے ریلی نکالی گئی اور تقریب انعقاد کی گ ءاس موقع پر سکندر علی لاشاری، اسرار احمد جمالی و اریگیشن و دیگر تنظیموں کے رہنماں کی شرکت ہوئی، اس موقع پر چیئرمین کچھی کینال ایاز علی جمالی، گرینڈ الائنس کے صدر عبداللہ رند، سید ظہیر احمد شاہ و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یکم مئی مزدور ڈے کے موقع پر ہم شکاگو کے شہدا کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں آج کا دن یکم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے مناسبت سے منایا جاتا ہے کیونکہ اس دن کو منانے اور یاد کرنے کا مقصد امریکہ کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد اور ان کی قربانیوں کو یاد کرنا ہے جبکہ انسانی تاریخ میں محنت وعظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے اور یاد رہے کہ 1986 میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز اور اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلایا گیا مگر ان جانثاروں نے قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا اسی لیے ان جانباز کی محنتوں کو یاد کرنے اور ان کے ساتھ

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

ممتاز تاجر حاجی رحمت اللہ اچکزئی کی فاتحہ خوانی ایک دن کے لیے آج کوئٹہ میں لی جائیگی

کوئٹہ (پ ر) معروف معالج ڈاکٹر عزیز خان اچکزئی کے بھائی ممتاز تاجر مرحوم حاجی رحمت اللہ اچکزئی کی فاتحہ خوانی ایک دن کے لیے آج بروز ہفتہ 3 مئی کوان کی رہائش گاہ نزد راحت نرسری گلی پرنس روڈ کوئٹہ میں لی جائیگی۔

بھاگ، دنیا بھر میں مزدوروں کے ساتھ ناانصافی کیا جارہا ہے، عمران علی

بھاگ (آن لائن) یکم مئی مزدور ڈے کے حوالے سے کیسکو آفیس بھاگ میں واپڈا ہائیڈرو یونین کے زیر اہتمام سب ڈویژن لہڑی کے چیئرمین عمران علی راہوجہ کی قیادت میں یکم مئی مزدور کے حوالے سے جلسہ منعقد ہوا جس میں وائس چیئرمین مظہر علی جاموٹ، جنرل سیکرٹری ثنااللہ چھلگری، جوائنٹ سیکرٹری سیف اللہ مغیری، محمد رفیق مغیری و دیگر سمیت بھاگ، بختیار آباد، لہڑی، گنداواہ، واپڈا ہائیڈرو یونین کے محنت کشوں نے شرکت کی جلسہ اور احتجاجی ریلی سے عمران علی راہوجہ، مظہر علی جاموٹ، ثنااللہ چھلگری، سیف اللہ مغیری، محمد

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

بیلا، چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ سے ملاقات کی

علاقائی مسائل کے حل کے لیے حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

بیلا (اے این این) چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ سید شاہجان شاہ کی وفد کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیرہ بلوچ سے ملاقات علاقائی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تفصیلات کے مطابق چیئرمین میونسپل کمیٹی بیلہ سید شاہجان شاہ نے اپنے ایم سی ممبران وائس چیئرمین مبشر عزیز کھوسہ کونسلران طارق علی بلوچ سید غلام مصطفیٰ شاہ محمد علی بلوچ کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، اقراء سکولز ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے صدر محمد شاکر خان کاکڑ ضلع قلعہ عبداللہ تحصیل گلستان کلی بزرنی کے پرائمری سکول میں طلباء اور اساتذہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

تحصیل بھاگ میں شہری و دیہاتی علاقوں میں پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا

محکمہ پی ایچ ای کی بے حسی برقرار تینوں واٹر سپلائی اسکیموں سے پانی کی سپلائی بند ٹینکر مافیا کے حوالے

بھاگ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو کے حلقے تحصیل بھاگ میں شہری و دیہاتی علاقوں میں پانی کا بحران بدستور برقرار گھر گھر پانی کی فراہمی تو کجا واٹر سپلائی ٹینکی بھی خشک سالی منظر پیش کر رہی ہیں مکین بوند بوند کو ترسنے لگے عوام پانی کی تلاش میں رات دن سرگرداں پانی کی کریں یا روزی کی عوام ذہنی مریض بن گئے محکمہ پی ایچ ای کی بے حسی برقرار تینوں واٹر سپلائی اسکیموں سے پانی کی سپلائی بند ٹینکر مافیا کے وارے نیارے عوامی حلقوں کا چیف جسٹس سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بھاگ شہر اور دیہاتی علاقوں یونین کونسل جلال خان یونین کونسل چھلگری یونین کونسل نوشہرہ یونین کونسل پہوڑ کے مختلف دیہاتوں میں ابنوشی کا بحران بدستور برقرار ہے مکین سارا دن پانی کی تلاش میں در در کی ٹھوکریں کھانے رہتے ہیں لیکن متعلقہ حکام کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی

پنجگور، پولیس کی ناکامی، انجمن تاجران نے 4 مئی کو احتجاجی ریلی اور دھرنے کا اعلان کر دیا

پنجگور (اے این این) پنجگور انجمن تاجران کے صدر فرید احمد کی صدارت میں کابینہ ممبران، تاجر یونین اور دیگر برادریوں کے ساتھ اہم میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں شہر میں بڑھتی ہوئی چوریوں اور پولیس کی خاموشی پر سخت تشویش کا اظہار کیا گیا۔ میٹنگ میں انجمن تاجران کمیٹی نے اعلان کیا کہ پولیس کو دیے گئے دو روزہ الٹی میٹم کے باوجود چوروں کی گرفتاری میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، جس پر اتوار 4 مئی کو بسم اللہ چوک سے سٹی پولیس تھانہ تک احتجاجی ریلی اور دھرنے کا اعلان کیا گیا۔

کوئٹہ، امداد چوک پر مزدور نالی پر کام کر رہے ہیں

ملک نصر بنگلہ دیش کا چوری شدہ ٹول کار برآمد

اور ڈھاکہ (نامہ نگار) سابق لائن ڈائریکٹر زکواۃ کمیٹی کچھی وقبائلی شخصیت ملک نصر اللہ بنگلہ دیش کی ٹوکری نمبر اے پی جے 125 برنگ سفید کو نامعلوم چوروں نے کوئی مقامی شادی ہال کی تقریب کے دوران 22 اپریل کو چرایا تھا کہ مزکورہ سول کارفرمنگ کرنے کے لیے جی جی بلوچستان کی روشنی میں سلیم ڈی ایچ کیو پی ایس او کی کوئی بھی پولیس لائن دیکھتی ہے۔ آئی سی سیف الدین کے دن رات محنت کرنے کی کوشش سے چوری شدہ کو گزشتہ روز کوئی خدمات فراہم کرنے کی وجہ سے ملک نصر اللہ بنگلہ دیش نے ٹوڈی کارپوریشن کو عوامی کارکردگی پر کوئی پولیس کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی پولیس عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے اس پر اعتماد نہیں کرتی۔

کیوڈی اے کی جائیداد منتقلی برانچ میں بدعنوانی کا انکشاف

جعلی دستاویزات اور مردہ افراد کے نام پر پلاٹوں کی منتقلی: عوامی اراضی کی لوٹ مار

کوئٹہ (اے این این) ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیوڈی اے) کی جائیداد منتقلی برانچ میں بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کا ایک سنگین اسکینڈل سامنے آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ادارے میں ایک منظم کرپشن نیٹ ورک کام کر رہا ہے جو عوامی اراضی کو غیر قانونی طور پر منتقل کر رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ہر پلاٹ کی منتقلی کے بدلے لاکھوں روپے رشوت لی جا رہی ہے، جس میں اعلیٰ افسران سے لے کر نچلے عملے تک مبینہ ملی بھگت شامل ہے۔ اس کرپشن نیٹ ورک میں

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 5 پر)

عوام کے خلاف درج درج کرنے کے لیے مزید معلومات جاری ہیں

اوستہ محمد (حنیف بلوچ) اوستہ محمد کی بڑی حسینی غلامی فروش کی نگرانی، اور فراڈ کے معاملے کی اہم نگرانی کی تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ایس پی سرکل اوستہ محمد گل حسن بہرانی کی ماہر نگران میں چارج 15 مددگار فورس انا کوستہ محمد اے ایس آئی صدف کرتے ہوئے بھتیار* ولد پولیس افسران کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے محمد

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

قومی ترقی اور خوشحالی میں محنت کش طبقے کا کلیدی کردار اہمیت کا حامل ہے، میر نعیم خان

شکاگو میں شہید ہونے والے مزدور بھائیوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں، صوفی خاوند بخش چنہ

گنداخہ (اے این این) جمعیت علما اسلام ضلع اوستا محمد کے امیر صوفی خاوند بخش چنہ، جنرل سیکرٹری میر نعیم خان عمرانی نے یکم مئی مزدور ڈے کے موقع پر اپنے بیان میں مزدوروں کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ معاشرے میں محنت کش طبقے کی عزت وقار اور حقوق کا تحفظ کئے بغیر ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، قومی ترقی اور خوشحالی میں محنت کش طبقے کا کردار کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ مزدور اور محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ یوم مئی مزدوروں کا عالمی دن محنت کی عظمت اور قومی ترقی میں محنت کش طبقے کی اہمیت اور کلیدی کردار کو اجاگر کرتا ہے انہوں نے کہا کہ یکم مئی مزدور طبقے سے اظہار ہمدردی کا دن ہے۔ دنیا بھر میں یکم مئی کو مزدور ڈے کے

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

بھارت ہوش کے ناخن لے اور جنگ کے خواب دیکھنا چھوڑ دے، نعیم احمد مدنی

جنگ ہو یا امن ہم پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ ہر وقت تیار ہیں' سیاسی وسماجی رہنماء کا بیان

کوئٹہ (اے این این) سیاسی وسماجی شخصیت نعیم احمد مدنی نے اپنے جاری کردہ بیان میں بھارت کو مشورہ دیا ہے کہ اپنے ملک میں ہونے والی ناانصافیوں کی طرف توجہ دے جہاں آئے روز اقلیتوں کے ساتھ ظلم و زیادتیوں کا نا ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے پاکستان اس وقت ایک ایٹمی طاقت، طاقتور فوج اور نڈر اور متحد قوم کے ساتھ کھڑا ہے جس ملک کی فوج طاقتور ہو اور اس کے ساتھ اس ملک کی عوام اس طاقتور فوج کا بازوں بن جائے تو دنیا کی کوئی بھی

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 5 پر)

پہلگام واقعے کے بعد دنیا نے پاکستان کے موقف کی تائید کی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاکستان پر لگائے گئے بھارتی بیانات کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ کے بعد پوری دنیا نے پاکستان کے موقف کی تائید کی ہے اور پاکستان کے بارے میں دیئے گئے بھارتی بیانات کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا ہے خالصتان تحریک کے رہنما گرپتونت سنگھ پنوں کا کہنا کہ بھارتی پنجاب کی سرحد پاکستانی پنجاب کے ساتھ ملتی ہے اگر بھارت پاکستان پر حملہ کرتا ہے تو یہ جنگ بھارت اور مودی کی آخری جنگ ثابت ہوگی سکھ رہنما کا پاکستان کی حمایت میں دیا گیا بیان پاکستان کے ساتھ سکھ قوم کے مظبوط تعلق کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار محمد عبدالقادر نے کہا کہ پاکستان پر حملے کی صورت میں بھارتی

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 5 پر)

کوئٹہ، عوام پاکستان پارٹی کے کنوینئر شاہد خاقان عباسی اور امان اللہ کنرانی ہائی کورٹ بار روم میں وکلاء سے خطاب کر رہے ہیں

Daily KOZAK NEWS
روزنامہ کوژک نیوز
E.mail:kozaknews@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد اسلم اچکزئی
ایڈیٹر: محمد اکرم اچکزئی

بلوچستان کی خاموش چیخ اور نظام کی بے حسی

بلوچستان، جو ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے باوجود سب سے زیادہ نظر انداز کیا جاتا ہے، آج ایک خاموش چیخ کے ساتھ اپنے حقوق مانگ رہا ہے۔ یہاں کے عوام کا المیہ یہ نہیں کہ انہیں ترقی نہیں مل رہی، بلکہ یہ ہے کہ ان کے بنیادی انسانی حقوق تک کو نظامِ حکمرانی نے نگل لیا ہے۔ کرپشن، اقربا پروری، اور بدعنوانی نے اس صوبے کو ایک ایسے دلدل میں دھکیل دیا ہے جہاں سے نکلنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ بلوچستان میں کرپشن اب کوئی راز نہیں، بلکہ ایک کھلی تجارت بن چکی ہے۔ ادارے، جو عوام کے تحفظ کے لیے بنائے گئے تھے، آج بدعنوانی کی بدترین مثال بن چکے ہیں۔ کسٹمز، ایف بی آر، لیویز. ایف سی اور دیگر ریگولیٹری اداروں میں اربوں روپے کی رشوتیں روزانہ کی بنیاد پر عام ہیں۔ ڈرائی فروٹس. اسکریپ. اولڈ سپر پارٹس. ٹائل. سمیت دیگر اشیاء کی کلئیرنس میں ہونے والی لوٹ کھسوٹ اس کا صرف ایک چھوٹا سا حصہ ہے۔ جب ایک عام آدمی روٹی کے لیے ترستا ہے، تو چند مافیا خاندان اربوں کی دولت سمیٹ رہے ہیں۔ انصاف کا نظام مفلوج ہو چکا ہے۔ جو افسر ایمانداری سے کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں، انہیں یا تو ہٹا یا دبایا جاتا ہے۔ چور اور چوکیدار ایک ہی صف میں کھڑے نظر آتے ہیں۔ اعلیٰ سطح پر سفارش اور رشوت کا چلن اتنا عام ہو چکا ہے کہ قانون صرف غریبوں کے لیے بنتا نظر آتا ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ جب چھوٹے چھوٹے واقعات پر سیاستدان شور مچاتے ہیں، تو بلوچستان جیسے صوبے میں ہونے والی کروڑوں کی لوٹ پر خاموشی کیوں چھا جاتی ہے؟ کیا یہ صوبہ پاکستان کا حصہ نہیں؟ یا پھر یہاں کے عوام کو وہ حقوق حاصل نہیں جو ملک کے دیگر حصوں میں رہنے والوں کو میسر ہیں؟

اب وقت آ گیا ہے کہ بلوچستان کے عوام کی آواز کو سنا جائے۔ انصاف کے دروازے کھولے جائیں، کرپشن کے خلاف سخت اقدامات کیے جائیں، اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جائے۔ اگر ہم نے اب بھی آنکھیں بند کیں تو یہ خاموش چیخ ایک دن زوردار احتجاج بن کر سامنے آئے گی، اور پھر کوئی طاقت اسے دبانے میں کامیاب نہیں ہوگی۔

پھر نئے بلدیاتی انتخابی نظام کا تجربہ؟

ویلیو ٹاک
میاں اشفاق انجم
mianashfaqanjum@gmail.com

بلدیاتی نظام کو جمہوریت کی نرسری قرار دیا جاتا ہے، مگر پاکستان میں دلچسپ صورتحال ہے گزشتہ نصف صدی سے باریاں لینے والی حکومتوں نے کبھی خوشی سے بلدیاتی الیکشن نہیں کروائے پاکستان میں کئی بلدیاتی نظام متعارف ہو چکے ہیں عملاً بلدیاتی انتخابات اب تک آمروں نے کروائے ہیں کبھی بی ڈی ممبر، کبھی چیئرمین، کبھی ناظم اور کبھی صرف کونسلر، کئی نظام اب تک آزمائے جا چکے ہیں، موجودہ حالات میں یہ امر دلچسپی سے خالی نہیں ہے۔ سندھ میں بلدیاتی انتخابات ہوئے تو مجبوری میں عدالت عالیہ کے حکم پر ہوئے۔ اسلام آباد میں عدلیہ کے ساتھ جمہوری پنڈتوں کی آنکھ مچولی بھی ڈھکی چھپی نہیں ہے، عدالت کا دباؤ بڑھا تو قانون سازی کر کے سب کچھ بے رنگ کر دیا گیا۔ پنجاب میں لاہور ہائیکورٹ کے واضح احکامات بار بار رپورٹ طلب کیے جانے کے بعد مریم نواز صاحبہ کی حکومت نے نئی قانون سازی کرتے ہوئے نئے بلدیاتی نظام کی منظوری دی ہے۔ واقفانِ حال کا کہنا ہے عدالت کے دوٹوک احکامات کے بعد پنجاب اسمبلی سے بلدیاتی نظام کی قانون سازی ہونے کے باوجود جائزہ لیا جا رہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات کرائے جاتے ہیں تو نتائج کیا ہوں گے؟ آٹھ فروری کے انتخابات نے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ دونوں جماعتوں کو بوکھلا کر رکھ دیا ہے۔ سندھ میں جو بلدیاتی نظام رائج کیا گیا ہے؟ جس انداز میں مرضی کے نتائج حاصل کرنے کے بعد منتخب نمائندوں کے ہاتھ پاؤں باندھے گئے ہیں وہی خوف پنجاب حکومت کو لاحق ہے، حالانکہ پیپلز پارٹی کے ذمہ داران صدر آصف علی زرداری سے پنجاب حکومت کے خلاف تحفظات کا اظہار کرنے کے بعد پنجاب میں فوری الیکشن کروانے کا مطالبہ کر چکے ہیں۔ میاں محمد نواز شریف بھی وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز (صاحبزادی) کو حالات کا جائزہ لے کر الیکشن کروانے کا عندیہ دے چکے ہیں۔ گزشتہ دس سال کے زائد عرصہ سے الیکشن نہ ہونے کی وجہ سے کوئی جماعت بھی حکمرانوں کے طرزِ عمل کو دیکھتے ہوئے اعتماد کے لئے تیار نہیں ہے۔ نئے بلدیاتی نظام کا جو خاکہ سامنے آیا ہے اس میں ابہام موجود ہے۔ الیکشن جماعتی بنیادوں پر ہوں گے یا غیر جماعتی بنیادوں پر، اسٹیبلشمنٹ کی طرف سے سیاسی مداخلت بند ہونے کے خدشے نے اور ابہام پیدا کر دیا ہے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے منظور ہونے والے نئے بلدیاتی نظام میں ضلع کونسل کو ختم کر دیا گیا ہے، ڈی سی کو با اختیار بناتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں اتھارٹی بنانے کا فیصلہ ہوا ہے اس سے پہلے چیئرمین ضلع کونسل ہوتا تھا جو با اختیار ہوتا تھا، ڈی سی وغیرہ ان کے ماتحت کام کرتے تھے اب جمہوریت کی نرسری کی آبیاری عوامی نمائندوں کے ذریعے کم اور بیوروکریسی کے ذریعے زیادہ کرنے کا سوچا جا رہا ہے۔ پبلک ٹرانسپورٹ جرمانوں کا اختیار بھی ڈی سی کی نگرانی میں بننے والی اتھارٹی کے ذمہ ہو گا۔ بلدیاتی ایکٹ 2025ء کے تحت یونین کونسل بنیادی حکومتی اکائی ہوگی، یونین کونسلوں کو اپنے اپنے علاقوں میں ثالثی کونسل کے اختیارات بھی ہوں گے، بغیر اجازت کھدائی پر دو ہزار روپے جرمانہ، ہسپتال اور سکولوں کے قریب ڈھول، میوزک یا شور کرنے پر پانچ ہزار روپے جرمانہ ہوگا، لوکل گورنمنٹ بل جو اسمبلی نے قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا ہے اس میں یونین کونسل کو اختیارات دینے کی بات ہوتی ہے، مگر عملاً ہماری سڑکوں کی تباہی ہمارے اداروں نے ہی کی ہے، کھدائی کی بات اگر کر لی جائے تو دیکھا گیا ہے نئی سڑک بنی، افتتاح ہوا ہو تھوڑے دِنوں بعد ٹیلیفون، سوئی گیس یا واسا والے آتے ہیں درمیان سے کھدائی شروع کر دیتے ہیں اہل محلّہ تو دور کی بات وہ کسی سے اجازت لینا بھی گوارہ نہیں کرتے اندھیر نگری چل رہی ہے گڑھے کھود کر پائپ ڈالتے ہیں پھر آدھے گڑھے بھر کر چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔

حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کون ہیں

حضرت مولانا حافظ محمد یوسف کی جدوجہد کے مقاصد کیا ہیں

رپورٹ۔ محمد نسیم رنزوریار

انکے علمی، تدریسی۔
سماجی قبائلی خدمات کا جامع جائزہ

قارئین کرام۔ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک نڈر مہمان نواز اسلامی تعلیمات و پشتون روایات کے شناسی جید عالمِ دین، محدث، فقیہ اور نامور اسلامی اسکالر ہیں، جو علمی و دینی حلقوں میں اپنی گہری فہم، تدریسی خدمات، اصلاحی جدوجہد و کوششوں اور قبائلی مصالحتی کردار کے لیے جانے جاتے ہیں۔ آپ الحاج علامہ عبدالغنی رحمہ اللہ کے جانشین ہیں اور جامعہ اسلامیہ علامہ عبدالغنی ٹاؤن، چمن کے مدیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ آپ کی تعلیم و تدریس کا سفر پاکستان کے مشہور دینی مدارس سے شروع ہوا ہے جیسے 1997 میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک سے تکمیل علم حاصل کی۔ آپ نہ صرف ایک بلند پایہ استاد ہیں بلکہ فقہ، حدیث، تفسیر، اور اسلامی علوم میں بھی اعلیٰ مہارت رکھتے ہیں۔ عوامی سطح پر آپ کا کردار نہایت فعال و روشن ہے۔ آپ شمالی بلوچستان میں ہر سال دو ماہ پر مشتمل مسلسل دعوتی و اصلاحی دورے کرتے ہیں، جہاں سینکڑوں عوامی اجتماعات سے خطاب فرماتے ہیں۔ اسی طرح، گزشتہ 13 سال سے مقامی رویتِ ہلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں، جو چالیس سال تک آپ کے والدمحترم کی سرپرستی میں قائم رہی۔ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف نہ صرف علمی و تدریسی میدان میں نمایاں ہیں بلکہ آپ کو جمعیت علماء اسلام پاکستان کی مجلس شوریٰ کے رکن ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ 2014 میں آپ کو باقاعدہ مجلس شوریٰ کا رکن منتخب کیا گیا، اور اس وقت سے دینی، علمی، سماجی اور سیاسی میدان میں آپ کی رہنمائی قابلِ قدر سمجھی جاتی ہے۔ آپ کی خدمات دینی تعلیمات۔ تدریسی وقبائلی امن و مصالحت، اور اصلاحِ معاشرہ کے لیے بے مثال و بینظیر ہیں، اور آپ کا علمی و فکری ورثہ نئی نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ درس و تدریس کے حوالے سے 1997 تا 2001 المرکز العلوم اسلامی علامہ عبدالغنی رح شاہی چوک چمن سے آغاز کیا وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مروجہ نصاب درجہ رابعہ تک درس وتدریس کی۔ 2001 سے تا حال (2025) تک درسی سلسلہ بلا ناغہ مسلسل جاری رہا اور فلحال دورہ موقوف العالیہ اور دارالحدیث اور تخصص فی الفقہ اسلامی الحنفی میں بالترتیب مشکوا ؟ المصابیح، ترمذی شریف، بخاری شریف، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ اور سراجی فی المیراث کا درس دے رہے ہیں۔ اسکے علاوہ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف مقامی رویت ہلال کمیٹی 13 برس سے مقامی رویت حلال کمیٹی شمالی بلوچستان کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں جو پچھلے چالیس سالوں سے الحاج علامہ عبدالغنی نوراللہ مرقدہ کے سربراہی میں قائم چلی آرہی تھی۔

دعوتی دوروں کے حوالے سے حضرت حافظ صاحب بلوچستان کے شمالی پٹی میں ہر سال مسلسل دو مہینے سینکڑوعوامی اجتماعات سے شعور اگاہی اور اسلامی تعلیمات کی بناء پر مختلف اسلامی اجتماعات میں باقاعدہ طور شرکت اور دینی و اسلامی تعلیمات پر مبنی خطاب پر ماتے ہیں۔ ان تمام مصروفیات کیساتھ ساتھ حضرت مولانا حافظ محمد یوسف ایک ممتاز عالم دین ہیں جسکے علاقے پر بڑی بڑی احسانات ہیں۔ وہ ہمیشہ قبائلی خدمات کی بناء پر شمالی پٹی بلوچستان کے طول و عرض میں جاری قبائلی قومی دشمنی و رنجشوں کو دوستیوں میں بدلنے کے لئے قبائلی رسم ورواج کیمطابق (میڑ) مرکہ بنانے کے لئے دن رات کوشاں رہتے ہیں۔ ساتھ ساتھ جانیشنی کی زمداریاں بھی عائد ہیں جو انتہائی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں اکتوبر 2011 میں اپنے عظیم والد بزرگوار علامہ عبدالغنی رحم اللہ کے علام ناک روڈ ایکسیڈنٹ میں واقعہ شہادت کے بعد علماء کرام (جس میں جمیعت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر حضرت مولانا فضل الرحمن۔ نمونہ دیوبند مولانا سلیم اللہ خان اور مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ مدنی قابل ذکر تھے) نے خاندان اور علاقے کے معتبریں کے مشاورت سے اپنے والد کی منصب پر بطور جانشین مقررر کئے تب سے اب تک بحمد اللہ اپنے شہید والد کے فرائض منجیٰ بحسن وخوبی انجام دے رہیں ہے۔

سیاست کی بے بسی

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

میں سوچ رہا ہوں پاکستانی سماج کہاں غائب ہوگیا۔ اِس وقت حالت یہ ہے جو وزیر و مشیر ہیں وہ بھی عوام کا سامنا کرنے سے کتراتے ہیں، اُن کے پاس اُن کے مطالبات و مسائل کا کوئی حل نہیں، عام سیاستدانوں کی تو بات ہی کیا ہے۔ وہ اب اپنے ڈیروں پر بھی دستیاب نہیں ہوتے۔ کوئی سرکاری افسر ان کی بات نہیں سنتا، حتیٰ کہ حکمران جماعت سے تعلق رکھنے والے سیاستدانوں کو بھی دستار کی حرمت بچانے کے لالے پڑے ہوئے ہیں۔ میں نے ایک سرکاری افسر کے پاس ایک رکن اسمبلی کو باقاعدہ لجاجت کرتے دیکھا کہ اُس کے ساتھ علاقے کا دورہ کر لیں تاکہ تھوڑی سی عزت بحال ہو جائے۔ ایک زمانہ تھا یہی ارکانِ اسمبلی افسروں کے سروں پر اس طرح تازیانے برساتے تھے کہ کبھی تحریک استحقاق کے نام پر اور کبھی وزیراعلیٰ کو شکایت کرنے کی دھمکی دے کر اپنے اُلٹے سیدھے کام کرا لیتے تھے۔ اُن کی خواہشات عوامی مفاد کے لئے نہیں ہوتی تھیں بلکہ کسی ایس ایچ او، کسی پٹواری یا خاص کارندے کو اپنے علاقے میں تعینات کرانے کے گرد گھومتی تھیں۔ بہت پہلے کی بات ہے سردار محمد چودھری پنجاب کے آئی جی ہوتے تھے۔ وزیراعلیٰ نواز شریف تھے، جو ارکانِ اسمبلی کو بڑی اہمیت دیتے تھے۔ ملتان کے ایک رکن اسمبلی حاجی محمد بوٹا ہوتے تھے۔ وہ اَن پڑھ تھے تاہم اُن میں سیاسی سمجھ بوجھ بہت تھی۔ وہ اپنے حلقے میں اِس لئے مقبول تھے کہ لوگوں کے کام کرانے کے لئے خود ہی چھوٹے بڑے افسروں کے پاس چلے جاتے تھے۔ ایک بار وہ میری موجودگی میں سردار محمد چودھری سے ملنے آئے۔ شکایت یہ کی کہ ایس ایچ او بڑا کبا (سخت) لا دتا اے۔ وہ پنجابی بولتے تھے۔ سردار صاحب نے پوچھا، اُس نے کیا گستاخی کی ہے، کہنے لگے تھانے میں کسی مسئلے کے لئے گیا ہوں تو اُس نے لوگوں کے سامنے مجھے کہا حاجی صاحب آپ پانچ دس جماعتیں پڑھ لیتے تو زیادہ کامیاب سیاستدان ہوتے۔ ''میری تے بے عزتی ہوگئ''۔ سردار صاحب مسکرائے اور حاجی بوٹا کو گلے لگا کر کہا نہیں حاجی صاحب ''آپ تو بڑے بڑے سیاستدانوں پر بھاری ہیں، فوراً ایس ایس پی کو حکم دیا، ایس ایچ او کو ہٹا دیں اور حاجی بوٹا کے مشورے سے نیا ایس ایچ او لگائیں۔ مجھے یاد ہے سردار محمد چودھری کا فون بند ہوتے ہی حاجی محمد بوٹا نے جو خاصے فربہ جسم کے مالک تھے بے ساختہ کہا ''اے ہوئی ناں گل''۔ اب ایسے ارکانِ اسمبلی کہاں موجود ہیں کسی سائل کے لئے افسروں کے پاس نہیں جاتے، البتہ اپنے کسی کام کی خاطر افسروں کی چوکھٹ گھسا دیتے ہیں۔ حاجی محمد بوٹا کو سائیکل تک چلانی نہیں آتی تھی، انہیں کوئی بھی اپنی موٹر سائیکل پر بیٹھا کر کام کرانے لے جاتا، اس کی وجہ سے پورے علاقے میں حاجی بوٹا ایک پسندیدہ کردار تھے۔ میں سوچ رہا ہوں آج کے سیاستدان عوام کے پسندیدہ کردار کیوں نہیں رہے؟ وہ منہ دکھانے کی بجائے منہ کیوں چھپاتے ہیں، لوگوں کو اپنے حلقے کے نمائندے پر اعتماد ہوتا تھا کہ وہ مشکل وقت میں اُن کا ساتھ دے گا، بعض ارکانِ اسمبلی کے حوالے سے ماضی میں یہ بھی مشہور تھا کہ وہ 1122 ہیں۔ ایک کال پر اپنے حلقے کا مسئلہ حل کرنے پہنچ جاتے ہیں اب انہیں عوام ڈھونڈتے پھرتے ہیں اور وہ نجانے کون سی سلیمانی ٹوپی پہن کر غائب ہوجاتے ہیں۔

سیاست کا اعتبار جمہوریت سے قائم ہوتا ہے جہاں مضبوط جمہوریت ہو وہاں سیاستدان بھی مضبوط ہوتے ہیں۔ ہمارے ہاں جمہوریت نے بہت عروج دیکھا ہے، مگر اس عروج کو برقرار نہیں رکھ سکی۔ پہلا زوال سیاسی جماعتوں کو آیا، جنہوں نے نظریات پر مصلحت اور مفادات کو غالب آنے دیا۔ لیڈر شپ نے گھٹنے ٹیکے تو اس کے اثرات نیچے تک آئے، عوامی حقوق کے لئے آواز بلند کرنے والے سیاستدان اپنے مفادات کے گرداب میں ایسے پھنسے کہ عوام کے ساتھ زیادتی کرنے والے معمولی افسر کے سامنے بھی زبان کھولنے سے ہچکچانے لگے۔ میں اس وقت حیران ہوتا ہوں جب کسی حلقے کے عوام ظلم و زیادتی کے خلاف سراپا احتجاج ہوتے ہیں اور اُن میں اس حلقے کا منتخب عوامی نمائندہ نہیں ہوتا۔ احتجاج میں شامل نہ ہونا اگر کسی مجبوری کی وجہ سے ہوتا ہے تو کسی اخباری بیان، کسی افسر کے دفتر جا کر آواز اٹھانے کی زحمت بھی گوارا نہیں کرتا، اب اس لاتعلقی کے بعد بھی اگر کوئی یہ توقع کرے کہ حلقے کے عوام اُس کے نام کی مالا جپتے رہیں، وہ آئے تو اُس کے سامنے کورنش بجا لائیں تو وہ احمقوں کا سردار ہی کہا جا سکتا ہے۔ آج کے عوام اب مٹی کے مادھو تو رہے نہیں، اُن کے سیاسی شعور کی حدیں ہمالیہ سے بلند ہو رہی ہیں۔ سوشل میڈیا کے اس دور میں شعور کی روکو روکنا ایک ناممکن سی بات ہے۔ ہر نمائندے، ہر جماعت کا ایک ایک عمل عوام کے سامنے آ رہا ہے۔ کون کیا کر رہا ہے، کیا تضاد اُس کا کردار اُگل رہا ہے۔ یہ ڈھکی چھپی بات نہیں رہی، گڑھی خدا بخش میں جب بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا ذوالفقار علی بھٹو کی برسی پر خطاب کر رہے تھے تو عوامی شعور اُن سے کچھ اور ہی تقاضا کر رہا تھا۔ وہ دیگر باتوں پر اظہارِ خیال کر رہے تھے، مگر پنڈال سے سندھ میں نہریں نکالنے کے خلاف نعرے بازی جاری تھی۔ وہ بلاول بھٹو زرداری سے اُس پر کوئی سخت موقف سننا چاہتے تھے، بالآخر بلاول بھٹو زرداری کو یہ کہہ کر انہیں مطمئن کرنا پڑا میں اس پر آخر میں اظہارِ خیال کروں گا، کیونکہ پہلے کر دیا تو آپ چلے جائیں گے۔ پنڈال میں موجود عوام کو یہ اُمید تھی کہ بلاول بھٹو زرداری اِس مسئلے پر حکومت چھوڑنے کا اعلان کریں، مگر انہوں نے ایسا نہیں کیا۔ اس ایک بات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اب بڑے سے بڑا لیڈر بھی اپنی کسی سیاسی جادوگری سے عوام کی سوچ کا رخ نہیں بدل سکتا۔ سیاستدان ہمارے سماج کا بلاشبہ بہت اہم طبقہ ہیں وہ عوام کی اجتماعی رائے کا ایک پیمانہ بھی ہیں۔ کیسے کیسے دبنگ سیاستدان ہماری تاریخ کا حصہ رہے ہیں، آج یہ عالم ہے کہ ریاستی ادارے سیاست پر حاوی ہوگئے ہیں اس سے مراد یہ ہے ان ریاستی اداروں میں جو لوگ نظام چلا رہے ہیں انہوں نے سیاست دانوں کو بے بس کر دیا ہے۔ ضلع میں تعینات ایک ڈپٹی کمشنر یا پولیس کا ڈی پی او اب خود کو مادر پدر آزاد سمجھتا ہے۔ ایک زمانہ تھا افسروں کو عوامی نمائندوں کا خوف رہتا کہ وہ کسی ایسے فیصلے پر جو عوامی مفاد میں نہ ہوا آواز اٹھائیں گے، دباؤ ڈالیں گے، مگر اس وقت یہ صورتحال ہے کہ ارکان اسمبلی صرف مختلف شادی بیاہ کی تقریبات میں افسروں کے ساتھ بیٹھ کے اپنی شوشا بنا لیتے ہیں، عام ارکانِ اسمبلی کی بات تو رہی ایک طرف یہاں ملتان میں جہاں گیلانی خاندان کے پاس قومی اسمبلی کی تین اور صوبائی اسمبلی کی ایک نشست موجود ہے اور بڑے گیلانی صاحب چیئرمین سینیٹ ہیں، بے بسی کی تصویر بنے ہوئے ہیں، کوئی منت ترلہ کام نہیں آرہا۔

مرحوم بھٹو اور ''نشانِ پاکستان''

جلسہ عام
مجیب الرحمٰن شامی

پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین اور ''نئے پاکستان'' کے پہلے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کی چھیالیسویں برسی نئے جوش و خروش کے ساتھ منائی گئی۔ اُن کے داماد اور صدرِ مملکت آصف علی زرداری اِس موقع پر کسی بڑے اجتماع سے خطاب نہیں کر سکے کہ وہ کرونا میں مبتلا ہونے کی وجہ سے کراچی کے ایک نجی ہسپتال میں زیرِ علاج ہیں، لیکن پیپلز پارٹی کے رہنماؤں اور کارکنوں نے اُنہیں بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا۔ چند روز پہلے یوم پاکستان کے موقع پر پاکستان کا سب سے بڑا سول ایوارڈ ''نشانِ پاکستان'' اُنہیں مرحمت کیا جا چکا تھا۔ اِس کا فرمان صدرِ پاکستان آصف علی زرداری نے جاری کیا، یہ کہا جا سکتا تھا کہ یہ ایک 'فرمانبردار' داماد کی طرف سے اپنے سسر کے حضور نذرانہ عقیدت ہے اِس لیے اس پر زیادہ غور و خوض کرنے یا اس کے اسباب و اثرات کا جائزہ لینے کی ضرورت نہیں، لیکن اِس حقیقت نے اسے معنی خیز بنا دیا کہ سول ایوارڈ عطا کرنا صدرِ پاکستان کا صوابدیدی اختیار نہیں، اِس کا اجراء وفاقی حکومت کے قائم کردہ نظم ہی کے ذریعے ممکن ہے۔ اِس وقت وفاق میں قائم مخلوط حکومت کو وزیراعظم شہباز شریف لیڈ کر رہے ہیں۔ اُن کا تعلق مسلم لیگ (ن) سے ہے جس کے رہبر سابق وزیراعظم نواز شریف ہیں، جن کی سیاست جنرل ضیاء الحق کے دور میں پروان چڑھی۔ جس طرح ذوالفقار علی بھٹو مرحوم کو پہلے صدرِ پاکستان میجر جنرل سکندر مرزا، اور بعد ازاں فیلڈ مارشل ایوب خان کا سایہ میسر آیا تھا، وہ وفاقی کابینہ کا حصہ بن کر نمایاں ہوئے تھے، اِسی طرح میاں محمد نواز شریف پنجاب کی وزارتِ علیا پر جنرل ضیاء الحق کے دور میں فائز ہوئے۔ جنرل ضیاء الحق نے دُعا کی تھی کہ اُن کی عمر بھی نواز شریف کو لگ جائے۔ یہ دُعا قبول ہوئی یا کاتبِ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہوا، جنرل ضیاء طیارے کے حادثے میں لقمہ اجل بن گئے، تو نواز شریف بھٹو مخالف سیاست کی توانا آواز بن کر اُبھرے۔ نواز شریف کی سیاست جنرل ضیاء الحق کی انگلی پکڑ کر چلی، لیکن ذوالفقار علی بھٹو کو اپنے ''ڈیڈی'' ایوب خان کی وراثت میں سے حصہ نہیں ملا، انہوں نے اپنا سیاسی قد ان کی مخالفت کر کے بڑھایا، اور مرجع خلائق بنتے چلے گئے۔ نشانِ پاکستان کا اعزاز اُنہیں (بعد از مرگ) نصیب ہوا، تو اس کی اہمیت یوں بڑھ گئی کہ پیپلز پارٹی کی حریف اول مسلم لیگ (ن) کی وفاقی حکومت نے اس کی تجویز پیش کی یا یہ کہہ لیجیے کہ اِس میں رخنہ نہیں ڈالا۔ اگر وزیراعظم شہباز شریف چاہتے تو معاملہ مختلف ہو سکتا تھا، لیکن انہوں نے ''ایجاب و قبول'' میں ہچکچاہٹ نہیں کی۔ یوں ذوالفقار علی بھٹو مرحوم اپنے ورثاء اور مخالفین دونوں کے نزدیک قابلِ قدر اور قابلِ فخر قرار پائے۔ نشانِ پاکستان کا اعزاز ان کے مرقد پر سجا دیا گیا۔ مزید اہم بات یہ ہے کہ اِس اعزاز کے خلاف پورے ملک سے ایک بھی آواز بلند نہیں ہوئی۔ بھٹو مرحوم کی شدید ترین مخالف جماعت اسلامی کے کسی رہنما نے بھی ہلکی سی صدائے اختلاف یا احتجاج بلند نہیں کی۔ جب ذوالفقار علی بھٹو کو سپریم کورٹ نے پھانسی کی سزا سنائی تھی، تو ان کے مخالف سیاسی رہنماؤں میں سے کسی ایک نے بھی اس پر احتجاج نہیں کیا تھا۔ صدرِ پاکستان سے یہ اپیل کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی تھی کہ انہیں پھانسی نہ دی جائے۔ بھٹو صاحب کو کڑے پہرے میں تختہء دار پر لٹکانے کے بعد ان کے جسدِ خاکی کو لاڑکانہ لے جا کر رات کی تاریکی میں سپرِدِ خاک کر دیا گیا۔ ان کی نمازِ جنازہ ادا کرنے کی بھی عام اجازت نہیں تھی۔ پیپلز پارٹی کے جیالوں نے ان کا سوگ منایا، چند ایک نے تو خودسوزی بھی کی، لیکن مخالف سیاسی رہنماؤں میں سے کسی نے کوئی تعزیتی بیان جاری نہیں کیا۔ بیگم نصرت بھٹو کے دِل پر الفاظ کی مرہم رکھنے کی کوشش نہیں کی۔ اُن کی رہائش گاہ پر جانے یا اُن کے مرقد پر پھول چڑھانے یا پھر فاتحہ کے لئے ہاتھ اٹھانے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ نوابزادہ نصراللہ کے بارے میں یہ ''افواہ'' پھیلی کہ انہوں نے بیگم نصرت بھٹو کے نام ایک پیغام میں اظہارِ افسوس کیا ہے، تو ان کو لینے کے دینے پڑ گئے۔ قومی اتحاد کے پُرجوش کارکن ان کا گھیراؤ کرتے نظر آئے تو نوابزادہ صاحب وضاحتیں پیش کرنے میں لگ گئے۔ وہ بھٹو جو اس ماحول اور اس انداز میں دنیا سے رخصت کئے گئے تھے، آج چھیالیس برس گذرنے کے بعد اُن کا اکرام کیا جا رہا ہے اور اُن پر حروفِ عقیدت نچھاور کئے جا رہے ہیں، تو اُن کے جملہ مخالفین زبانِ خاموشی سے اس میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں، بھٹو صاحب کو ''نوازنے'' کا حوصلہ جناب صدر کو اِس لیے ہوا کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے زیرِ قیادت سپریم کورٹ کے ایک نو رکنی بینچ نے ان کے گذشتہ دورِ صدارت میں بھیجے گئے ایک ریفرنس پر فیصلہ صادر فرماتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی کہ مرحوم پر چلائے جانے والے مقدمہء قتل میں انصاف کے تقاضے پورے نہیں کیے گئے تھے۔ یہ ریفرنس 2011ء میں دائر ہوا تھا، سپریم کورٹ کے نو رکنی بینچ نے 12 نومبر 2012ء کو اِس کی آخری بار سماعت کی، اس کے بعد فائل دفتر میں پڑی رہی، گیارہ سال زیرِ التواء رہنے کے بعد چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے دور میں اس کی مٹی جھاڑی گئی۔ 2 دسمبر 2023ء کو اِس کی دوبارہ سماعت کا آغاز ہوا، چار مارچ 2024 کو سماعت مکمل ہوئی، اور فاضل جج صاحبان اتفاقِ رائے سے اِس نتیجے پر پہنچے کہ لاہور ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ میں مقدمے اور اپیل کی سماعت کے دوران مرحوم کے ساتھ مکمل انصاف نہیں کیا جا سکا۔ صدارتی ریفرنس کے بارے میں نو فاضل ججوں کی رائے سامنے آنے کے بعد پیپلز پارٹی میں نئی جان پڑ گئی۔ نفسیاتی اور جذباتی طور پر بھٹو صاحب ایک نئے انداز میں منظر پر ابھرے۔ نتیجتاً ''نشانِ پاکستان'' اُنہیں پیش کر دیا گیا۔ بھٹو مرحوم کی سیاست اور حکومت کے حوالے سے منفی اور مثبت انداز میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ ان کی کامیابیوں، ناکامیوں اور خامیوں کی فہرست طویل ہے۔ لاہور ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے جن فیصلوں میں انہیں قتل کا مجرم قرار دیا گیا تھا، نہ اِس وقت ان کا جائزہ لینا مقصود ہے، نہ ہی سپریم کورٹ کے نو رکنی بینچ کی رائے کا تجزیہ کرنا پیش نظر ہے، اس وقت کسی بھی تفصیل میں جائے بغیر صرف یہ عرض کرنا مقصود ہے کہ اگر بھٹو صاحب اور اُن کے مخالف ایک دوسرے کے ساتھ زندہ رہنے کا ہنر سیکھ لیتے تو پاکستان آج وہاں نہ ہوتا، جہاں نظر آ رہا ہے۔ بھٹو صاحب اور ان کے جانی دشمن اپنی اپنی قبروں میں جا چھپے ہیں، لیکن پاکستانی سیاست میں محاذ آرائی اور دھینگا مشتی آج بھی جاری ہے۔ نام بدل گئے ہیں، کردار نہیں بدلے؟ امریکہ سے ڈاکٹر منظور اعجاز کے انتقال کی خبر نے دِل کو اداس کر دیا۔

کرکٹ کے شاہین، مٹی کے ڈھیر ثابت ہوئے!

یہ لاہور ہے
چودھری خادم حسین
ckhussain@hotmail.com

بھارتی کرکٹ ٹیم کو گھر کے شیر کا طعنہ دینے والے شاہین اب خود ہی نیوزی لینڈ میں ڈھیر ہو گئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم نے اپنی ہوم گراؤنڈ پر پاکستان کی ایلیٹ ٹیم (بقول عاقب جاوید) کو ایک روزہ عالمی کرکٹ میچوں کی سیریز میں کلین سویپ کر دیا اور یہ سیریز بھی 3-0 سے جیت لی، اس سے پہلے نیوزی لینڈ ٹی۔20 سیریز 4-1 سے جیت چکا ہوا ہے۔ یوں راولپنڈی کے دلیر نیوزی لینڈ میں مٹی کے ڈھیر ثابت ہوئے اور اب واپسی پر منہ چھپاتے پھریں گے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے شروع ہو کر اب تک یہ سنبھل نہیں پائے اور سنیل گواسکر کے طنز کا بُرا منانے والے انضمام الحق کو اب اپنے بھتیجے کا علاج کرانا ہوگا کہ وہ آخری میچ میں جبڑا تڑوا بیٹھا ہے۔ نیوزی لینڈ نے سینئر کھلاڑیوں کی عدم موجودگی میں ان کی کمی محسوس نہیں ہونے دی اور ثابت کیا کہ کھیل تو کھیل ہے اور بیک اپ کی موجودگی ضروری ہوتی ہے۔ کرکٹ میرا شوق ہے، اس کے لئے بڑی چوٹیں بھی کھائیں اور وقت بھی ضائع کیا، لیکن دلچسپی کم نہیں ہوسکی۔ اس لئے میری رائے عصبیت یا مخالفت برائے مخالفت پر مبنی نہیں ہوتی۔ اس لئے اب میں گزارش کروں گا کہ سب سے پہلے عاقب جاوید سمیت سب کوچ اور سلیکٹر فارغ کر دیئے جائیں جو اپنے دعوؤں کے برعکس قطعی نااہل ثابت ہوئے ہیں، خصوصاً عاقب جاوید کے بارے میں تو عرض کروں گا کہ وہ خود ہی چلو بھر پانی میں ڈوب مریں اور آخر میں اپنے معزز صحافی محسن نقوی سے گزارش ہے کہ وہ رضا کارانہ طور پر بورڈ کی ذمہ داریوں سے فراغت حاصل کر لیں کہ ان کے پاس قومی کام ہی بہت ہیں، کرکٹ کے لئے نہ تو وقت بچتا ہے اور نہ ہی ان کو اس کھیل کے بارے میں مطلوبہ علم ہے اور اسی لئے وہ ایک مخصوص لابی کا شکار بنے ہوئے ہیں۔ جب عاقب جاوید کی تجویز اور نگرانی میں ملکی گراؤنڈوں کی وکٹیں مکمل سپن کے لئے سازگار بنا کر مہمان ٹیموں کو ہرایا جا رہا تھا تو میں نے اس وقت بھی اس حکمت عملی پر سخت تنقید کی تھی اور یہی کہا تھا کہ ہمارے بیٹر اور باؤلر ایسی عادت میں مبتلا ہو گئے تو پھر وہ سنبھل نہ پائیں گے اور یہ تجویز تو درجنوں بلکہ سینکڑوں بار دہرائی جا چکی ہے کہ پاکستان کرکٹ کی بقاء کے لئے شمالی علاقہ جات میں سٹیڈیم بنا کر وکٹیں تیار کی جائیں، یوں ملک کے مختلف حصوں کے موسموں کی مناسبت سے ماحول اور وکٹیں مہیا کی جائیں جو عالمی سطح پر ہر ملک کی مناسبت سے ہوں۔ کھلاڑی مختلف حالات اور ماحول و موسم میں کھیلیں گے تو وہ ہر قسم کی وکٹوں پر کھیلنے کے لئے ذہنی طور پر تیار ہو جائیں گے، اس سلسلے میں یہ نظر آیا کہ ایسی تجاویز کا اعلان کیا جاتا رہا اور نئے سٹیڈیم کی تعمیر کے لئے ایبٹ آباد کے علاوہ گلیات اور شمالی بلندی پر سٹیڈیم بنانے کی تجاویز پیش کی جاتی رہیں، لیکن مشق ستم کراچی، لاہور اور راولپنڈی تک محدود رہی۔ یوں کھلاڑیوں کے لئے ماحول پیدا نہ کیا جا سکے۔ اس کے علاوہ کرکٹ بورڈ نے اکیڈمی تو بنا دی لیکن کھلاڑیوں کی تیاریوں کا کوئی مناسب اور مستقل سلسلہ شروع نہیں کیا گیا اور نہ ہی ملک کی اندرونی سطح پر کھیلوں کا تسلسل بنایا گیا، چنانچہ اب جو بھی کھلاڑی سامنے آئے وہ پی ایس ایل کی معرفت ملے، سکول، کالج، یونیورسٹی اور کلب کرکٹ سے کوئی کھلاڑی نہ ملا، کرکٹ بورڈ کرکٹ کی دنیا کے مطابق اے، بی، انڈر 19-22 اور 21 ٹیمیں بنا کر کھلاتا ہے لیکن کھلاڑی کسی نرسری سے نہیں پرچی سے آتے ہیں، نتیجہ یہ ہے کہ نہ تو ہمارے پاس نوجوانوں کا کوئی بیک اپ ہے اور نہ ہی ہم نے خود اس کا کوئی اہتمام کیا ہوا ہے، بلکہ ہم نے تو محکمہ جاتی ٹیموں کو بھی بحال نہیں کیا جو بورڈ کا مالی بوجھ کم کرتے اور مالی طور پر معاونت کرتے تھے کہ کھلاڑی ملازم رکھ لئے جاتے اور ان کا ذریعہ آمدنی ماہانہ تنخواہ ہوتی۔ اس کے علاوہ تمام تر دعوؤں کے باوجود ابھی تک کرکٹ تو کجا کسی اور کھیل کا انفراسٹرکچر نہیں بنایا گیا۔ کھیل میں فتح و شکست مقدر ہوتی ہے لیکن اچھی تربیت اور دلجمعی کے باعث میدان میں کوشش نظر آتی ہے مگر اب تو نوبت یہاں تک آ پہنچی ہے کہ میچ بری طرح سے ہارے جاتے ہیں، قارئین! یاد کریں جب سیریز جیتنے کے لئے سلو ٹرو وکٹیں بنائی گئیں اور تنقید ہوئی تو عاقب جاوید نے اسے اپنا حق قرار دیا تھا اور تنقید و تجاویز کو درخور اعتنا نہیں سمجھا تھا، نتیجہ نیوزی لینڈ کے پہلے ہی دورے میں نکل آیا کہ کھلاڑی نہ تو باؤنسی وکٹوں پر کچھ کر سکے اور نہ ہی آخری ون ڈے میں میسر سپورٹنگ وکٹ کا فائدہ اٹھا سکے۔ باؤلنگ سکواڈ کی تعریفوں کے پل باندھے گئے جو اس دورے میں کچھ نہ کر سکے الٹا زخمی ہوتے رہے۔ باؤنسی وکٹوں پر سکور کر پائے نہ وکٹیں سنبھال پائے اور پیپل کے پتوں کی طرح جھڑتے چلے گئے۔ بعض کھلاڑیوں نے کرکٹ کے تجزیہ نگار حضرات کی آراء یا تنقید کا بُرا منایا، میں بھی متفق ہوں کہ عصبیت کی بنیاد پر تنقید اچھی بات نہیں، لیکن عاقب جاوید کی تشریف آوری کے بعد اگر ملک کے جنوبی حصوں میں کوئی کھلاڑی ہی نہیں اور سب کے سب کھلاڑی مرکزی اور شمالی علاقوں سے ہوں گے تو پھر تنقید تو بنتی ہے

پی ٹی آئی میں کیا چل رہا ہے؟

مفروضے
حامد ولید

پی ٹی آئی کے اندر اختلافات کی خبریں عید سے پہلے ہی آنا شروع ہوگئی تھیں، عید کے بعد یہ دراڑیں نمایاں ہوگئی ہیں۔ خیبر پختونخوا کو پی ٹی آئی کا گڑھ مانا جا رہا تھا اور خیبر پختونخوا میں ہی پی ٹی آئی قیادت باہم جوتم پیزار ہوگئی ہے۔ صاف چلی، شفاف چلی کا نعرہ لگانے والی پی ٹی آئی کے اکابرین ایک دوسرے پر کرپشن کے الزامات لگاتے نظر آرہے ہیں۔ ایسے میں پی ٹی آئی کے ووٹر سپورٹر ہونقوں کی طرح ایک دوسرے کی جانب دیکھ رہے ہیں، ان کا خیال تھا کہ عید کے بعد پی ٹی آئی سڑکوں پر ہوگی اور عمران خان کی رہائی کے لئے ایک بڑی تحریک کا آغاز ہو جائے گا، مگر ان کا یہ خواب چکنا چور ہوتا نظر آ رہا ہے۔ پارٹی میں ڈسپلن نام کی کوئی شے نظر نہیں آ رہی، اندر کے اختلافات عوام میں ڈسکس ہو رہے ہیں اور کرپشن کے الزامات کی فہرست بڑھتی جا رہی ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی دیگر سیاسی جماعتوں کو ساتھ ملا کر ایک بڑی تحریک چلانے کا تاثر دینے میں ناکام رہی ہے۔ دوبارہ سے پی ٹی آئی نوے کی دہائی والی پارٹی نظر آنا شروع ہوگئی ہے جو عمران خان سے شروع ہو کر عمران خان پر ختم ہو جاتی تھی۔ پارٹی کا ووٹ بینک سکڑتا جا رہا ہے اور عمران خان کی بطور وزیراعظم دوبارہ سے ابھر آنے کی امید معدوم ہوتی جا رہی ہے۔ عمران خان نے ہر پینترا استعمال کر کے دیکھ لیا، کبھی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کی سعی کی تو کبھی ڈونلڈ ٹرمپ سے دوستی کی دھمکیاں دیں۔ دوسری جانب پارٹی کے سوشل میڈیا نے انہیں سپرمین بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور یہ تاثر دیا جاتا رہا کہ عمران خان ڈٹ کر کھڑا ہے، نواز شریف کی طرح ڈیل کر کے ملک سے باہر نہیں گیا اور جیل کے اندر بیٹھ کر لیڈر بن گیا ہے۔ مگر یہ دعوے صرف سوشل میڈیا کی حد تک محدود رہے ہیں اور سڑکوں پر اس کی عملی تصویر نظر نہیں آسکی۔ اب ستم بالائے ستم یہ کہ خود پی ٹی آئی کے اندر کرپشن کے نام پر ایک دوسرے سے لڑائیاں شروع ہوگئی ہیں۔ جن دنوں اسلام آباد ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے مخصوص بنچوں سے پارٹی کو ریلیف مل رہا تھا تب ایسا ہی لگتا تھا کہ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے جاتے ہی پی ٹی آئی کی کایا پلٹ جائے گی۔ اب تو میڈیا میں کئی ایک حواری عمران خان کی سیاسی حکمت عملی میں کیڑے نکالتے نظر آتے ہیں اور وہ جو کیڑے چھپانے میں لگے ہوئے تھے انہیں پردہ؟ سکرین سے ہٹا دیا گیا ہے۔ کہیں پر کوئی احتجاج ہوا نہ کسی طرف سے کوئی بیان سامنے آیا ہے اور وہ بیچارے گھروں میں بیٹھے اپنے زخم چاٹ رہے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس وقت 9 مئی کی تکرار میں کمی آ چکی ہے، جنرل فیض حمید پر کوئی بحث کہیں نہیں ہو رہی اور 9 مئی کی بنیاد پر عمران خان کو سزا کا تاثر بھی معدوم پڑ چکا ہے، مگر اس کی جگہ پی ٹی آئی کے اندر کی دھینگا مشتی نے لے لی ہے اور اب پارٹی کے اندر جوتیوں میں دال بٹتی نظر آ رہی ہے۔ میڈیا پر بیٹھے ہوئے ناپختہ تجزیہ کار اسٹیبلشمنٹ سے پی ٹی آئی کے مذاکرات پر یوں بات کرتے نظر آتے ہیں جیسے لوگ بھیا کے کبابوں پر کرتے ہیں۔ ان ناپختہ سوچ کے حامل تجزیہ کاروں نے اسٹیبلشمنٹ سے عمران خان کے لئے ڈیل کے تاثر کو خاک آلود کر دیا ہے اور سب کچھ مذاق بن کر رہ گیا ہے۔ پی ٹی آئی کے حامیوں کو ایک بات سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ اسٹیبلشمنٹ نے عمران خان کے حق میں اٹھنے والی جاندار آوازیں بند کر دی ہیں۔ وہ بیچارے اسی پر خوش ہیں کہ اس کے باوجود سوشل میڈیا پر بات ہو رہی ہے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ ان آوازوں کا کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ وہ آوازیں اور شکلیں اب قصہ پارینہ ہو چکی ہیں جن کے دم سے گرمئی بازار میں رونق تھی تو وہ کہتے پائے جاتے ہیں کہ لوگ تو بات کر رہے ہیں۔ انہیں کیا معلوم کہ جلد ہی عوام بھی سوشل میڈیا پر ایسی باتیں کرنا بند کر دیں گے۔ پی ٹی آئی کے حلقوں میں ایک ہی تاثر باقی رہ گیا ہے کہ جس دن عمران خان نے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے پر رضا مندی دے دی، ملکی سیاست کا رخ بدل جائے گا۔ وہ اس بات پر کان دھرنے کو تیار نہیں ہیں

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں جدید زرعی ترقی کا نیا دور

چینی ادارہ آئی سی آر اور ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ جدید طریقہ ہائے کاشت، بیج کی بہتری اور پیداوار بڑھانے پر ملکر کام کریں گے

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان اور چین نے مشترکہ "کاٹن ٹیکنالوجی کمیونٹی" کے قیام کا فیصلہ کیا ہے، جو زرعی ترقی کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ اس کمیونٹی کے ذریعے چین کی جدید زرعی ٹیکنالوجیز پاکستان منتقل کی جائیں گی

اسلام آباد (آن لائن) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں جدید زرعی ترقی کا نیا دور، پاک چین اشتراک سے کپاس کی پیداوار میں انقلاب متوقع ہے۔ اسپیشل انویسٹمنٹ فسیلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے پاکستان اور چین کے درمیان زرعی شعبے میں عملی پیشرفت کا آغاز ہو چکا ہے۔ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے تحت دونوں ممالک کے درمیان کپاس کی پیداوار بڑھانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی تعاون تیزی سے فروغ پا رہا ہے۔ چین کی زرعی سائنسی اکیڈمی کے انسٹی ٹیوٹ آف کاٹن ریسرچ (آئی سی آر) اور پاکستان کے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارے کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے ہیں، جس کے تحت کپاس کی جینیاتی اصلاح، جدید تحقیق اور پیداواری صلاحیت بڑھانے پر مشترکہ کام کیا جائے گا۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان اور چین نے مشترکہ "کاٹن ٹیکنالوجی کمیونٹی" کے قیام کا فیصلہ کیا ہے، جو زرعی ترقی کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ اس کمیونٹی کے ذریعے چین کی جدید زرعی ٹیکنالوجیز پاکستان منتقل کی جائیں گی، جس سے نہ صرف کپاس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھے گی بلکہ ملکی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ چینی ادارے آئی سی آر اور ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ جدید طریقہ ہائے کاشت، بیج کی بہتری اور پیداوار بڑھانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ دونوں ممالک کی مشترکہ تحقیق سے کپاس کی صنعت کو عالمی سطح پر فروغ حاصل ہوگا اور پاکستان کے کسانوں کو بھی براہِ راست فائدہ پہنچے گا۔ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارے کی جانب سے چین کے ساتھ سائنسی اشتراک میں گہری دلچسپی ظاہر کی گئی ہے

طالبان کی دہشتگرد گروہوں کو اسلحہ فراہمی، عالمی سلامتی خطرے میں پڑگئی

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ اور عالمی ذرائع ابلاغ کی حالیہ رپورٹس کے مطابق افغان طالبان 2021 میں امریکی انخلاء کے بعد سے دہشتگرد تنظیموں کو بڑے پیمانے پر امریکی ساختہ اسلحہ فراہم کر رہے ہیں، جو خطے اور عالمی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بنتا جا رہا ہے۔ رپورٹس کے مطابق طالبان کی زیر نگرانی افغانستان میں اسلحے کی بلیک مارکیٹ فروغ پا چکی ہے، جہاں M16، M4 رائفلز سمیت دیگر جدید امریکی ہتھیار واٹس ایپ گروپس اور دیگر غیر قانونی ذرائع سے فروخت کیے جا رہے ہیں۔ یہ ہتھیار نہ صرف القاعدہ اور فتنۃ الخوارج جیسے دہشتگرد گروپوں کے ہاتھ لگ چکے ہیں بلکہ ہمسایہ ممالک میں بھی اسمگل ہو کر دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس حوالے سے واضح کیا تھا کہ انخلاء کے دوران افغانستان میں اربوں ڈالر مالیت کا اسلحہ بغیر کسی حفاظتی انتظام کے چھوڑا گیا۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق طالبان نے نہ صرف ان ہتھیاروں کو قبضے میں لیا بلکہ بگرام ایئربیس جیسے مقامات پر ان کی تربیت بھی فراہم کر کے اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا۔ بی بی سی اور دیگر عالمی اداروں نے خبردار کیا ہے کہ افغان طالبان کی اسلحے تک رسائی اور اس کی غیر قانونی فروخت عالمی امن و امان کے لیے شدید خطرہ ہے۔

سنگین جرائم میں مطلوب 2 خطرناک اشتہاری ملزمان یو اے ای سے گرفتار

ملزمان کو بعدازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے پنجاب پولیس حکام کے حوالے کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) سنگین جرائم میں مطلوب 2 خطرناک اشتہاری ملزمان یو اے ای سے گرفتار کر لئے گئے۔ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے بڑی کارروائیاں کی ہیں جن میں 3 سال سے قتل، اقدام قتل کے مقدموں میں مطلوب 2 اشتہاری ملزمان یو اے ای سے گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ گرفتار ملزم کی شناخت علی زیب اور ولید سجاد کے نام سے ہوئی۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزمان کو یو اے ای سے گرفتار کر کے اسلام آباد ائرپورٹ منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار ملزمان پنجاب پولیس کو مطلوب تھے۔ ملزمان کے خلاف قتل، اقدام قتل کی دفعات کے تحت مقدمات درج تھے۔ گرفتار ملزمان تھانہ علی پور اور تھانہ سیٹلائٹ ٹاون، گجرانوالہ کو مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان قتل کر کے بیرون ملک فرار ہو گئے تھے۔ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزمان کی گرفتاری کے لئے ریڈ نوٹسز جاری کئے تھے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزمان کو بعدازاں ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے پنجاب پولیس حکام کے حوالے کر دیا۔ ملزمان کی حوالگی انٹرپول اسلام آباد کی انٹرپول ابوظہبی کے ساتھ قریبی رابطہ کاری کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ این سی بی انٹرپول 24/7 پوری دنیا کے ساتھ رابطے میں ہے۔ ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

لوک سبھا میں متنازع وقف ترمیمی بل کی منظوری کے بعد پورے بھارت میں شدید عوامی ردِعمل

کولکتہ، رانچی، احمد آباد، منی پور، بہار، اتر پردیش سمیت کئی ریاستوں میں عوام سڑکوں پر نکل آئی 'وقف بل واپس لو' کے نعرے

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی لوک سبھا میں متنازع وقف ترمیمی بل کی منظوری کے بعد پورے بھارت میں شدید عوامی ردِعمل سامنے آ رہا ہے۔ بل کو اقلیتوں، خصوصاً مسلمانوں کے خلاف قرار دیتے ہوئے اپوزیشن جماعتوں، سماجی تنظیموں اور مختلف برادریوں کی جانب سے احتجاج کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کولکتہ، رانچی، احمد آباد، منی پور، بہار، اتر پردیش سمیت کئی ریاستوں میں عوام سڑکوں پر نکل آئی۔ مظاہرین نے 'وقف بل واپس لو' کے نعرے لگاتے ہوئے بل کو آئینی اور مذہبی آزادی کے اصولوں کے منافی قرار دیا۔ احمد آباد میں پولیس نے پرامن مظاہرین پر لاٹھی چارج کیا اور کم از کم 50 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ کولکتہ میں بھی بڑی تعداد میں مظاہرین نے سڑکوں پر مارچ کیا، جبکہ رانچی کی ایکرا مسجد کے باہر مظاہرین نے بینرز اٹھائے، جس میں وقف بل کی مخالفت کی گئی اور اسے مسلمانوں کے حقوق پر حملہ قرار دیا گیا۔ منی پور میں سب سے بڑا احتجاج دیکھنے میں آیا، جہاں مظاہرین نے مودی حکومت کی مسلم مخالف پالیسیوں کے خلاف شدید غصے کا اظہار کیا اور بل کو مکمل طور پر مسترد کر دیا۔ بہار کے علاقے جمئی میں گوشیہ مسجد کے باہر مظاہرے ہوئے، جہاں مظاہرین نے وزیراعلیٰ نتیش کمار اور بی جے پی رہنماؤں کے خلاف نعرے بازی کی اور آئندہ انتخابات میں حکومت کا بائیکاٹ کرنے کا عندیہ دیا۔ احتجاجی لہر کے پیش نظر اتر پردیش کے کئی اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ لکھنو ؟، سنبھل، بہرائچ، مراد آباد، مظفرنگر اور سہارنپور میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کر دی گئی ہے تاکہ امن و امان برقرار رکھا جا سکے۔ دوسری جانب کئی سیاسی رہنماؤں اور سماجی کارکنوں نے بل کے خلاف بھارتی سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس میں پٹیشنز دائر کر دی ہیں۔ مبصرین کے مطابق یہ بل مودی حکومت کی اقلیت مخالف پالیسیوں کی واضح عکاسی ہے جو بھارت کے اندر مذہبی تقسیم کو مزید گہرا کر سکتی ہے۔

آئی ایم ایف مشن اور پاکستانی حکام کے درمیان مذاکرات سوموار سے شروع ہونگے' ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) آئی ایم ایف مشن اور پاکستانی حکام کے درمیان مذاکرات سوموار سے شروع ہونگے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف کا دو ماہ میں پاکستان میں گورننس میں بہتری اور کرپشن کے خاتمے کیلئے دوسرا مشن ہے۔ آئی ایم ایف مشن 30 محکموں کے ساتھ کارکردگی بہتر بنانے کیلئے مذاکرات کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف حکام وزارت خزانہ، اسٹیٹ بینک، ایف بی آر، منصوبہ بندی کمیشن اور نجکاری کمیشن سے مذاکرات کریں گے۔ آڈیٹر جنرل، نیب، ایف آئی اے، اوگرا، نیپرا اور پی ٹی اے حکام سے مذاکرات کیے جائیں گے

شہید امدادی کارکن کی بنائی گئی ویڈیو نے اسرائیلی فوج کے جھوٹ کا بھانڈا پھوڑ دیا

یہ ویڈیو قابض فوج کے اس دعوے کی واضح طور پر تردید کرتی ہے کہ اسرائیلی فورسز نے ایمبولینسوں کو نشانہ نہیں بنایا' ہلال احمر

غزہ (آن لائن) غزہ میں شہید امدادی کارکن کے موبائل فون سے بنائی گئی ویڈیو نے اسرائیلی فوج کے جھوٹ کا بھانڈا پھوڑ دیا، 23 مارچ کو اسرائیلی فوج کی ایمبولینس سمیت ایمرجنسی گاڑیوں پر فائرنگ کے نتیجے میں 15 امدادی کارکن شہید ہوگئے تھے تاہم اسرائیلی فوج نے واقعے میں ملوث ہونے سے انکار کیا تھا۔ فلسطینی ہلال احمر کا کہنا ہے کہ غزہ میں شہید ہونے والے ایک امدادی کارکن کے موبائل فون سے برآمد ہونے والی ایک ویڈیو میں 14 دیگر امدادی کارکنوں کے ساتھ ان کے آخری لمحات کو دکھایا گیا ہے، ویڈیو میں واضح طور پر ایمبولینسیں اور ایمرجنسی لائٹس نظر آ رہی ہیں جبکہ شدید فائرنگ کی آوازیں بھی سنی جا سکتی ہیں۔ اقوام متحدہ اور فلسطینی ہلال احمر (پی آر سی ایس) کا کہنا ہے کہ 23 مارچ کو اسرائیلی افواج کے حملے میں 15 امدادی کارکن شہید ہوئے تھے۔ اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس کے فوجیوں نے کسی ایمبولینس پر حملہ نہیں کیا اور اس بات پر زور دیا کہ انہوں نے 'مشکوک گاڑیوں' پر فائرنگ کی۔ لیکن ہفتے کو فلسطینی ہلال احمر کی جانب سے جاری کی گئی ویڈیو اسرائیلی فوج کے دعووں کے برعکس دکھائی دیتی ہے، جس میں ایمبولینسوں کو اپنی ہیڈ لائٹس آن اور ایمرجنسی لائٹس چمکاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ 6 منٹ 42 سیکنڈ طویل اور بظاہر چلتی گاڑی کے اندر سے بنائی گئی اس ویڈیو میں ایک سرخ ٹرک اور ایمبولینس کو مسلسل خودکار فائرنگ کے درمیان رات سفر کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ گاڑیاں سڑک کے کنارے کھڑی ایک گاڑی کے پاس رکتی ہیں، اور وردی میں ملبوس 2 افراد باہر نکلتے ہیں، اور کچھ ہی لمحوں کے بعد شدید فائرنگ شروع ہو جاتی ہے۔ ویڈیو میں طبی عملے کی 2 آوازیں سنائی دے رہی ہیں جن میں سے ایک 'گاڑی، گاڑی' کہہ رہا ہے اور دوسرا جواب دیتا ہے کہ 'ایسا لگتا ہے کہ یہ ایک حادثہ ہے'، چند سیکنڈ کے بعد فائرنگ کا ایک سلسلہ شروع ہوتا ہے اور اسکرین سیاہ ہو جاتی ہے۔ فلسطینی ہلال احمر نے کہا کہ اسے یہ ویڈیو شہید امدادی کارکنوں میں سے ایک رفعت رادوان کے فون پر ملی ہے۔ فلسطینی ہلال احمر کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 'یہ ویڈیو قابض فوج کے اس دعوے کی واضح طور پر تردید کرتی ہے کہ اسرائیلی فورسز نے ایمبولینسوں کو نشانہ نہیں بنایا اور کچھ گاڑیاں بغیر لائٹس یا ہنگامی نشانات کے مشکوک طور پر قریب آئیں'۔ فوٹیج سچ کو بے نقاب کرتی ہے اور اس جھوٹے بیانیے کو ختم کرتی ہے۔ شہدا میں فلسطینی ہلال احمر کے 8 ملازمین، غزہ کے محکمہ شہری دفاع کے 6 ارکان اور فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کے ادارے کا ایک ملازم بھی شامل ہے۔ ان کی لاشیں رفح کے قریب دفن پائی گئی تھیں جسے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسانی امور (او سی ایچ اے) نے اجتماعی قبر قرار دیا ہے۔ ویڈیو میں اس منظر کو ریکارڈ کرنے والے طبی عملے کے رکن کو کلمہ پڑھتے ہوئے سنا جا سکتا ہے۔

پاکستان کی طرف سے میانمار میں زلزلہ متاثرین کیلئے دوسری امدادی کھیپ متعلقہ حکام کے حوالے

بھارتی جنگی طیاروں کی تباہی: بھارتی فضائیہ کی ناقص کارکردگی پر سوالات اٹھنے لگے

آزاد جموں و کشمیر اسلامی نظریاتی کونسل کا اجلاس (آج) ہوگا

بچوں سے زیادتی کے الزام میں گرفتار برطانوی رکن پارلیمنٹ ڈین نورس ضمانت پر رہا

تحقیقات جاری ہے، دوسری جانب لیبر پارٹی کے ترجمان نے ڈین نورس کے کیس پر تبصرے سے انکار کر دیا۔ بی بی سی کے مطابق 65 سالہ نورس 2024 میں نارتھ ایسٹ سمرسیٹ اور ہنہم سے کنزرویٹو رکن پارلیمنٹ جیکب ریس موگ کو شکست دے کر رکن پارلیمنٹ منتخب ہوئے تھے

بقیہ 01

نئی راہیں ہموار ہو رہی ہیں۔ مقررین نے زور دیا کہ ہر اسکول میں شجرکاری کی جائے تاکہ بڑھتی ہوئی گرمی کے اثرات کو کم کیا جا سکے، بصورت دیگر مستقبل میں شدید موسمی تبدیلیوں کا سامنا کرنا گزیر ہو جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا: "آئیں! مل کر تعلیم کے فروغ اور ماحول کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کریں، کیونکہ آج کی محنت کل کی روشن صبح کی نوید ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیم کی بہتری کے لیے سرگرم ہے اور اسکالرشپس لے کر اعلیٰ تعلیم تک بچوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ آخر میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلباء و طالبات کو تعریفی اسناد اور انعامات سے نوازا گیا اور ان کے عزم کو سنہرے الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ یہ تقریب ایک امید کی کرن ثابت ہوئی، جو آنے والے کل کو روشن بنانے کی نوید سناتی ہے

بقیہ 02

موقع پر پروفیسر اینڈ لیکچرار ایسوسی ایشن کے صدر عبدالقدوس کاکڑ کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ کے جانب سے قائم کمیٹی نے ہمارے تحفظات دور کیے گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات ہوئی وزیراعلیٰ بلوچستان کا تعلیم پر خصوصی توجہ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان تعلیم کے شعبے میں نئی اصلاحات لا رہے ہیں بلوچستان بورڈ آفس میں بھی اصلاحات لائی جا رہی ہیں جس کے بعد اساتذہ اپنا جاری احتجاج ختم کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے نئی اصلاحات لانے کے لیے 6 ماہ وقت مانگا ہے امید ہے کہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔

بقیہ 03

نے کہا کہ اگر آپ نے کسی قسم کی غلطی کی تو اسکا جواب دیں گے کہ وہ پاکستان کو اپنے ملک کے کسی عزیز کو شکست دینے کے لیے یاد رکھے گا، انہوں نے کہا کہ ہماری قسم اگر بھارت نے جنگ لڑنے کی کوشش کی تو پاک فوج اور ہندوستانی فوج کو شکست دینے کے لیے تیار رہیں گے۔ کہ بھارت پاکستان کو عزیز کی غلطی نہ کرے پاکستان کا بچہ جوان خواتین اور بوڑھے اپنے وطن کی دفاع کے لیے پاک فوج کی شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 04

عبدالقدوس بڑیچ، حاجی بابو جان بڑیچ، دارو خان بڑیچ کے بڑے بھائی، حافظ محمد قاسم، محمد اکرم، نسیم خان کے والد اور پشتونخوا نیپ ہزار گنجی کے علاقائی معاون سیکریٹری عجب خان بڑیچ اور حاجی عبدالمالک بڑیچ کے ماموں حاجی صاحب خان بڑیچ گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ میں پشتونخوا نیپ کے رہنماؤں قبائلی عمائدین، علماء کرام اور عام لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے اور پارٹی کے دیگر ممبران نے حاجی صاحب خان بڑیچ کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ علاوہ ازیں پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں مرحوم حاجی صاحب خان بڑیچ کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں، مرحوم کے روح ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی خانان مسجد حاجی اکبر کاسی سٹریٹ کلی دیبہ ارباب غلام علی روڈ پر جاری ہے۔

بقیہ 05

والی قومیں غلام ہوں تو اس حالت میں کوئی کیسے آزادی کی بے معنی نعروں میں اپنا وقت ضائع کر سکتا ہے۔ اب مملکت خداداد کی ایک آئین ہی بچا ہے جس میں بائیس ترامیم کے بعد بھی ساکھ اللہ کی فضل و کرم سے تاحال برقرار ہے اسکو بھی مذید زیر تاب لانے کی کوشش ہو رہی ہے انہوں نے کہ بد قسمتی سے ملک نا پرسان میں احتساب کا عمل اور عدالتی نظام کے آثرات صرف غریب طبقات تک محدود ہو تے ہیں۔ ملک میں جمہوریت کے نام نہاد دعویداروں نے آئین کا جنازہ نکالنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑا ہیں۔ 1973 کے آئین میں این آر او جیسے ترامیم کر کے میگا کرپشن اور بڑے چور کیلئے احتساب کے دروازے ہمیشہ کیلئے بند کر دیئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں تمام مسائل کا حل 1973 کی آئین کی مکمل بحالی میں پوشیدہ ہے

بقیہ 06

آفس سے ہوتے ہو؟ ڈھاڈر پریس کلب پہنچے اور مزدور مزدور بھا؟ ی بھائی، شکاگو کے مزدوروں کو سرخ سلام کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے بعد ازاں مقامی سکول میں منعقد تقریب سے ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب لانگو، گرینڈ الائنس کے آرگنا؟ زر منیر احمد رند، ایریکیشن ایمپلا؟ ز کے صدر عطا محمد رند، پیرامیڈیکل ایسوسی ایشن ضلع کچھی کے صدر بشکل خان سومرو، ایگریکلچر ضلع کچھی کے صدر جمیل احمد سیال، جی ٹی اے بی کے نا؟ ب صدر قادر داد رند، ایپکا ضلع کچھی کے صدر حاجی یار محمد مستوئی نور جان شان رند، پروفیسر حبیب اللہ جاموٹ اور دیگر نے اپنے خطاب میں 1886 شکاگو کے مزدوروں کو سرخ سلام پیش کرتے ہو؟ کہا ہے کہ شکاگو مزدور تحریک کے بدولت آج مزدوروں کو صرف آٹھ گھنٹے کام کرنا پڑ رہا ہے آج پوری دنیا میں شکاگو کے مزدوروں کو خراج عقیدت پیش کر کے انکی جدوجہد کو سلام پیش کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ان چار لاکھ مزدوروں کی عظیم قربانیوں کے باعث لیبرا ایکٹ عمل میں لایا گیا ہے جس کے تحت مزدور 24 گھنٹوں میں صرف 8 گھنٹے محنت مزدوری کر کے بقایا اوقات میں اپنی آرام اور سوشل ایکٹوٹی میں سرف کرتے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ آج کے دن منانے کا مقصد شکاگو کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنا ہی نہیں بلکہ غور و فکر کرنے کا بھی دن ہے کہ انکی قربانیاں اور انکے ثمرات آج کے مزدور کو بھی حاصل ہیں کیا آج بھی مزدور صرف 8 گھنٹے محنت مزدوری کر کے معقول اجرت کما رہا ہے یا اسی طرح استبداد کا شکار ہیں جس طرح آج سے ڈیڑھ سو سال پہلے تھے انہوں نے کہا ہے کہ آج کے مزدور کو بھی اسی کیفیت کا سامنا ہے جس طرح 1886 سے پہلے مزور پر ظلم و جبر کا نظام را؟ ج تھا آج بھی حکمران اپنی عیاشی کے عیوض ملازمین کو قلیل تنخواہوں پر خوش کیے ہو؟ ہیں اور ایوان میں اپنی تنخواہیں بڑھا کر گیس بجلی اور دیگر مراعات حاصل کر رہے ہیں لیکن مزدور آج بھی انکی عیاشی کیل؟ بھاری بھرکم ٹیکس ادا کر کے انکی آرام کا سامان مہیا کر رہا ہے انہوں نے کہا ہے کہ آج یوم تجدید عہد کا دن ہے آج بھی ظالم سماج مزدور سے اسی طرح کی قربانی کا تقاضا کر رہی ہے جس طرح 1886 سے قبل اس وقت کے مظلوم مزدور سے مانگا گیا انہوں نے کہا ہے کہ حکومت وقت آج کے دن یہ عہد کرے کہ وہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں انصاف کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے مزدوروں کو انکی پسینہ خشک ہونے سے پہلے اجرت ادا کرے اور کم وقت میں معقول تنخواہوں پر اکتفا کر کے مزدوروں کا ان کا حق ادا کرے تاکہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت اور بہتر علاج معالج کیلئے کسی کا محتاج نا ہوں۔

بقیہ 07

آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی جانب سے ایف ایس سی کے امتحانات میں بیوروکریسی کی تعیناتی تعلیم دشمنی کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی ایک بیوروکریٹ کو بورڈ کا چیئرمین مقرر کرنا قانون اور اصولوں کے خلاف ہے، اور اب اساتذہ و پروفیسرز کے بائیکاٹ کے بعد ان کی جگہ غیر متعلقہ سرکاری ملازمین سے امتحانات لینا نہایت افسوسناک اور ناقابل قبول فیصلہ ہے۔ امتحانات ایک حساس اور ذمہ دارانہ عمل ہے جسے صرف تربیت یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ ہی بہتر انداز میں انجام دے سکتے ہیں رہنماؤں نے سوال اٹھایا کہ اگر مختلف محکموں کے ملازمین کو تعلیم کے شعبے میں لگایا جا سکتا ہے، تو کیا اساتذہ کو بھی انتظامی عہدوں جیسے اسسٹنٹ کمشنر یا ڈپٹی کمشنر بنایا جا سکتا ہے؟ ایسے فیصلے تعلیمی نظام کی تذلیل اور اساتذہ کی اہمیت کو کم کرنے کے مترادف ہیں۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اس فیصلے پر فوری نظرثانی کرے اور تعلیمی ماہرین اور اساتذہ کی مشاورت سے کوئی مثبت اور تعمیری پالیسی مرتب کرے۔ ایف ایس سی کے طلبہ کا قیمتی وقت اور مستقبل خطرے میں ہے، جس کی حفاظت حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 08

اور حق دیا جائے چیرمین زمیندار ایکشن کمیٹی و لایوا اسٹاک معراج او ان مندوخیل نے کہا کہ مزدور وہ طاقت ہیں جو قوموں کو بناتے ہیں۔ چاہے کھیت ہوں یا کارخانے، سڑکیں ہوں یا عمارتیں، ان سب کے پیچھے محنت کشوں کی عظیم قربانیاں اور محنت شامل ہوتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ آج بھی پاکستان کے کئی حصوں میں مزدور اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں، اور ہمیں اس صورتحال کو بدلنے کے لیے عملی اقدامات کرنے ہوں گے یوم مزدور کے موقع پر انہوں نے نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محنت کشوں کے ساتھ حسن سلوک اختیار کریں، ان کے حقوق کا احترام کریں اور ان کی عزت کو اپنی عزت سمجھیں

بقیہ 09

نجات کے لیے نظریاتی سیاست کے لیے جدوجہد جاری رکھیں ملک پر مسلط موروثی سیاستدان نے اس قوم کو غلام سمجھا ہے ذاتی مفادات کے لیے کارکنوں کو جھوٹے بیانیے سے استعمال کیا گیا انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کا سیاست اس ملک میں امتیاز رہا ہے کہ اقتدار اور ذاتی مفادات کا حصول کبھی ہدف نہیں رہا انسانیت کی خدمت اور دین کی اشاعت اور تبلیغ کے ساتھ ساتھ سیاسی میدان میں بھی اپنا کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت نظریاتی کی سیاست لسانی، علاقائی، قبائلی اور مذہبی عصبیتیں سے بالاتر ہے قوم کی مسائل کا حل چاہتے ہیں خطاب کرتے ہو؟ ے کہا کہ قوم کی امیدوں کا محور جمعیت علماء اسلام نظریاتی بن چکی ہے ملک کی اسلامی و نظریاتی تشخص کی حفاظت اور قومی وحدت کے لیے جمعیت علماء اسلام نظریاتی ملک میں سیاسی جدوجہد کر رہے ہیں جمعیت نظریاتی کی مقاصد ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ اور مظلوم کی حمایت اور ظالم سے بغاوت ہے انہوں نے کہا کہ اکابرین کی مشن کو سودا بازی سے بچانے اور موروثیت کی سیاست کی خاتمے کے لیے ہر کارکن میدان میں نکل جا؟ ے اکابرین کے مشن کو پایہ تکمیل تک پہنچانا فریضہ سمجھ کر میدان میں اترے

بقیہ 10

خوشحال مہر دل ابڑو نے کہا ہے کہ ہم 6 مئی بلوچستان سے رجسٹریشن کا آغاز جاری کر رہے ہیں جو کہ 20 مئی تک جاری رہے گی ہماری ٹیمیں ہر یونین کونسل جا کر جائزہ بھی آپ کے بھائیوں سے درخواست کرتی ہیں کہ ہمارے آفیس آ کر نارجسٹریشن جلد مکمل کروائیں حکومتی سپورٹ سے مستفید ہوسکیں حکومتوں کو ان کا کہنا ہے کہ یہ حکومتیں آپ کو کرائیں گی۔ تمیزی پروڈکشن بھی ایم پی اے عبدالمجید بادی کی کوششوں کا نتیجہ ہے جس سے زمیندار بھائی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ 11

اندرونی ادارہ جاتی اختلافات کی وجہ سے طلبا کی پڑھائی شدید متاثر ہو رہی ہے جس سے طلبا کی تدریسی سرگرمیوں پر اچھے اثرات مرتب نہیں ہو رہے۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ژوب سکول کے اساتذہ کرام سے درخواست کرتی ہے کہ تمام اندرونی معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے تاکہ ادارے کا علمی مقام اور طلبا کی پڑھائی مزید متاثر نہ ہو اور طلباء کا قیمتی علمی وقت ضیاع ہونے سے بچ سکے۔

بقیہ 12

غلام رسول روجھو کی ریٹائرمنٹ کے بعد اپنی نئی ذمہ داریاں سنائیں گے۔ سید حسن شاہ قریشی جو تعلیم میں کئی برسوں سے انجام دے رہے ہیں، اپنی ورانہ مہارت اور نظم و نسق میں خدمات کے لیے جانا ہے۔ ان کے مقامی تعلیمی حلقوں میں مثبت پیش رفت کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، اور عوامی حلقوں نے اس کا خیر مقدم کیا ہے؟

بقیہ 13

پانچ روز گزارنے کے لیے نہیں کہا کہ بلوچستان کی بازیابی اور بلوچستان کی بازیابی شامی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پرامن اور شریف عورت کا اس طرح لاپتہ ہونا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خاموشی قابل تعریف ہے۔ علامہ ظفر عباس شمسی نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے سی ڈی چوک پر قائم احتجاجی کیمپ کے مقابلے کے دوران سینٹل داس ورشا سے اظہار خیال کیا۔ انہوں نے حکومت بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے کہا کہ وہ فوری طور پر سینٹل داس کو بازیاب کرائیں اور مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لایا استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس میں پیش رفت نہ ہوئی تو مجلس وحدت مسلمین عوام کے ساتھ مل کر احتجاج کرے گی۔

بقیہ 14

جو ذمہ داریاں دی گئی ہیں ان پر عمل کروں گا یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز اپنے منصب کا چارج سنبھالنے کے بعد ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صحافیوں اور اساتذہ کرام سے دوران ملاقات کہیں دوران ملاقات ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی بختیار آباد لیاقت علی لغاری بھی موجود تھے انہوں نے کہا ہے کہ محکمہ نے مجھے بڑی ذمہ داری سے نوازا ہے اس ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھا کر محکمہ کا نام بلند کروں گا انہوں نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ یا فرد ترقی نہیں کر سکتا تعلیم ہی انسان کی زندگی میں سدھار لاتا ہے بہت جلد سکولوں کا دورہ کروں گا جہاں پر ہمارے اساتذہ کرام کو مسائل درپیش ہیں انکی اصلاح کرنے کے کوشش کروں گا تعلیمی نظم کو بہتر بنانے اور آنے والے بچے کو بنیادی تعلیم سے ہمکنار کرنا ہمارے فرائض میں شامل ہیں اساتذہ کرام اپنی محنت اور لگن سے سکول آنے والے ہر بچے کو بنیادی تعلیم سے آراستہ کرے کوتاہی کرنے والے اساتذہ ہم میں سے نہیں کوتاہی اور غفلت برتنے والے اساتذہ کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائیں گے انہوں نے کہا ہے کہ دوران ڈیوٹی ہر استاد اپنے مائع تعیناتی پر حاضری کو یقینی بنا کر محنت اور لگن سے بچوں کی پڑھائی پر محنت کرے انہوں نے کہا ہے کہ اساتذہ کے مسائل کو اپنا سمجھ کر حل کریں گے ہمارے دروازے ہر عام و خاص کے لیے کھلے ہیں جسے بھی جو شکایت ہو ہم سے براہ راست شکایت کرے فوری ازالہ کریں گے انہوں نے والدین کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر والد اپنے پانچ سے زائد کے عمر کے بچے کو قریبی سکول میں داخل کر کے اپنا فرض پورا کرے تاکہ آپکا بچہ پڑھ لکھ کر آپکا اور اپنے شہر کا نام روشن کر سکے۔

بقیہ 15

خلاف بڑا اور فیصلہ کن آپریشن کیا گیا۔ اس کارروائی کے دوران 4 ایرانی پمپس، 3 ہوٹلز اور 4 قصاب خانے فوری طور پر سیل کر کے متعدد افراد کو موقع پر گرفتار کیا گیا۔ جبکہ سڑک کنارے اور فٹ پاتھوں پر غیر قانونی تمام ریڑی بانوں کو سخت وارننگ جاری کی گئی ہے۔ واضح کیا گیا ہے کہ آئندہ اگر کسی نے بھی سریاب روڈ پر ریڑھی لگائی یا تھڑے پر قبضہ کیا، تو اس کو بلا تاخیر گرفتار کر کے جیل بھیجا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے واضح الفاظ میں کہا کہ تجاوزات کسی صورت برداشت نہیں کی جائیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جائے گا۔ اس کارروائی کے دوران کسی سے بھی کوئی رعایت نہیں برتی گئی اور نہ ہی آئندہ برتی جائے گی۔ عوام سے اپیل ہے کہ شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کی روانی کے لیے انتظامیہ کے ساتھ دیں اور تجاوزات سے باز رہیں، ورنہ سخت قانونی کارروائی کے لیے تیار رہیں۔

بقیہ 16

خان، چئرمین گل زمان، صوبت خان، ملک عمر غوث، گل جانو، عصمت وارخطا، ماسٹر شراف الدین اور محمد علی مدلہ نے خطاب کیا مقررین نے چمن بارڈر پر شناختی کارڈ اور تذکرہ پر مدورفت ضلعی انتظامیہ کے افغان مہاجرین کے نام پر شریف شہریوں کے گھروں پر چھاپوں، مختلف محکموں میں موجودہ غیر قانونی اور بوگس بھرتیوں، تنخواہ کٹوتیاں اور غیر ضروری ٹرانسفر، نادرا کے شہریوں کے ساتھ امتیازی سلوک، واپڈا کے نارو الوڈشیڈنگ اور چمن شہر میں امن و امان کے خراب صورتحال کے خلاف تقاریر کئے پرامن مظاہرے میں چمن کے غیور عوام اور پارٹی کے کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 17

کا عملہ دیدہ دلیری کے ساتھ حکومتی و ریاستی اداروں کو رشوت خوری میں ملوث ہونے کا تعاثر دیا جا رہا ہے ہے پورے ضلع کچھی کے ملازمین کو بلاجواز تنگ کیا ہوا ہے اور کیشیر حضرات سے بلوں کی مد میں خطیر رقم کا مطالبہ کرتے ہیں بلاجواز لیت و لعل سے کام لیکر جاز کاموں میں بھی روڑے اٹکانے کی کوشش کرتا ہے کہ اچ آر، ٹیجنسی، چینج یا ایریر پر بھی موصوف رشوت کیلئے منہ پھاڑے کھڑا رہتا ہے موصوف کے یہ سارے ہتھکنڈے کار سرکار میں مداخلت کیمتر ادف ہے انہوں نے کہا کہ ہم حکومت بلوچستان و ریاستی اداروں سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی آفس خزانہ کے عملے کی کرپشن کا نوٹس لے کر ڈھاڈر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 18

ناانصافیوں اور بلوچ دشمن پالیسیوں پر خاموش رہ کر اپنی رضامندی کا اظہار کر رہے ہیں انتہائی افسوسناک صورتحال ہے کہ گیسکو چنائی و دیگر کنٹریکٹرز کے لائے ہوئے لیبرز کو ریکوڈک میں موجود سندھی آفیسران کے ذریعہ انٹرویو ٹیسٹ میں شامل کر کے وہیں سے بھرتی کیا جا رہا ہے جبکہ مقامی لوگوں کے لئے آنلائن جیسے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کر کے انھیں ملازمتوں سے محروم کیا جا رہا ہے کیپیٹل ڈرلنگ میں ایک ایچ ای سی آفیسر بھی سندھ سے لیکر یہاں کے کوالیفائیڈ اور تجربہ کار نوجوانوں کی حق تلفی کی گئی ہے بیان میں کہا گیا کہ ریکوڈک پروجیکٹ میں غیر مقامی کنٹریکٹرز بے لگام ہو کر ڈھنکے کی چوٹ پر لیبر سے لیکر اعلی آسامیوں پر سندھ اور بلوچستان سے باہر کے لوگوں کو لا کر یہاں کھپا رہے ہیں۔

بقیہ 19

جنرل مقبول کھوسہ، فنانس غلام فاروق جتوئی، رکن اسمبلی اللہ جلبانی، عبدالحئی گوبہن، عرفان بدئی شیر محمد رند نے جاری بیان میں کہا کہ ضلع کارروائی آباد کی صحافتی صحافتی کوریج کے دوران قائداعظم نے کہا۔ مگسی ایک مذہبی جماعت اور اقتدار اعلیٰ کی طرف سے سوشل میڈیا پر بے بنیاد الزامات لگاتے ہیں، گھناؤنی مہم جوئی اور اخلاقی زبان کے استعمال کے لیے سخت الفاظ میں یہ عمل نہیں کرتے ہیں بلکہ آزادی صحافت پر حملہ نہیں کیا جاتا ہے بلکہ آزادی صحافت پر حملہ کرنے کے لیے ایک منصوبہ نہیں ہے بلکہ ہم آزادی صحافت کے لیے انکا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں اور ان کے تحفظ کے لیے آزادی صحافت کے لیے مکمل تعاون کے لیے تیار ہیں۔ ان کے مطالبات کرتے ہیں کہ اس عمل میں ملوث عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے اور دیگر نام نہاد عناصر کا ہر فورم پر مقابلہ کیا جائے اور صحافی دھنی بخش مگسی کے لیے ہر فورم پر احتجاج کیا جائے۔

بقیہ 20

اظہار یکجہتی کیلئے آج کا دن یکم مئی مناتے ہیں ہمارا حکومت پاکستان سے مطالبہ ہے کہ مزدوروں کے حقوق ان کے دہلیز پر حل کیے جائیں۔ اور مزدوروں کے حقوق پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 21

حمیرہ بلوچ سے ملاقات کی جس میں علاقائی سماجی و انتظامی مسائل پر تفصیلی گفتگو کی گئی ملاقات تعمیری ماحول میں منعقد ہوئی جس کا مقصد عوامی فلاح و بہبود کو یقینی بنانا اور شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی طے کرنا تھا۔ ملاقات کے دوران چیئرمین نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سے حال ہی میں لیویز فورس کو ضلعی پولیس میں ضم کرنے کے عمل اور دیگر ایشوز سمیت ان کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے پر گفتگو ہوئی چیئرمین نے محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) سے متعلق شہریوں کی بڑھتی ہوئی شکایات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سے درخواست کی کہ متعلقہ محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور شہریوں کو درپیش پانی اور نکاسی آب جیسے بنیادی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ تمام عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایات جاری کرنے کا بھی عندیہ دیا تاکہ ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی ادارے مل کر عوامی فلاح کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ یہ ملاقات علاقے میں بہتر عوامی خدمات کی بہتری اور ہم آہنگی کی جانب ایک مثبت قدم قرار دی جا رہی ہے۔

بقیہ 22

رفیق مغیری و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یکم مئی یوم مزدور کے حوالے سے دنیا بھر کے مزدور اور محنت کشوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں آج بھی دنیا بھر میں مزدوروں کے ساتھ ناانصافی کیا جا رہا ہے ان سے مشقت اور محنت کا کام زیادہ لیا جا رہا ہے جبکہ ان کو اجرت کم دیا جاتا ہے جو کہ ظلم و زیادتی کی انتہا ہے ہم اس دن کی مناسبت سے شکاگو کے محنت کشوں اور ان کے قربانیوں کو فراموش نہیں کرایا جا سکتا کیونکہ شکاگو کے مزدوروں نے قربانی دے کر پوری دنیا کے مزدوروں کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔

بقیہ 23

بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا کہ حکومت بلوچستان نے رواں مالی سال کے دوران ڈیجیٹل میڈیا کے لیے مختص بجٹ کو اب تک استعمال میں نہیں لایا جس کے لیپس ہونے کا خطرہ ہے۔ فورم نے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور ترجمان شاہد رند سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر ڈیجیٹل میڈیا پبلسٹی مہم کا آغاز کریں۔ اسی طرح وفاقی حکومت کی جانب سے ڈیجیٹل ایڈورٹائزمنٹ میں بلوچستان کو نظرانداز کیے جانے پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ بلوچستان کے لیے خصوصی اشتہاری کرائیٹیریا بنایا جائے، کیونکہ موجودہ قواعد بلوچستان کی کم آبادی کی وجہ سے قابل عمل نہیں۔ فورم کی عبوری کابینہ کو آئندہ اجلاس سے قبل آئین و منشور تیار کرنے اور مسائل کے حل کے لیے حکومتی سطح پر رابطے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

بقیہ 24

امراض سے بچاؤ کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں ڈاکٹر حنیف بلوچ کے مطابق یہ مہم بتدریج ضلع کے دیگر علاقوں تک توسیع پائے گی، تاکہ کیچ کے زیادہ سے زیادہ دیہی باشندے اس سہولت سے مستفید ہو سکیں اور جانوروں کی صحت کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 25

حوالے سے منایا جاتا ہے۔ اور شکاگو میں شہید ہونے والے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کیا جاتا ہے شکاگو کے مزدوروں نے ہزاروں جانوں کا نذرانہ دے کر رہتی دنیا تک یہ ثابت کر دیا کہ کوئی بھی ملک مزدوروں کے بغیر نہیں چل سکتا کیونکہ مزدور کسی بھی ملک کی معیشت اور تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مزدور ایک ایسی قوت ہے۔ جس کی بدولت زندگی کا کاروبار چلتا ہے۔ مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد محنت کش مزدوروں کی بحالی کے ٹھوس اقدامات اٹھانا ہے۔

بقیہ 26

خان قوم چانڈیہ ساکن سندھ مراد کالونی اُوستہ محمد کو مشکو جان کر روکا۔ تلاشی کے دوران آپ کے قبضے سے 50 گرام چرس اور 16 کی پڑیاں برآمد، جو کہ نوجوان نسل کو پیدا کرنے والے افراد کو نقصان پہنچانے والے نشے میں ہیں۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ایک کھیل شہر میں پہلے ہی پکڑ لیا۔ عوام کے خلاف درج درج کرنے کے لیے مزید معلومات جاری ہیں تاکہ نیٹ ورک کا مکمل سراغ جا سکے دوسری کارروائی میں فراڈ گروپ کے مطلوبہ رہنما گل حسن ولد مہر قوم جنگ ساکن جعفر کالونی اُوس کو گرفتار کر لیا گیا اور محمد کو مزید کارروائی کے لیے مقامی پولیس نے درج کر لیا اور ابھی محمد پولیس کی کارکردگی پر کامیاب عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے جہاں پولیس اُوستہ محمد ناکامی کے خلاف کارروائیوں کے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کر رہی ہے۔

بقیہ 27

پنجاب بھارتی تسلط سے آزاد ہوگا اور نیا آزاد ملک بنے گا بھارتی پنجاب پاکستان کے ساتھ ریڑھ کی ہڈی بن کر کھڑا ہے سکھ رہنما تحریک خالصتان نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ میں خالصتان ریفرنڈم کی تحریک ڈالے اور خالصتان کی حمایت کا اعلان کرے پاک بھارت جنگ کی صورت میں افواج پاکستان کی حمایت میں سکھ بھارتی پنجاب میں لنگر لگائیں گے اور پاکستان کے سپوتوں کی سیوا کریں گے سکھ پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر بھارتی فوج کا مقابلہ کریں گے مقبوضہ بھارتی پنجاب کے کینٹ ایریا میں وال چاکنگ ہونا شروع ہو گئی ہے وال چاکنگ میں کہا گیا ہے کہ سکھ پاکستان کے خلاف نہ لڑیں پاکستان نے ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ متوازن اور خوشگوار تعلقات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی ہے لیکن اگر بھارت نے پاکستان پر جنگ مسلط کی تو افواج پاکستان بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجا کر جواب دیں گے۔

بقیہ 28

جونیئر کلرک، چپراسی اور دیگر اہلکار بھی شامل ہیں جو جعلی "ڈائریکٹر" بن کر اہم فائلوں پر دستخط کروا رہے ہیں۔ اس دوران پلاٹوں کی منتقلی میں جعلی پاور آف اٹارنی کا استعمال کیا جا رہا ہے، جن کی قانونی حیثیت مشکوک ہے۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ بعض پلاٹوں کی منتقلی مردہ افراد کے نام پر بھی کی گئی ہے، جن کے انتقال کے بعد ان کے پلاٹ کسی اور کو منتقل کیے جا رہے ہیں۔ علاوہ ازیں، کیو ڈی اے میں اشتہارات کے ذریعے جائیداد کی منتقلی کا قانون بھی نظرانداز کیا جا رہا ہے۔ اکثر اشتہارات ایسے اخبارات میں شائع کیے جاتے ہیں جن کا عوامی رسائی سے کوئی تعلق نہیں، جس سے اصلی مالکان کو لاعلم رکھا جا رہا ہے۔

بقیہ 29

طاقت ان کے سامنے کوئی حیثیت نہیں رکھتی ؟م پاکستانی قوم متحد و منظم ہو کر پاک آرمی کے ساتھ ہمہ وقت تیار ہیں۔ نعیم احمد مدنی، الطاف خان جدون، راجہ عمر، محمد فاروق، محمد کامران مدنی، اشعر رسول صابری، احتشام فریدی، حامد رانا، سید یاسر ظفر، احسان علی صابر، و دیگر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جنگ ہو یا امن ہم پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ ہر وقت تیار ہیں اور کسی بھی قسم کی قربانی دینے سے گریز نہیں کریں گے پاکستان ہمارا فخر افواج پاکستان ہمارا غرور ہیں جنگ ہو یا امن ہم پاکستان اور پاک فوج کے ساتھ ہر وقت تیار ہیں۔

بقیہ 30

زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ترقی کے اہم کردار محنت کش مرد و خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، پہلی بار مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے۔ جمعرات کو صدر مملکت نے عالمی یوم مزدور پر قوم کے نام اپنے پیغام میں کہا کہ یوم مزدور محنت کشوں کی اپنے حقوق اور وقار کیلئے جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ مزدوروں کی خودمختاری، منصفانہ اجرت، محفوظ ماحول، سماجی تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ صدر مملکت نے بتایا کہ مزدوروں اور محنت کش طبقہ ہماری معیشت اور قومی ترقی کا محرک ہے اور مزدور ہمارے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ مزدور صنعتوں، زراعت اور معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور ہمارے کارکن ہمارا فخر ہیں۔ ہماری قومی ترقی محنت کشوں کی محنت اور کردار کی مرہون منت ہے۔ عالمی حالات کے تناظر میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیزی سے بدلتی دنیا میں کارکنوں کے روشن مستقبل کیلئے انہیں ہنرمند بنانا ہوگا۔ عالمی یوم مزدور اور مستقبل کی پیش بندی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے صدر مملکت نے بتایا کہ ہمیں اپنے کارکنوں اور نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کی ضرورت ہے اور مزدوروں کی ہنرمندی کیلئے ایک جامع نظام بنانے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ایک منصفانہ لیبر ماحول اور مزدوروں کی فلاح و بہبود پر کام کرنا ہوگا۔ مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پہلی بار پاکستان میں مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مزدوروں کے تحفظ کو مضبوط بنانے کے لیے اہم قانون سازی اور انتظامی اصلاحات کی ہیں، پہلی بار پاکستان میں مزدور قومی پیشہ ورانہ حفاظت اور صحت کی پروفائل سے مستفید ہو رہا ہے، ملک میں روزگار کے حصول کے ماحول کو محفوظ اور صحت مند جگہوں میں تبدیل کرنے کو یقینی بنا رہا ہے۔ ادھر گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بھی کہا کہ ہماری زندگی آسان بنانے والے ہاتھوں کو سلام ہے، ہر مزدور قابل فخر ہے۔ دوسری جانب چیئرمین این آئی آر سی شوکت عزیز صدیقی نے کہا کہ محنت کش کے حقوق کے تحفظ کیلئے پُرعزم ہیں، محنت کش طبقے کا قومی ترقی میں اہم کردار ہے، این آئی آر سی کا بنیادی مقصد ملک میں صنعت کا پہیہ رواں رکھنا ہے، صنعت چلتی رہے گی تو مزدور کا چولہا جلتا رہے گا۔

بقیہ 31

پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی سینیٹر شیری رحمن کا کہنا ہے کہ مودی سرکار پہلگام واقعے کو سندھ طاس معاہدے سے نکلنے کیلئے بہانے کے طور پر استعمال کرنا چاہتی ہے۔ پانی کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا بیانیہ مودی کے میڈیا تھیٹر کا حصہ ہے۔ پہلگام واقعہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی پیشکش سے متعلق بھارت کی خاموشی پر شیری رحمن نے اہم بیان میں کہا کہ بھارت نے پہلگام حملے میں پاکستان کے کردار کے ثبوت اب تک عالمی میڈیا کو فراہم نہیں کیے

نماز کا روحانی جمال
خشوع وخضوع کی اہمیت!

مولانا حافظ فضل الرحیم اشرفی

"حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، پانچ نمازیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے فرض کیا ہے، پس جس شخص نے ان نمازوں کے لیے اچھی طرح وضو کیا، ان کے وقت پر ان کو پڑھا اور رکوع کو خوبی کے ساتھ ادا کیا اور خشوع سے نماز ادا کی، اس کے لیے خدا کا وعدہ ہے کہ اسے بخش دے گا اور جو ایسا نہ کرے اس کے لیے خدا کا کوئی وعدہ نہیں، چاہے اسے بخشے اور چاہے عذاب دے۔" (رواہ ابوداؤد، مشکوٰۃ، کتاب الصلوٰۃ، فصل ثانی، حدیث اول)

خشوع کی حقیقت: حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی بوادر النوادر ص 808 میں فرماتے ہیں "خشوع لغت میں مطلق سکون کو کہتے ہیں" قرآن وسنت میں جہاں خشوع کی ترغیب دی گئی ہے اس سے مراد قلبی سکون وانکساری ہے جو اللہ تعالیٰ کی عظمت اور اس کے سامنے اپنی حقارت کے علم سے پیدا ہوتی ہے، اس کے نتیجہ میں اطاعت وعبادت آسان ہوجاتی ہے۔ کبھی خشوع کے آثار بدن پر بھی ظاہر ہونے لگتے ہیں کہ وہ باادب متواضع نظر آتا ہے۔ اگر دل میں خوف خدا اور تواضع نہ ہو تو وہ ظاہر میں چاہے کتنا ہی باادب اور متواضع نظر آئے لیکن وہ خشوع کا حامل نہیں ہوتا۔ خشوع کے اثرات کو جان بوجھ کر ظاہر کرنا بھی پسندیدہ نہیں، حضرت عمرؓ نے ایک نوجوان کو دیکھا کہ سر جھکائے بیٹھا ہے، فرمایا، سر اٹھا، خشوع دل میں ہوتا ہے۔ حضرت ابراہیم نخعی کا ارشاد ہے "موٹا پہننے، موٹا کھانے اور سر جھکانے کا نام خشوع نہیں، خشوع تو یہ ہے کہ تم پر جو کام فرض کیا گیا ہے اسے ادا کرتے میں اللہ کے لیے قلب کو فارغ کرلو۔"

حضرت حسنؓ کا ارشاد ہے کہ "حضرت عمرؓ جب بات کرتے تو سنا کر کرتے (اونچی آواز سے) جب چلتے تو تیز چلتے اور جب مارتے تو زور سے مارتے تھے حالانکہ وہ بلاشبہ خشوع رکھنے والے تھے" قرطبی میں لکھا ہے کہ اپنے ارادہ اور اختیار سے خاشعین کی صورت بنانا شیطان اور نفس کا دھوکہ ہے اور مذموم ہے ہاں اگر بے اختیار یہ کیفیت ظاہر ہوجائے تو معذور ہے۔"

خشوع اور خضوع میں فرق: خشوع کے ساتھ ایک دوسرا لفظ "خضوع" بھی استعمال ہوتا ہے قرآن کریم میں بھی بار بار آیا ہے ان دونوں کا معنی ملتا جلتا ہے لیکن خشوع کا لفظ اصل کے اعتبار سے آواز اور نگاہ کی پستی کے لیے بولا جاتا ہے جب کہ وہ مصنوعی نہ ہو بلکہ قلبی خوف اور تواضع کا نتیجہ ہو قرآن حکیم میں ارشاد باری ہے: ترجمہ "آوازیں پست ہوگئیں" اور خضوع کا لفظ بدن کی تواضع اور انکساری کے لیے استعمال ہوتا ہے قرآن حکیم میں ہے۔ ترجمہ: "پس ان کی گردنیں اس کے سامنے جھک گئیں۔"

نماز میں خشوع وخضوع کی فقہی حیثیت: نماز میں خشوع کی تاکید قرآن وسنت میں بار بار آئی ہے ارشاد باری ہے وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ "اور نماز قائم کر مجھے یاد کرنے کے لیے" ظاہر ہے کہ "غفلت" یاد کرنے کی ضد ہے۔ جو نماز میں اللہ تعالیٰ سے غافل ہے وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کا فریضہ انجام نہیں دے رہا۔ ایک اور آیت میں ارشاد فرمایا "وَلَا تَکُنْ مِّنَ الْغٰفِلِیْنَ" "اور تو غافلوں میں سے نہ ہو۔" ارشاد نبوی ہے: "جس کی نماز اسے بے حیائی اور برائیوں سے نہ روک سکے وہ اللہ سے دوری ہوتا جاتا ہے۔"

احیاء العلوم میں امام غزالیؒ نے مذکورہ آیات، روایات اور دوسرے دلائل پیش کرنے کے بعد فرمایا کہ ان کا تقاضا ہے کہ خشوع نماز کے لیے شرط ہو اور نماز کی صحت اس پر موقوف ہوتی، پھر فرمایا کہ سفیان ثوریؒ، حسن بصریؒ اور معاذ بن جبلؓ کا مذہب یہی تھا کہ خشوع کے بغیر نماز ادا نہیں ہوتی۔ لیکن ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء نے خشوع کو شرط صلوٰۃ قرار نہیں دیا بلکہ اسے نماز کی روح قرار دینے کے باوجود صرف اتنا شرط ٹھہرایا کہ تکبیر تحریمہ کے وقت قلب کو حاضر کرکے اللہ کے لیے نماز کی نیت کرے، باقی نماز میں اگر خشوع حاصل نہ ہو تو اگرچہ اتنی نماز کا ثواب اسے نہیں ملے گا جتنے حصہ میں خشوع نہیں رہا لیکن فقہ کی رو سے وہ تارک صلوٰۃ (نماز چھوڑنے والا) نہیں کہلائے گا اور نہ اس پر تعزیر وغیرہ کے وہ احکام مرتب ہوں گے جو تارک صلوٰۃ پر ہوتے ہیں۔

امام غزالیؒ نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ فقہاء باطنی احوال اور قلبی کیفیات پر حکم نہیں لگاتے بلکہ وہ صرف ظاہری اعضاء کے اعمال پر ظاہری احکام بیان کرتے ہیں۔ یہ بات کہ فلاں عمل کا ثواب آخرت میں ملے گا یا نہیں یہ فقہ کی حدود سے خارج ہے چونکہ باطنی کیفیات پر حکم لگانا ان کی بحث سے خارج ہے اور خشوع ایک باطنی کیفیت ہے اس لیے انہوں نے خشوع کو پوری نماز میں شرط قرار نہیں دیا بلکہ خشوع کے ادنیٰ مرتبے کو شرط کہا ہے اور وہ یہ کہ کم از کم تکبیر تحریمہ کے وقت محض اللہ کی عبادت وتعظیم کی نیت کرے۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب "معارف القرآن (جلد اول ص 222) میں فرماتے ہیں کہ "خشوع کو پوری نماز میں شرط قرار نہ دینے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ قرآن حکیم کی دوسری آیات میں تشریع احکام کا یہ واضح اصول بتایا گیا ہے کہ انسانوں پر کوئی ایسی چیز فرض نہیں کی جاتی جو ان کی طاقت وامکان سے باہر ہو اور پوری نماز میں خشوع برقرار رکھنے سے (ماسوائے چند خاص افراد کے) اکثر لوگ عاجز ہوتے ہیں۔ اس لیے تکلیف مالایطاق سے بچنے کے لیے پوری نماز کی بجائے صرف ابتداء صلوٰۃ میں خشوع کو شرط قرار دیا گیا۔"

خشوع کے بغیر نماز کو بے فائدہ نہیں سمجھنا چاہیے: امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ خشوع کی اس غیر معمولی اہمیت کے باوجود ہمیں اللہ تعالیٰ سے یہی امید ہے کہ غفلت کے ساتھ نماز پڑھنے والا بھی بالکل نماز چھوڑنے والے کے درجہ میں نہیں ہوگا، کیونکہ اس نے بہر حال ادائے فرض کا اقدام تو کیا ہے اور تھوڑی سی دیر کے لیے قلب کو اللہ تعالیٰ کے لیے فارغ بھی کیا، ایسی نماز کا کم از کم یہ فائدہ تو ضرور ہے کہ اس کا نام نافرمانوں اور بے نمازوں سے نکل گیا۔"

خشوع کیسے حاصل کیا جائے: حضرت تھانویؒ التصوف والسلوک صفحہ 32 میں فرماتے ہیں: اگر صفت خشوع موجود نہیں تو خود اس کے حاصل کرنے کے چار اسباب ہیں۔ ایک سبب تو یہ ہے کہ اس کے آثار کا اختیار کرنا ضروری ہے اور اس کے ظاہر آثار یہ ہیں کہ جب چلے گردن جھکا کر چلے، بات چیت اور معاملات میں سختی نہ کرے، غصہ اور غضب میں آپے سے باہر نہ ہو، بدلہ لینے کی فکر میں نہ رہے، اپنی رفتار میں میانہ روی پیدا ہو، اور آواز پست ہو۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ اہل خشوع کی صحبت اختیار کی جائے۔

تیسرا سبب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں بٹھایا جائے، اس خوف کو پیدا کرنے کے لیے یہ تدبیر کی جائے کہ کوئی مناسب وقت تجویز کرکے اس میں تنہا بیٹھ کر نافرمانی کی حالت اور پھر خداوند کریم کی نعمتیں سوچے کہ نافرمانی کی وجہ سے یہ موقوف نہ ہوجائیں اور عذاب آخرت، قیامت کی ہولناک باتوں اور دوزخ وغیرہ کے حالات کو سوچا جائے تو ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا اور پھر خوف سے خشوع پیدا ہوگا۔ چوتھا سبب خشوع کے پیدا ہونے کا یہ ہے (اور کتابوں وغیرہ کی تعلیم سے بھی فراغت کے بعد ضروری ہے) اگر ظاہری علم حاصل کرنے میں دس سال ختم کئے ہیں تو باطن کی درستگی میں فی سال ایک مہینہ ہی خرچ کر دیجئے یعنی دس مہینے ہی کسی کامل بزرگ کی صحبت میں خرچ کیجئے اور اس کے ارشاد کے مطابق عمل کیجئے۔ خداوند کریم کی عادت ہے کہ اس کی برکت سے خشوع کی دولت عطا فرماتے ہیں" پھر حضرت تھانویؒ نے "الصبر والصلوٰۃ صفحہ 83" میں فرمایا کہ یہ تصور کریں کہ میں خداوند کریم کے سامنے ہوں اور خداوند کریم سن اور دیکھ رہے ہیں اس طریقے سے خشوع جلد حاصل ہوجائے گا۔☆

ارشادِ نبوی ہے: "جس کی نماز اسے بے حیائی اور برائیوں سے نہ روک سکے، وہ اللہ سے دور ہی ہوتا جاتا ہے"

رواداری..... پُرامن معاشرے کی ضرورت!

مولانا زبیر حسن

"حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آدمی کا اپنے والدین کو گالی دینا گناہ کبیرہ میں سے ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہؐ کیا آدمی اپنے والدین کو گالی دے سکتا ہے؟ فرمایا، ہاں وہ کسی کے باپ کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کے باپ کو گالی دیتا ہے وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے تو وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے۔" (بخاری ومسلم)

آج ہمارے معاشرہ میں یہی چیز ایک فتنہ اور ایک وبال کی صورت میں عام ہوچکی ہے جس کے نتیجہ میں ہر گھر، خاندان، معاشرہ، صوبوں اور علاقوں میں نفرت پھیلتی جارہی ہے۔ آج ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی اس قدر عام ہوچکی ہے کہ حق اور باطل میں فرق کرنا مشکل ہوگیا ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں سورہ انعام کی آیت نمبر 108 میں ارشاد فرمایا "اور تم لوگ ان کو برا نہ کہو جن کی یہ پرستش کرتے ہیں اللہ کے سوا۔ پس وہ برا کہنے لگیں گے اللہ کو بے ادبی سے بغیر سمجھے۔ اسی طرح ہم نے ہر طریقے والوں کے لیے ان کا عمل آراستہ کر رکھا ہے پھر ان سب کو اپنے رب کے پاس پہنچنا ہے تب وہ جتلادے گا ان کو جو کچھ وہ کرتے تھے۔"

ایک دوسرے کی عزتِ نفس کا خیال رکھتے ہوئے ہمیں اپنے خیالات بیان کرنے چاہئیں

آج ایک دوسرے کے خلاف بیان بازی اس قدر عام ہوچکی ہے کہ حق اور باطل میں فرق کرنا مشکل ہوگیا ہے

اسلامی تہذیب وتمدن کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ جو کام خود کرنا جائز نہیں اس کا سبب اور ذریعہ بننا بھی جائز نہیں

اس میں اللہ تعالیٰ نے ایک اہم اصول کی ہدایت فرمائی ہے اور یہ اصول اسلامی تہذیب وتمدن کا ایک بنیادی اصول ہے اور وہ یہ کہ جو کام خود کرنا جائز نہیں اس کا سبب اور ذریعہ بننا بھی جائز نہیں، اگر ایک کام کرنا انسان برا سمجھتا ہے تو پھر اس کام کا محرک بننا بھی درست نہ ہوگا، اسی سے رواداری کا اصول سمجھ آجاتا ہے۔ یہ آیت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن حالات میں نازل ہوئی اگر ان حالات کو پیش نظر رکھا جائے تو خوب اچھی طرح یہ بات واضح ہوجائے گی کہ انسان کو کس حد تک رواداری کا خیال رکھنا چاہیے۔

ابن جریرؒ کی تفصیلات کے مطابق جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابوطالب مرض الموت میں تھے تو قریش کے مشرک سردار جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دشمنی اور آپؐ کو تکلیفیں پہنچانے میں لگے ہوئے تھے، ان کو یہ فکر ہوئی کہ ابوطالب کی وفات ہمارے لیے ایک مشکل مسئلہ بن جائے گی کیونکہ اگر ہم ابوطالب کے بعد ان کو قتل کریں گے تو لوگ کہیں گے کہ ابوطالب کے سامنے تو کچھ نہ کرسکے اب اکیلا پاکر قتل کردیا، لہٰذا اب وقت ہے خود ہم ابوطالب سے مل کر فیصلہ کن بات کرلیں۔ چند قریشی سرداروں نے یہ مشورہ کرکے ابوطالب کے پاس جانے کے لیے ایک وفد مرتب کیا جس میں ابوسفیان، ابوجہل، عمرو بن عاص قریش کے سردار تھے ابوطالب سے اس وفد کے لیے وقت لینے کا کام ایک شخص مطلب کے سپرد ہوا اس نے ابوطالب سے اجازت لے کر وفد کو وہاں پہنچایا، وفد نے ابوطالب سے کہا کہ آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے بھتیجے نے ہمارے معبودوں کو اور ہمیں سخت تکلیف پہنچارکھی ہے ہم چاہتے ہیں کہ آپ ان کو بلا کر سمجھادیں کہ وہ ہمارے معبودوں کو برا نہ کہیں۔ ابوطالب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے پاس بلایا اور کہا یہ آپ کی برادری کے سردار آئے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ آپ ہمیں اور ہمارے معبودوں کو برا کہنا چھوڑ دیں تو پھر ہم بھی آپ کو اور آپؐ کے معبود کو برا نہ کہیں گے، اس طرح مخالفت ختم ہوجائے گی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، دیکھو بتاؤ اگر میں تمہاری یہ بات مان لوں تو کیا تم ایک ایسا کلمہ کہنے کے لئے تیار ہوجاؤ گے جس کے کہنے سے تم سارے عرب کے مالک ہوجاؤ گے؟ ابوجہل بولا، ایسا کلمہ ایک نہیں ہم دس بار کہنے کو تیار ہیں۔ آپؐ بتائیں وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا لا الٰہ الا اللہ یہ سنتے ہی سب برہم ہوگئے۔ ابوطالب نے کہا کہ اے میرے بھتیجے اس کلمہ کے سوا کوئی اور بات کہو کیونکہ آپ کی قوم اس کلمہ سے گھبرا گئی ہے۔ آپؐ نے فرمایا چچا جان میں تو اس کلمہ کے سوا کوئی دوسرا کلمہ نہیں کہہ سکتا اگرچہ وہ آسمان سے آفتاب لاکر میرے ہاتھ پر رکھ دیں، اس پر وہ لوگ ناراض ہوکر کہنے لگے کہ پھر ہم بھی آپؐ کے معبود کو برا کہیں گے۔ اس پر سورہ انعام کی یہ آیت نازل ہوئی کہ آپؐ ان کے بتوں کو برا نہ کہیں جن کو ان لوگوں نے خدا بنا رکھا ہے ورنہ وہ اپنی بے راہ روی اور بے سمجھی سے اللہ تعالیٰ کو برا کہیں گے۔"

رواداری کا یہ سنہری اصول ذہن میں آنے کے بعد ایک سوال ابھرتا ہے کہ قرآن کریم کی بہت سی آیات میں بتوں کا تذکرہ تحت الفاظ میں آیا ہے جیسے فرمایا: ترجمہ: "یعنی یہ بت بھی کمزور اور ان کے چاہنے والے بھی کمزور" ایک اور جگہ ارشاد فرمایا۔ ترجمہ: "یعنی تم اور جن بتوں کی تم عبادت کرتے ہو وہ سب جہنم کا ایندھن ہیں"۔

ان آیات میں بتوں کو برا کہا گیا ہے پھر رواداری کا مطلب کیا ہوا؟ اسی بات کا جواب روح المعانی میں تفصیل سے دیا گیا ہے کہ ان آیات میں کسی کو برا بھلا کہنا مقصود نہیں بلکہ غلط کام کا برا انجام بتانا مقصود ہے۔ لہٰذا یہ رواداری کے خلاف نہیں۔

رواداری کی ایک اور مثال حدیث میں ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے مخاطب ہوکر فرمایا کوئی شخص اپنے ماں باپ کو برا نہ کہے، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کیا یا رسول اللہؐ یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی شخص اپنے ماں باپ کو برا کہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں، انسان خود تو اپنے ماں باپ کو برا نہیں کہتا لیکن جب وہ کسی دوسرے شخص کے والدین کو برا کہے گا تو اس کے نتیجہ میں وہ دوسرا اس کے ماں باپ کو برا کہے گا، اس کا سبب یہ بیٹا بنا تو یہ ایسا ہی ہے جیسے خود اس نے اپنے والدین کو برا کہا۔ معاشرے میں جب کسی بھی مرحلے میں دوسرے کو برا کہا جائے گا تو جواب میں برا ہی سننے کو ملے گا۔ یہاں سے فساد کا دروازہ کھل جائے گا جس سے ایک گھر کے افراد میں پھوٹ پڑ جاتی ہے، باپ بیٹا ایک ساتھ کھانا چھوڑ دیتے ہیں صرف اس لیے کہ باپ نے اسے برا کہا جسے بیٹا اچھا سمجھتا تھا اور بیٹے نے اسے برا کہا جسے باپ اچھا سمجھتا تھا۔

رواداری اسلامی تہذیب وتمدن کی خصوصیات میں سے ہے۔ اچھے شہریوں کی خوبی رواداری ہے۔ رواداری امت مسلمہ کی امتیازی خصوصیات میں سے ہے۔ اسلام نے جہاں یہ تعلیم دی کہ کسی کو برا نہ کہو وہاں یہ بھی تعلیم دی کہ اگر تمہیں کوئی برا کہے یا اسے برا کہا جائے جسے تم چاہتے ہو تو پھر جواب میں اللہ تعالیٰ نے دو خوبیاں پیدا کرنے کا حکم دیا ایک صبر اور دوسری خوبی عفو ودرگزر۔ بسا اوقات یہ کہا جاتا ہے کہ آج کل صبر اور عفو ودرگزر کا دور نہیں کوئی ایک کہے تو اسے چار سناؤ، لیکن یہی وہ بنیادی خرابی ہے جس سے پیدا ہونے والی بیشمار برائیوں کو روکنا، اس انسان کے بس سے باہر ہے، اس سے دو دلوں میں دوری پیدا ہوجاتی ہے، دو خاندانوں دو علاقوں میں نفرت پیدا ہوجاتی ہے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں یہ تعلیم دی کہ مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور اس کے ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

ایک دوسرے کے جذبات کا احترام: ایک دوسرے کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے ہم اپنے خیالات بیان کریں اور دل کو وسیع کرکے کھلے ذہن سے دوسرے کی بات سنیں، اپنی بات میں وزن پیدا کرنا ہے تو دلیل سے وزن پیدا کریں، دوسرے کی بات کو رد کرنا ہے تو دلیل سے رد کریں، اسی سے جمہور تقاضوں کو پورا کیا جاسکے گا، یہی اسلامی قدریں ہیں، یہی وقت کا اہم تقاضا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں زندگی کے ہر مرحلے میں رواداری اپنانے کی توفیق نصیب فرمائے اور ہر قسم کے تعصب سے بالاتر ہوکر دوسروں کے جذبات اور خیالات کو ٹھیس پہنچائے بغیر اپنے جذبات اور خیالات کو بیان کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔☆

غزوہ اُحد
اسلام کا دوسرا معرکہ حق وباطل!

صاحبزادہ ذیشان کلیم معصومی

اسلامی تاریخ میں غزوہ اُحد حق وباطل کا دوسرا معرکہ ہونے کے لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل ہے یہ غزوہ 3 ہجری میں واقع ہوا۔ اس کی تاریخ کے بارے میں مختلف روایات ملتی ہیں کچھ کے نزدیک یہ واقعہ 3 شوال، کچھ کے نزدیک 7، کچھ کے نزدیک 11 اور کچھ کے نزدیک 15 شوال کو پیش آیا، البتہ اس کے دن پر سب متفق ہیں کہ یہ ہفتہ کے روز ہوا تھا۔ اُحد مدینہ منورہ کے ایک پہاڑ کا نام ہے جس کے بارے میں اللہ کے نبی کریم ﷺ آقائے کائنات کا ارشاد گرامی ہے کہ اُحد وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس اُحد پہاڑ سے محبت کرتے ہیں۔ غزوہ اُحد اسی پہاڑی کے دامن میں واقع ہوا۔ مسلمانوں کے قافلہ کی تعداد 700 تھی جس میں 100 زرہ پوش صحابہ کرام تھے، ادھر قریش کا لشکر تین ہزار کی کثیر تعداد پر مشتمل تھا جن میں سات سو افراد زرہ پوش تھے۔ اس معرکہ حق وصداقت میں جام شہادت نوش کرنے والے خوش نصیب صحابہ کرام کی تعداد ستر تھی جبکہ کفر کے تیس افراد واصل جہنم ہوئے۔

حق وباطل کے اس دوسرے بڑے معرکہ میں عرب کے رواج کے مطابق پہلے مبارزت ہوئی جس میں اہل اسلام کا پلہ بھاری رہا، بعد ازاں عام جنگ شروع ہوئی تو حضرت حمزہؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابو دجانہؓ اور حضرت حنظلہؓ کے تابڑ توڑ حملوں سے کفار کا لشکر بھاگ گیا۔ جنگ شروع ہونے سے قبل اللہ کے رسول کریم ﷺ نے حضرت سعید بن جبیرؓ کی قیادت میں پچاس تیر اندازوں کا ایک دستہ پہاڑی درے پر متعین فرمایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ کسی صورت میں بھی درہ نہ چھوڑیں۔ جب کفار کو انہوں نے بھاگتے دیکھا تو مال غنیمت حاصل کرنے کیلئے یہ بھی دوڑ پڑے۔ حضرت سعیدؓ ان کو روکتے رہ گئے۔ کفار کے لشکر نے جب یہ درہ خالی دیکھا تو حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں یہاں سے مسلمانوں پر حملہ کردیا، پیچھے سے ہونے والے اس ناگہانی حملے میں بہت سے مسلمان شہید ہوگئے جن میں سرکار دو عالم ﷺ کے پیارے چچا سیدنا حضرت امیر حمزہؓ بھی شامل تھے یہ وقت مسلمانوں پر بہت کڑا تھا، ایسے لگا کہ کفار کو فتح مل گئی ہے، اس صورتحال میں سرکار ﷺ کو کچھ جانثاروں نے گھیرے میں لے لیا اور مسلمانوں کو اکٹھا کرنا شروع کردیا مگر اتنی دیر میں ستر صحابہ کرام شہادت کا جام پی چکے تھے جب مسلمانوں کو اکٹھا ہوتے ہوئے دیکھا تو ابوسفیان نے وہیں سے آواز لگائی کہ آج بدر کا حساب برابر ہوگیا ہے، اب اگلے سال پھر بدر کے مقام پر لڑائی ہوگی اور یہ کفار مکہ واپس اپنے گھروں کو چلے گئے۔

اس معرکہ میں بہت سے ایمان افروز واقعات پیش آئے حضرت حنظلہؓ اس معرکہ میں باطل پرستوں سے اپنے ایمانی جذبے سے مقابلہ کرتے ہوئے قریش کے وسط لشکر میں جاپہنچے اور قریش کے سردار ابوسفیان کا کام تمام کرنے ہی والے تھے کہ پیچھے سے ان پر شداد نامی بدبخت نے وار کردیا اور آپ شہادت عظمیٰ سے سرفراز ہوئے جب میدان جنگ ختم ہوگیا تو اللہ کے محبوب کریم ﷺ نے آپ کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ حنظلہؓ کو فرشتے غسل دے رہے ہیں کیونکہ جب جنگ کے لئے میرا حکم سنایا گیا کہ جو جس حالت میں بھی ہے، فوراً اللہ کے رسول ﷺ کا حکم ہے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں پہنچے تو حضرت حنظلہؓ حق زوجیت ادا کررہے تھے جیسے ہی آپ نے آقا کریم ﷺ کا حکم سنا بغیر غسل کئے، بارگاہ رسولؐ میں حاضر ہوگئے اور وہاں سے جنگ لڑتے لڑتے شہادت کا جام نوش فرمایا۔ اسی وجہ سے آپ کو غسیل ملائکہ کا لقب عطا ہوا۔ اہل اسلام کا پرچم سیدنا حضرت مصعبؓ بن عمیر کے ہاتھ میں تھا۔ ایک بدبخت آپؓ پر حملہ آور ہوا اور آپؓ کے دائیں ہاتھ پر اس طرح وار کیا کہ آپؓ کا دایاں ہاتھ مبارک شہید ہوگیا۔ آپؓ نے پرچم اسلام کو دوسرے ہاتھ سے پکڑ لیا پھر اس بدبخت نے دوبارہ ضرب لگائی آپؓ کا دوسرا ہاتھ مبارک بھی جدا ہوگیا، لیکن آپؓ نے پرچم اسلام کو اپنے سینے سے تھامے رکھا اور بلند آواز میں آیت مبارکہ پڑھی کہ **وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل** پھر آپؓ پر تیر سے وار کیا گیا اور آپؓ نے بھی شہادت کا اعلیٰ جام نوش فرمالیا۔ جب منافقوں نے حضور پاک ﷺ کے شہید ہونے کی جھوٹی افواہ پھیلادی تو ایک انصاری صحابیہؓ مدینہ پاک سے اُحد کی طرف نکل پڑیں جب راستے میں ان کے والد کے شہید ہونے کی ان کو خبر ملی تو اس عاشق رسول ﷺ صحابیہ نے کہا کہ پہلے مجھے اپنے رسول ﷺ کا حال جاننا ہے پھر ان صحابیہؓ کو ان کے شوہر اور بھائی کی شہادت کی خبر ملی تو انہوں نے یہی کہا مجھے اپنے رسول کریم کی خبر چاہیے کہ وہ کس حالت میں ہیں؟ جب ان کو بتایا گیا کہ رسول خدا ﷺ خیروعافیت سے ہیں تو عرض کرنے لگیں کہ مجھے حبیب کریم ﷺ کا دیدار کرنے دو جب حضور پاک کا دیدار نصیب ہوا تو ان کو سکون ہوا۔ عرض کیا اے میرے پیارے رسولؐ! آپ سلامت ہیں تو ہر مصیبت آسان ہے۔

غزوہ اُحد میں حضرت قتادہ بن نعمانؓ کی آنکھ مبارک میں تیر لگا اور آپؓ کی آنکھ کا ڈیلا باہر آگیا حضرت قتادہ اپنی آنکھ ہاتھ میں اٹھائے بارگاہ کونینؐ میں حاضر خدمت ہوئے اور حضور نبی کریمؐ کی خدمت میں اقدس میں عرض کی، اللہ کے رسول کریمؐ نے ارشاد فرمایا، اے قتادہ اگر تم چاہو تو صبر کرلو جنت تمہارے لئے ہے اور اگر تم چاہو تو آنکھ لوٹا دوں گا۔ حضرت قتادہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ یقیناً جنت بڑی جزا اور عظیم عطائے الٰہی ہے۔ یارسول اللہ ﷺ ایسا بھی تو ہوسکتا ہے کہ آپؐ جنت بھی عطا فرمادیں اور آنکھ بھی لوٹا دیں۔ اللہ کے رسول کریم ﷺ نے فرمایا ٹھیک ہے، آپؐ نے اپنے دست رحمت سے ان کی آنکھ کو پہلے والی جگہ پر رکھ کر لگا دی اور اس آنکھ کی روشنی پہلے سے بھی زیادہ ہوگئی پھر آپؐ نے ان کے لئے جنت کی دعا بھی فرمائی۔

صحابہ کرام جانتے تھے کہ نبی کریم جس کو اگر چاہیں دنیا میں جنت عطا فرمادیں اور جس کی چاہیں نکلی ہوئی آنکھ حضور نبی کریمؐ کی ٹھیک کردیں اور آج صدیوں بعد بھی عاشقان رسول کا یہی صحابہ کرام والا عقیدہ ہے کہ وہ اللہ کے رسولؐ سے مانگتے ہیں اور حضور اپنے غلاموں کو اللہ کی عطا سے نوازتے ہیں اور امداد فرماتے ہیں۔ اسی معرکہ اُحد میں جب حضرت عبداللہ بن جحشؓ کی تلوار ٹوٹ گئی تو آپ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میری تلوار ٹوٹ گئی تو اللہ کے محبوب کریم ﷺ نے انہیں کھجور کی چھڑی عطا فرمائی جب انہوں نے یہ کھجور کی چھڑی اپنے ہاتھ میں لی تو فوراً ہی تلوار بن گئی۔ دعا ہے کہ اللہ کریم شہدائے اُحد کے صدقے امت مسلمہ کو اتحاد واتفاق عطا فرمائے اور ہماری اجتماعی انفرادی مشکلات کو آسان اور مرحومین کے درجات مزید بلند فرمائے۔ آمین۔☆

پانی نعمتِ ربِ جلیل..... اس کی قدر کیجئے!

مولانا محمد یوسف خان

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ترجمہ: اور وہی ہے جس نے اپنی رحمت (یعنی بارش) سے پہلے ہوائیں بھیجیں جو (بارش کی) خوشخبری لے کر آتی ہیں اور ہم نے ہی آسمانوں سے پاکیزہ پانی اتارا ہے تاکہ ہم اس کے ذریعے مردہ زمین کو زندگی بخشیں اور اپنی مخلوق میں سے بہت سے مویشیوں اور انسانوں کو اس سے سیراب کریں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ وضو کررہے تھے (اور اس میں پانی کے استعمال میں فضول خرچی سے کام لے رہے تھے) رسول اللہ ﷺ ان کے پاس سے گزرے تو آپ ﷺ نے ان سے فرمایا سعد! یہ کیسا اسراف ہے (یعنی پانی بے ضرورت کیوں بہایا جارہا ہے؟ انہوں نے عرض کیا حضورؐ! کیا وضو کے پانی میں بھی اسراف ہوتا ہے؟ (یعنی کیا وضو میں پانی زیادہ خرچ کرنا بھی اسراف میں داخل ہے۔) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا! ہاں یہ بھی اسراف میں داخل ہے اگرچہ تم کسی جاری نہر کے کنارے ہی پر کیوں نہ ہو (مسند احمد، سنن ابن ماجہ)

اللہ تعالیٰ نے انسان کو بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں۔ ان نعمتوں میں سے ایک اہم نعمت پانی ہے۔ دین اسلام نے طہارت اور پاکیزگی کو نصف ایمان قرار دیا اور وضو اور غسل کے ذریعے اپنے جسم کو پاک کرنے کے طریقے سکھائے، اس میں انسان پانی ہی استعمال کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے بہت سے ارشادات میں خوب اچھی طرح وضو کرنے کا حکم فرمایا، جیسے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ کیا میں تمہیں وہ اعمال نہ بتاؤں جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹا دیتا ہے؟ صحابہ نے عرض کیا: ضرور ارشاد فرمایئے تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: (1) تکلیف اور ناگواری کے باوجود پوری طرح کامل وضو کرنا، (2) مسجدوں کی طرف زیادہ قدم اٹھانا (3) ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا منتظر رہنا، فرمایا کہ یہی رباط ہے یعنی سرحدوں کی حفاظت جیسا ثواب ہے۔ (صحیح مسلم) اسی طرح نبی ﷺ نے یہ ادب بھی سکھلایا کہ اگر باوضو ہوکر کوئی عبادت ادا کرلی تو پھر اگلے وقت کی عبادت کا وقت آنے پر وضو موجود ہو تو پھر بھی تازہ وضو کرنے کی فضیلت ارشاد فرمائی۔ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے طہارت کے باوجود (یعنی باوضو ہونے کے باوجود) وضو کیا۔ اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی۔ (جامع ترمذی)

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اہل قبا کی شان میں یہ آیت نازل فرمائی "اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِیْنَ" روایات میں ہے کہ اہل قبا پتھروں کے ساتھ استنجا کرنے کے ساتھ ساتھ پانی بھی استعمال کیا کرتے تھے۔ نبی ﷺ نے وضو کی فضیلت میں یہ بھی ارشاد فرمایا کہ اس سے انسان کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب کوئی مومن بندہ وضو کرتا ہے، اپنے چہرے کو دھوتا ہے اور اس پر پانی ڈالتا ہے تو پانی کے ساتھ اس کے چہرے سے وہ سارے گناہ نکل جاتے ہیں (دھل جاتے ہیں) جو اس کی آنکھ سے ہوئے تھے، اس کے بعد جب وہ اپنے ہاتھ دھوتا ہے تو سارے گناہ اس کے ہاتھوں سے خارج ہوجاتے ہیں اور دھل جاتے ہیں جو اس کے ہاتھوں سے ہوئے۔ اس کے بعد جب وہ اپنے پاؤں دھوتا ہے، اس کے سارے گناہ اس کے پاؤں سے خارج ہوجاتے ہیں جو اس کے پاؤں سے ہوئے۔ یہاں تک کہ وہ وضو سے فارغ ہونے کے ساتھ ساتھ گناہوں سے بھی بالکل پاک صاف ہوجاتا ہے۔ لیکن وضو کرتے ہوئے بھی پانی زیادہ استعمال کرنے سے نبی ﷺ نے منع فرمایا۔ بعض لوگوں کو اس بات کا وسوسہ ہوتا ہے کہ پتہ نہیں ہمارا یہ عضو اچھی طرح پاک ہوا ہے یا نہیں، وہ کافی دیر تک وضو کرتے رہتے ہیں یا صرف وسوسوں کی وجہ سے بار بار وضو کرتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: بے شک وضو کے لئے بھی ایک شیطان ہے جس کا نام "ولہان" ہے پس تم پانی کے وسوسوں سے بچو۔ (رواہ الترمذی) ترمذی شریف میں روایت موجود ہے کہ نبی ﷺ ایک مد پانی کے ساتھ وضو فرماتے تھے اور ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے۔ (رواہ الترمذی)

نبی ﷺ نے صاف ستھرے پانی کو گندہ اور ناپاک کرنے سے منع فرمایا

نبی ﷺ نے وضو کرتے ہوئے بھی پانی زیادہ استعمال کرنے سے منع فرمایا

اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ شرعی طور پر وضو اور غسل کے لئے کوئی خاص پانی کی مقدار مقرر نہیں

اگرچہ اس بات پر تمام فقہاء کا اتفاق ہے کہ شرعی طور پر وضو اور غسل کے لئے کوئی خاص پانی کی مقدار مقرر نہیں، ضرورت کے بقدر پانی استعمال کرنا جائز ہے۔ لیکن اس بات پر بھی محدثین کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ عام طور پر ایک مد پانی سے وضو فرماتے تھے اور ایک صاع پانی سے غسل فرماتے تھے۔ امام ابوحنیفہ، امام محمد اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک ایک مد دو رطل کا ہوتا ہے اور ایک صاع میں چار مد ہوتے ہیں، لہٰذا ایک صاع میں آٹھ رطل ہوتے ہیں۔ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ نے اپنی کتاب "اوزان شرعیہ" میں بڑی تحقیق کے ساتھ لکھا ہے کہ ایک رطل آدھ سیر (آدھا کلو) سے کچھ کم ہوتا ہے۔ اس طرح آج کل کے حساب سے ایک "مد" پانی ایک لیٹر کے قریب ہوگا اور ایک صاع پانی تقریباً ساڑھے تین لیٹر کے قریب ہوگا۔ عرب ممالک میں اس وقت بھی پانی کی انتہائی قلت ہوتی تھی، نبی ﷺ نے شرعی امور میں بھی پانی کے اسراف اور فضول خرچی سے منع فرمایا اس کے ساتھ ساتھ نبی ﷺ نے صاف ستھرے پانی کو گندہ اور ناپاک کرنے سے منع فرمایا، جامع ترمذی میں ارشاد نبوی منقول ہے کہ کوئی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کہ پھر اس سے وضو کیا جانے لگے معلوم ہوا کہ صاف ستھرے پانی کو بلاوجہ گندہ اور ناپاک کردینا بھی منع ہے۔

دور جدید میں فیکٹریوں کے زہریلے مواد کو ضائع کرنے کے بجائے نہروں اور دریاؤں میں بہا دیا جاتا ہے، یا زیر زمین اس انداز میں منتقل کیا جاتا ہے کہ اطراف کے رہنے والے لوگوں کے لئے پینے کا پانی بھی میسر نہیں ہوتا اور جب زمین سے جدید مشینوں کے ذریعے بھی کوشش کی جاتی ہے تو سینکڑوں فٹ کھدائی کرنے کے باوجود پانی نہیں ملتا، اگر مل جائے تو وہ پینے کے قابل نہیں ہوتا کیونکہ اس میں زہریلے مواد کی آمیزش ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا کہ اگر تم میرا شکر کرو گے تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو البتہ میرا عذاب بہت سخت ہے۔

آج پانی کی قلت ایک عذاب کی صورت میں مسلط ہے۔ پانی کی بے قدری اور فضول خرچی بھی اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے کا سبب ہے اور اجتماعی طور پر اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کے اثرات کے طور پر پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ دریا خشک ہوتے جارہے ہیں، زیر زمین پانی کا ذخیرہ کم سے کم ہوتا جارہا ہے، یہ سب ظاہری صورتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جن دریاؤں سے بھرپور زمین دی تھی، سرسبز وشاداب علاقے دیئے تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے ایسے ملکوں کو ہم پر مسلط کردیا جو پانی روکنے کا سبب بنے، دوسری طرف اپنی ہی سرزمین میں جہاں پانی کی ضرورت نہیں، وہاں ایک جھیل میں اللہ تعالیٰ نے ایسی طغیانی پیدا کردی کہ وہاں پانی کی کثرت عذاب کی صورت میں سامنے آرہی ہے۔

آج وقت کی ضرورت ہے کہ ہم اپنے گناہوں سے توبہ کریں، اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کو اس کے حکم کے مطابق استعمال کریں اور ان نعمتوں کو ضائع کرنے اور ان کے فضول خرچی کرنے سے بچیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان نعمتوں میں برکت عطا فرمادیں۔

☆☆☆☆

بقیہ 01

بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم پر شدید اظہار تشویش کرتے ہوئے قرار دیا کہ بالخصوص پہلگام واقعے کے بعد بھارتی افواج لائن آف کنٹرول کے معصوم شہریوں کو مسلسل نشانہ بنا رہی ہے

بقیہ 02

پرکھ کر عوام تک حقائق پہنچانے، اور دنیا کو آگاہ رکھنے کے فرض کی ادائیگی میں کبھی کوتاہی نہیں کرتے۔ ماضی کی روایات سے جدید شہری صحافت تک، میڈیا وقت اور معاشرے کے ساتھ ساتھ رواں دھارے کی طرح آگے بڑھتا رہا ہے۔ کسی بھی دور میں اس کی اہمیت کم نہیں ہوئی بلکہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی نے اس کے دائرے، افادیت اور اثر پذیری کو کئی گنا بڑھا دیا ہے۔ آج بھی میڈیا اجتماعیت کا مظہر ہے جس کی اہمیت ہمیشہ کی طرح معاشرے میں کلیدی ہے

بقیہ 03

اسحاق ڈار نے پاناما کے وزیر خارجہ کو بھارت کے یکطرفہ اقدامات سے آگاہ کر دیا۔ اسحاق ڈار نے پاناما کے ہم منصب سے رابطہ کر کے انہیں سندھ طاس معاہدے کے متعلق بھی بتایا، اس موقع پر پاناما کے وزیر خارجہ نے دونوں فریقوں کو تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے جنوبی کوریا کے ہم منصب سے بھی رابطہ کر کے خطے کی صورتحال، بھارت کے پراپیگنڈے اور یکطرفہ اقدامات سے آگاہ کیا تھا۔ ترجمان کے مطابق اسحاق ڈار نے کوریا کے وزیر خارجہ کو سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھی آگاہ کیا، کورین وزیر خارجہ نے بات چیت سے مسائل کے حل پر زور دیا۔ واضح رہے کہ بھارت کے پہلگام حملے کے بارے میں پراپیگنڈے کے بعد وزیر خارجہ مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ سے رابطہ کر کے ان کو صورتحال سے آگاہ کر چکے ہیں۔

بقیہ 04

ریلوے محمد حنیف عباسی نے جمعرات کو راولپنڈی میں ریلوے ورکرز یونین کے اراکین سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران حنیف عباسی نے ورکرز کی محنت کی تعریف کی اور پاکستان ریلوے کی کامیابی میں ان کے اہم کردار کا اعتراف کیا۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی محنت پاکستان کی ترقی کا انجن ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کے محنت کش عوام کی محنت اور لگن ہماری قومی ترقی کے پیچھے محرک ہے۔ اپنے خطاب میں وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ تمام محنت کش ہمارے ملک کا سب سے بڑا اثاثہ ہیں، محنت کشوں کی جدوجہد نے ملک کا معاشی ڈھانچہ مضبوط کیا ہے، مزدور ہماری ترقی کی بنیاد ہیں۔ حنیف عباسی نے زور دے کر کہا کہ پاکستان ریلوے کی کامیابی میں ورکرز کا کردار ناقابل فراموش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں بھی ایک کارکن ہوں، ملک و قوم کی فلاح و بہبود کے لیے دن رات کام کر رہا ہوں۔ کارکنوں کی تنخواہوں کے بارے میں، حنیف عباسی نے زور دیا، مزدوروں کو ان کی محنت کا مناسب معاوضہ ملنا چاہیے اور کام کرنے کے فوراً بعد ان کی ادائیگی کا حق فراہم کیا جانا چاہیے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کارکن پاکستان کی ترقی کی راہیں روشن کرتے ہیں اور ان کی محنت کو ہمیشہ عزت دی جائے گی۔

بقیہ 05

میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی کامیابی کیخلاف درخواست الیکشن کمیشن میں سماعت کیلئے مقرر کر دی گئی۔ الیکشن کمیشن نے آئندہ ہفتے کے مقدمات کی کاز لسٹ جاری کر دی، کمیشن کی جانب سے فریقین کو نوٹسز بھجوا دیئے گئے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی کامیابی کے خلاف درخواست پر سماعت 8 مئی کو مقرر کی گئی ہے۔ درخواست گزار بابر نواز اور عمر ایوب کو نوٹسز جاری کر دیئے گئے۔ گزشتہ سماعت پر درخواست گزار نے تیاری کیلئے وقت مانگا تھا۔ اسی طرح، رکن قومی اسمبلی جمشید دستی کی نااہلی سے متعلق ریفرنس پر سماعت 7 مئی کو ہوگی۔

بقیہ 06

محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت نے معاشی اصلاحات سے افراط زر اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے پر قابو پالیا ہے۔ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) کے عہدیداروں اور ممبران کے ساتھ زوم میٹنگ میں وزیر خزانہ نے حکومت کی جانب سے معاشی استحکام اور اصلاحات کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ 07

شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ جلسہ عام سے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری نعمت خان جلالزئی، پروفیسر اسد ترین، عوامی نیشنل پارٹی کے ولی داد میانی، حاجی عزت ناصر، این ڈی ایم کے ایڈووکیٹ شریف کاکڑ، حیات خان حیات، پی ٹی ایم کے روزی خان ایثار اور کامریڈ عصمت نے خطاب کیا۔

بقیہ 08

پاک بھارت کشیدگی میں پاکستان کی مکمل تائید کے اعلان اور پہلگام واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے دفاع کے لئے پہلے ہم حاضر ہوں گے۔ ملک کے دفاع کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بقیہ 09

کے سالانہ امتحانات بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ کے زیر انتظام ہو رہے ہیں۔ چیئرمین بلوچستان بورڈ محمد اسحاق کے مطابق امتحانات میں ایک لاکھ 937 امیدوار حصہ لے رہے ہیں جبکہ امتحانات کیلئے صوبے بھر میں 252 امتحانی مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ محمد اسحاق نے بتایا کہ آج اور کل انٹرمیڈیٹ کے آرٹس گروپ کے پرچے ہوں گے جبکہ 5 مئی سے سائنس گروپ کے پرچے بھی شروع ہو جائیں گے۔ چیئرمین بلوچستان بورڈ کا کہنا ہے کہ امتحانات کیلئے بھرپور انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سے قبل یہ امتحانات 22 اپریل سے شروع ہونا تھے تاہم ناگزیر وجوہات کی بناء پر ملتوی کر دیے گئے تھے۔

بقیہ 10

تنظیمی رپورٹس کا جائزہ لیا گیا اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ملت پال جمہوری سیاسی جماعتوں کی جاری احتجاجی تحریک پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور 6 مئی کو کوئٹہ میں منعقد ہونے والے مرکزی جلسہ عام کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 11

بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر کے رہائشیوں کو زبردستی بے دخل کرنے لگا ہے، کشمیری پولیس اہلکار کی ویڈیو نے بھارتی منصوبہ بے نقاب کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر کی پولیس میں خدمات انجام دینے والے کشمیری پولیس اہلکار نے اس حوالے سے احتجاج بھی ریکارڈ کروایا۔

بقیہ 12

کرنے کی تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ گورنمنٹ آف بلوچستان سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کی منظوری کے بعد پرویز احمد نوشیروانی کو سیکرٹری قانون تعینات کر دیا گیا جبکہ انکے پیش رو سیکرٹری لاء کلیم اللہ کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

بقیہ 13

ایشن کے صدر سمیت دیگر موجود صحافیوں کا احتجاج

، کئی سالوں سے کمیٹیاں بن رہی ہیں مگر مسئلہ حل نہیں کیا جا رہا ہے، صدر پی آر اے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ و تعمیرات کا اجلاس چیئرمین مولانا عبدالغفور حیدری کی صدارت میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوا

بقیہ 14

صدام نے ایس ای مکران ڈویژن حسن مکسی اور ایکسیئن کیسکو امیر علی بلیدی سے ملاقات کی ملاقات میں گوادر بجلی کے وولٹیج میں کمی کی بیشی، غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، ایران اور نیشنل گریڈ کی بجلی کے تقسیم کے طریقہ کار، غیر قانونی کنکشن، نئے فیڈر کی ضرورت سمیت مختلف اہم معاملات پر گفتگو کی گئی۔ گوادر میں دیگر ترقیاتی کام جاری ہے۔

بقیہ 15

کہ اعجاز چوہدری کے خلاف کیس انتہائی مضبوط تھا تو فوجی عدالت میں لے جاتے، ضمانت کو بطور سزا استعمال نہیں کیا جا سکتا انہوں نے یہ ریمارکس جمعہ کے روز دیے ہیں

بقیہ 16

بچوں نے جمعہ کے روز لیاقت باغ پریس کلب کے باہر "پاک فوج زندہ باد" ریلی کا انعقاد کیا ریلی میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو افسر امان اللہ خان اور ڈائریکٹر ایجوکیشن ڈاکٹر گل احمد سمیت اساتذہ کی بڑی تعداد بھی موجود تھی ریلی میں شریک بچوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن میں پاکستان کے حق میں نعرے درج جبکہ شرکا پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے

بقیہ 17

وں کے مطابق امریکا نے مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں حالیہ واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ بھارت اس واقعے پر ایسا ردعمل نہیں دے گا جو پورے خطے کو کشیدگی کی لپیٹ میں لے آئے۔

بقیہ 18

ڈاکٹر عطاء الرحمان، حافظ مطیع الرحمان مینگل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری نور الدین غلزئی، صابر صالح پانیزئی ایڈووکیٹ، اسامہ ہاشمی شامل تھے اس موقع پر گورنر بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ افغان مہاجرین مہمانوں کی واپسی کیلئے انتظامی کے بجائے معاشرتی و سماجی میکنزم تشکیل دیا جائے۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ انتظامیہ امور کی بہتری کیلئے متعلقہ اداروں اور سوسائٹی کے درمیان ریلیشن قائم کیا جائیگا جماعت اسلامی کی تجاویز پر غور کر کے قابل عمل تجاویز کی روشنی میں لائحہ عمل تیار کیا جائیگا تاکہ دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات خراب نہ ہو اور افغان مہاجرین بھی باعزت طریقے سے اپنے ملک چلے جائیں

بقیہ 19

ڈوکی نے کہا کہ کشیدگی کا سلسلہ نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے خطے کے لیے نقصان دہ ہے اپنے جاری ایک بیان میں سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے جو ہمیشہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دیتا آیا ہے تاہم اگر ملکی خودمختاری یا سلامتی کو کوئی خطرہ درپیش ہو تو پاکستان کی عوام اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج مکمل طور پر مستعد اور ہمہ وقت چوکنا ہیں اور پوری قوم دفاع وطن کے لئے افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور یہ بات واضح ہے کہ وطن عزیز کی سالمیت، وقار اور خودمختاری کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا سابق وزیر اعلیٰ میر علی مردان ڈومکی نے کہا کہ موجودہ حالات میں دانشمندی، بردباری اور تدبر کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے تاکہ جنوبی ایشیا کے عوام کو امن ترقی اور خوشحالی کا ماحول میسر آ سکے انہوں نے عالمی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ کشیدگی کم کرانے میں مثبت کردار ادا کرے۔

بقیہ 20

شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے سعودی قیادت اور عوام کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے ہمیشہ پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ پہلگام واقعے کے بعد جنوبی ایشیا میں امن و امان کی موجودہ صورتحال پر پاکستان کا موقف بیان کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر کی مذمت کی ہے، پاکستان نے گزشتہ برسوں میں انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں بڑی قربانیاں دی ہیں جو کہ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ثابت ہوئی ہیں۔ وزیراعظم نے بھارت نے بغیر کسی ثبوت کے پہلگام واقعے سے پاکستان کو جوڑنے کے بے بنیاد بھارتی الزامات کو یکسر مسترد کر دیا اور واقعے کی شفاف اور غیر جانبدار بین الاقوامی تحقیقات کے اپنے مطالبے کا اعادہ کیا۔ سعودی عرب سمیت دوست ممالک کے تعاون سے گزشتہ پندرہ ماہ کی محنت سے حاصل ہونے والے معاشی فوائد کو مستحکم کرنے پر حکومت کی مکمل توجہ کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی کامیابیوں کو خطرے میں ڈالنے اور ملک کو اقتصادی ترقی کی راہ سے ہٹانے کی بھارتی کوششیں ناقابل فہم ہیں۔ انہوں نے سعودی عرب سمیت برادر ممالک پر زور دیا کہ وہ خطے میں کشیدگی میں کمی کے لیے ہندوستان پر دباؤ ڈالیں۔ انہوں نے جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی خواہش کا اعادہ کیا۔ سعودی سفیر نے اس اہم معاملے پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ سعودی عرب خطے میں امن و سلامتی کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتا ہے۔

بقیہ 21

پر قبضہ گیری کی اجازت نہیں دینگے اور نہ ہی عوام کو فارم 47 کے حکومت کے اس قسم کے ناروا اقدامات قابل قبول ہیں، اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی کا عوام دشمنی پر مبنی رویہ قابل مذمت ہے، حکومت اس کا نوٹس لیکر فوری طور پر اے سی سنجاوی کا تبادلہ کرے، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی مذمت کرتے ہیں

بقیہ 22

شہریوں کی واپسی کے لیے واہگہ بارڈر پر نرمی کر دی۔ ذرائع کے مطابق بھارت سے 20 پاکستانی واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دونوں ملکوں کے مابین چلنے والی سمجھوتہ ایکسپریس بھی پیر کے روز مسافروں کو لے کر بھارت جائے گی ترجمان دفتر خارجہ نے واضح کیا تھا کہ بھارت میں پھنسے پاکستانیوں کے لیے واہگہ بارڈر کھلا رہے گا۔ بھارتی حکومت نے پاکستانی شہریوں کو واپسی کے لیے 30 اپریل کی ڈیڈلائن دی تھی۔

بقیہ 23

وَنڈ زکیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست سماعت کے لیے مقرر کر لی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کا ڈویژن بینچ 8 مئی کو سزا معطلی کی درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ ڈویژن بینچ میں قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف شامل ہیں۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے سزا معطل کر کے ضمانت پر رہا کرنے کی استدعا کر رکھی ہے۔ عدالت نے درخواستوں کو آفس اعتراضات کے ساتھ سماعت کے لیے مقرر کیا ہے۔

بقیہ 24

دی۔ قومی سلامتی کیخلاف پروپیگنڈا کرنیوالے 52 ہزار 8 7 7 سوشل میڈیا پیجز کی نشاندہی کر لی گئی، پولیس اور سائبر سیکیورٹی یونٹس نے 11 ہزار 3 2 1 سوشل میڈیا پیجز بلاک کروا دیئے مختلف ذرائع سینشاندہی کر کیا رپورٹ کر تے ہوئے دہشت گردی کے 18 منصوبہ ناکام بنائے، نفرت انگیز مواد کے 54 سوشل میڈیا پلیٹ فارم کریک ڈاؤن، سائبر پٹرولنگ کے دوران لیڈ زملیں، شرانگیزوں کی کیمونیکیشن نیٹ ورکس کو توڑا گیا۔

بقیہ 25

پشتونوں اور بلوچوں کے وسائل مائنز اینڈ منرل ایس آئی ایف سی کے زریعے لوٹنا معاشی قتل عام ہے جس کے خلاف بھرپور آواز اٹھایا جائیگا چمن پرلت کے برحق مطالبہ شناختی کارڈ اور تذکیرے کی حمایت کا اعادہ کرتے ہیں مقامی قبائل کے شناختی کارڈ میں نادرا کی جانب سے بے جا لیت و لعل قابل قبول نہیں نادرا حکام شناختی کارڈ کے حصول کو سہل بنائیں

بقیہ 26

کارکنوں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے سیاسی وابستگیوں کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پاکستان کے ساتھ محبت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بھارتی جارحیت مردہ باد، پاکستان زندہ باد پاک فوج قدم بڑھاؤ، اوورسیز پاکستانی و کشمیری تمہارے ساتھ ہیں۔ جدو جہد جدو جہد، کشمیر کی آزادی تک جدو جہد۔ دل دل پاکستان، جان جان پاکستان اور پاکستان میری جان کے فلک شگاف نعروں سے ایفل ٹاور کے در و دیوار گونجتے رہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر افضل بٹ نے مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں دہشت گردی کے واقعہ پر اظہار افسوس کرتے ہوئے اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ عالمی سطح پر اس سانحہ کی تحقیقات کرائی جائیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارتی میڈیا جنگی جنون میں صحافتی آداب بھی بھول گیا ہے اور کسی ثبوت کے بغیر پاکستان کو پہلگام سانحہ کا ذمہ دار قرار دے رہا ہے۔ افضل بٹ نے مودی سرکار کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پرامن قوم اور جنگ کے مخالف ہیں لیکن پھر بھی ہندوستان نے جنگی جنون کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان پر حملے کی حماقت کی تو وطن عزیز کے دفاع اور پاک سرزمین کے چپے چپے کی حفاظت کیلئے کشمیری و پاکستانی قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی۔ اس موقع پر ممتاز کشمیری راہنما زاھد ہاشمی صدر انٹرنیشنل کشمیر پیس فورم فرانس، راجہ طاہر محمود، میاں ذوالفقار جنالہ صفدر ہاشمی، ملک عابد، حاجی اظہر، ایم کے پرویز چوہدری، رانا عباس سردار ظہور احمد اور علی، محمد اویس ہاشمی، چوہدری تنویر دیگر نے پاک وطن کی حفاظت کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کے پاس پالیسی ریٹ 7 فیصد پر لانے کی گنجائش ہے۔ اپنے ایک بیان میں عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ پانچ مئی کو ہونے والے مانیٹری پالیسی اجلاس میں شرح سود میں کمی کا اعلان کیا جائے، رواں ماہ مرکزی بینک کے پاس شرح سود کو سنگل ڈیجٹ میں لانے کا بہترین موقع ہے۔ عاطف اکرام شیخ کا کہنا ہے کہ معاشی اشاریے مثبت اور مہنگائی بڑھنے کی شرح میں کمی ہوئی ہے، مہنگائی میں کمی کا فائدہ عام آدمی تک پہنچنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شرح سود میں کمی سے پیسے کی سرکولیشن میں اضافہ ہوگا، بینکوں میں پڑے ہوئے پیسے صنعتوں میں لگیں گے، صنعتوں کی پیداوار میں اضافے سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ عاطف اکرام شیخ نے مزید کہا کہ پاکستان میں بیروزگاری کی شرح 7 فیصد تک ہے، بیروزگاری کی شرح میں کمی سے غربت میں براہ راست کمی ہوگی۔

بقیہ 28

اعشاریہ 41 فیصد ریکارڈ کیا گیا ہے، ایک ہفتے میں 12 اشیاء مہنگی، 11 اشیاء کی قیمتوں میں کمی ہوئی، ادارہ شماریات نے ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی سے متعلق رپورٹ جاری کر دی

بقیہ 29

ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مستقبل میں بھی پاکستانی شہریوں کے لیے واہگہ بارڈر کھلا رہے گا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ انڈیا کی جانب سے پاکستانی شہریوں کے ویزے ختم کرنے کے فیصلے نے سنگین انسانی چیلنجز پیدا کیے۔ متعدد مریض جن کی صحت اچھی نہیں تھی ان کو اپنا علاج مکمل کیے بغیر پاکستان واپس آنا پڑا۔ مزید برآں خاندانوں کے منقسم ہونے اور بچوں کے اپنے والدین میں سے کسی ایک سے جدا ہونے کی اطلاعات ہیں۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ واہگہ اٹاری بارڈر کراس کرنے کی آخری تاریخ 30 اپریل 2025 تھی۔ اس تناظر میں ہم میڈیا کی ان رپورٹس سے آگاہ ہیں جن میں بتایا گیا ہے کہ کچھ پاکستانی شہری اٹاری میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اگر انڈین حکام انہیں اپنی طرف سے سرحد پار کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو ہم اپنے شہریوں کا استقبال کرنے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 30

کہ ژوب کی تحصیل کاکڑ خراسان میں محکمہ جنگلات کے ساتھ اس کارروائی میں لیویز اور پولیس نے بھی حصہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ بازیاب کروائے گئے اس بھیڑیے کی نسل 'گرے وولف' کہلاتی ہے شریف الدین نے مزید بتایا کہ بھیڑیوں کی بلوچستان میں پائی جانے والی یہ 'گرے وولف' نسل معدومیت کے خطرے سے دوچار ہے انہوں نے بتایا کہ گرے وولف کی نسل نایاب ہے، صوبے میں اس کی تعداد کم ہے، بھیڑیے کے بچوں کی دیکھ بھال کے بعد انہیں اپنے ماحول میں چھوڑ دیا جائے گا۔

بقیہ 31

ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق اپریل 2025 کے ٹیکس محصولات گزشتہ مالی سال کے لیے مقرر کردہ 9,300 ارب روپے کے سالانہ ہدف سے تجاوز کر گئے ہیں۔ واضح رہے کہ 43 ارب روپے کے ریفنڈز جاری کرنے کے باوجود ٹیکس وصولی میں اضافہ برقرار ہے۔ تفصیلات کے مطابق اس دوران انکم ٹیکس محصولات میں 44 فیصد، سیلز ٹیکس میں 17 فیصد اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی (ایف ای ڈی) کی وصولیوں میں 31 فیصد کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 32

جمعہ کو میر شعیب نوشیروانی کا فیڈرل لیویز ملازمین کے لگائے گئے احتجاجی کیمپ آمد کے موقع پر میڈیا سے گفتگو شعیب نوشیروانی نے احتجاج پر بیٹھے ریٹائرڈ لیویز ملازمین کو احتجاجی کیمپ ختم کرنے کی استدعا کرتے ہوئے ریٹائرڈ ملازمین کے تمام معاملات جلد حل کرانے کی یقین دہانی کرائی ریٹائرڈ ملازمین نے شعیب نوشیروانی کے وعدے پر احتجاج ختم کرنے کا اعلان کر دیا تین سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود پنشن نہ ملنے پر ملازمین نے احتجاجی کیمپ لگایا تھا۔ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ سوموار کو ریٹائرڈ ملازمین کے ساتھ مل بیٹھ کر مسئلہ حل کریں گے فیڈرل لیویز ملازمین کے مطالبات جائز ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کابینہ اجلاس میں واضح ہدایت دی ہے کہ ملازمین سے ملاقات کریں ملازمین کے ساتھ بیٹھ کر معاملات طے کریں، وہی کابینہ میٹنگ کا حصہ بنیں گے ریٹائرڈ ملازمین کی مرضی سے فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 33

انتظامات کئے گئے مساجد اور امام بارگاہوں کے اندر اور باہر فورسز کو تعینات کر کے اندر جانے والوں کی سخت تلاشی لی گئی بازار کے اہم چوکوں اور حساس مقامات پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کی تلاشی بھی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے ملک کی استحکام دہشتگردی کی خاتمے اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں نماز جمعہ کے دوران سیکورٹی کی انتظامات انتہائی سخت کر دی گئی مساجد اور امام بارگاہوں کے باہر فورسز کو تعینات کر کے مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی گئی اسی طرح مساجد میں جانے والے لوگوں کی بھی تلاشی لی گئی ساتھ میں کوئٹہ کے مختلف حساس علاقوں اور چوکوں پر بھی فورسز تعینات کئے گئے جبکہ کوئٹہ میں داخل ہونے والے گاڑیوں کی بھی تلاشی سخت کر دی گئی نماز جمعہ کے دوران علماء کرام نے دہشتگردی کی خاتمے کے ملک کی استحکام اور امت مسلمہ کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی اور نماز جمعہ کے خطبے کے دوران عوام پر زور دیا کہ وہ آپس میں اختلافات ختم کر کے ان شیطانی قوتوں کے خلاف متحد ہو جائے جو ملک کو کمزور کرنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام واحد مذہب ہے جو انسانیت کا درس دیتا ہے جو لوگ اسلام کے نام پر دہشتگردی کرتے ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں بلکہ ان کو انسان کہلانے کی بھی لائق نہیں ہیں انہوں نے کہا کہ یہ ملک اسلام کے نام پر آزاد ہوا اللہ تعالیٰ خود اس ملک کی حفاظت کرے گا لیکن ہماری بھی فرض بنتا ہے کہ ملک کی استحکام اور کامیابی کیلئے ذاتی مفادات کے ساتھ ملکی مفادات کا بھی خیال رکھیں۔

بقیہ 34

حملے کے بعد بھارت کی جانب سے متعدد پاکستانی یوٹیوب چینلز پر پابندی عائد کیے جانے کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف کے یوٹیوب چینل پر بھی پابندی عائد کر دی گئی۔ وزیراعظم کے یوٹیوب چینل پر تقریر چلنے کے بعد یوٹیوب انتظامیہ نے بھارتی شکایت پر تقریر یوٹیوب سے ہٹا دی، انتظامیہ کا کہنا ہے کہ وزیر اعظم کی تقریر ہٹانے کے خلاف اپیل کا حق دیا گیا ہے۔ اس سے قبل بھارت نے یوٹیوب پر پاکستان کے سولہ چینلز کی نشریات بلاک کر دی تھیں جبکہ اس سے پہلے بھی مودی سرکار پاکستانی حکومت کے ایکس اکاؤنٹس پر بھارت میں پابندی لگا چکی ہے۔

بقیہ 35

ت کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں بلوچستان ہائی کورٹ بار روم سے خطاب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ملک کے مسائل کی توبات کی جاتی ہے، مگر ان کے حل کی بات نہیں کی جاتی، ہماری جماعت کا مقصد مسائل کے حل کے لیے بات کرنا ہے، ہمارا مقصد پولیٹیکل پوائنٹ اسکورنگ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناانصافی ملک کی جڑ کو کھوکھلا کر دیتی ہے، جب آئین کو پامال کیا جاتا ہے

بقیہ 36

لیے ایک الوداعی پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں اے ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد علی حسن عمرانی، ڈی ایس پی کمپلینٹ شوکت علی جمالی ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع میر ظہیر احمد عمرانی سمیت دیگر اسٹاف میں ایس پی انسپکٹر عبدالرحیم ساسولی، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر حسن علی سونگی، ایس ایچ او مجھوشوری نذیر حسین سامت، جمیل احمد ابڑو، عباس علی عمرانی ذوالفقار احمد لاشاری، مانجھی خان برڑو، عاقب علی بہرانی عبدالوہاب بہرانی عاشق علی مستوئی، حسین کورار، اربیلا خان جمالی اور ممتاز پندرانی سمیت دیگر اہلکاروں نے شرکت کی

بقیہ 37

کارکردگی پر عوامی حلقوں میں خوشی کا اظہار کیا گیا۔ ایس پی اوستہ حسنین وارث کی موت پر ایس پی سرکل اوستہ محمد گل حسن بہرانی کی نگرانی میں دبنگ پولیس افیسران سپیکٹر غازی عبدالرؤف جمالی ایس ایچ او سٹی اوستہ محمد، سب انسپکٹر حضور بخش جمالی، ایس آئی شہزادہ خان جمالی نے گلانہ محمد رسولاک کے مہارت اور غلام کے قاتل غلامی کے قتل کیس میں ولد حسین کو بتایا۔ چھوان، ساکن گڑھی خیرو، سندھ کو نظر انداز۔ پاکیزہ نے جا کی سے قتل کو انتہائی خودکشی کا رنگ دے کر حقیقت چھپانے کی کوشش کی، لیکن پولیس نے بمقابلہ مشق کا پردہ فاش سوال۔ دوسری بڑی کارروائی کے دوران، ایک بچے کو بے دردی سے کچلنے والے مرتکب ڈرائیور اسد ولد سعید اللہ اور اسامہ عرف فیصل ولد اعجاز ساکنان اوکاڑہ، پنجاب کو گرفتار کر کے مزید مقامی پولیس کر رہی ہے۔ سیاسی پولیس اوستہ محمد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے، اور قانون شکن عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 38

کیا جا رہا ہے، جنگی مشقوں کا مقصد دشمن کی کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینا ہے۔ اس سے قبل 29 اپریل کو پاکستان نے بھارت کو عملی طور پر منہ توڑ جواب دیا تھا، پاک فوج نے لائن آف کنٹرول پر ایک ہی روز میں بھارتی فوج کے 2 کواڈ کوپٹر مار گرائے تھے۔ واضح رہے کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارت کی جانب سے بے بنیاد الزام تراشی کی وجہ سے پاک بھارت کشیدگی برقرار ہے۔

بقیہ 39

کرلی ایوان نے ڈاکٹر مہر اللہ خان ترین کے صوبے کے لیے گراں قدر خدمات پر حکومت بلوچستان سے سفارش کی کہ ڈاکٹر مہر اللہ خان ترین کو شہید قرار دیکر ان کے نام سے کینسر ہسپتال کے منسوب کیا جائے کے قرارداد کو ایوان نے قرارداد کو منظور کر لیا اپوزیشن کی جانب سے مائنز اینڈ منرلز بل سے وفاق کے اختیارات دوبارہ شامل کرنے کے خلاف ایوان سے واک آؤٹ کیا

بقیہ 40

انکوائری شروع کر دی رپورٹ کے مطابق ڈی جی حج مکہ کے خلاف 2018 سے 2021 کے دوران 43 ملین روپے کی کرپشن پر انکوائری شروع کر دی گئی ہے جبکہ وزارت کی ڈپارٹمنٹل انکوائری کمیٹی نے بھی کرپشن کی نشاندہی کی اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی کی سفارش کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق حاجیوں کو ناقص کھانا فراہم کرنے پر مقامی کنٹریکٹر کو جرمانہ کیا گیا اور کنٹریکٹر نے 7 ملین سے زائد رقم بطور ہرجانہ وزارت کو جمع کروائی۔ رپورٹ کے مطابق متعلقہ آفیسر رقم سرکاری خزانے میں جمع کروانے کی بجائے ذاتی استعمال میں لے آیا جس سے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق ڈی جی حج آفس کے اکاؤنٹ نے 12 ملین کے ترسیلات زر بھی اپنے اکاؤنٹ میں منتقل کیے یہ ترسیلات وزارت خارجہ کے اکاؤنٹ سے وزارت مذہبی امور کے اکاؤنٹس میں منتقل کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق وزارت مذہبی امور کے اکاؤنٹ نے رقم سرکاری خزانے میں جمع کرانے کی بجائے ذاتی اکاؤنٹ میں بھیج دی رپورٹ کے مطابق اکاؤنٹنٹ کی جانب سے کیشن ان ہینڈ کی رقم کو بھی ذاتی فائدے کے لیے استعمال کیا گیا اور اکاؤنٹنٹ نے 34 لاکھ پاکستانی روپے کی رقم اخراجات میں ظاہر کر کے خود استعمال کی۔ رپورٹ کے مطابق ڈی جی حج آفس کی جانب سے معاونین حج کے نام پر رقم بٹوری گئی رپورٹ کے مطابق معاونین حج کو روزانہ اخراجات کے لیے 15 ریال کی ادائیگی کا فیصلہ ہوا اور فیصلے کے مطابق معاونین کو 3 لاکھ 84 ہزار 375 ریال ادا کرنا تھے۔ رپورٹ کے مطابق وزارت نے اپنے ہی ملازمین کو نوازنے کے لیے اضافی الاؤنس بھی دے دیے جبکہ معاونین حج کو 2 کروڑ 11 لاکھ 40 ہزار کے الاؤنس دیے گئے ایف آئی اے نے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے پر باقاعدہ انکوائری کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 41

لے کر مدینہ کیلئے روانہ ہوئی، اس موقع پر پی آئی اے کے چیف آپریٹنگ آفیسر خرم مشتاق نے عازمین حج کو رخصت کیا۔ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں چیف آپریٹنگ آفیسر پی آئی اے خرم مشتاق اور دیگر حکام نے عازمین کو پھول اور تحائف پیش کئے، عازمین حج نے پی آئی اے کی جانب سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ پی آئی اے کے قبل از حج آپریشن کے تحت اب تک مختلف شہروں سے 2500 سے زائد عازمین حج کو سعودی عرب پہنچایا جا چکا ہے، پی آئی اے اس حج آپریشن میں بوئنگ 777 اور ایئربس 320 طیاروں کا استعمال کر رہی ہے۔ کراچی سے 7 ہزار 200 سے زائد عازمین کو 39 خصوصی پروازوں کے ذریعے حجاز مقدس پہنچایا جائے گا، پہلے مرحلے میں عازمین کرام کی پروازیں پاکستان سے مدینہ کیلئے روانہ ہوں گی، جبکہ دوسرے مرحلے میں یہ پروازیں جدہ روانہ ہوں گی۔ پی آئی اے حج آپریشن کے دوران 35200 سرکاری عازمین حج کو 117 خصوصی پروازوں کے ذریعے حجاز مقدس پہنچایا جائے گا، اس آپریشن کی پروازیں کراچی، لاہور، اسلام آباد، کوئٹہ، ملتان اور پشاور سے آپریٹ کی جا رہی ہیں۔ ترجمان کے مطابق پی آئی اے کا قبل از حج آپریشن 31 مئی تک جاری رہے گا۔

بقیہ 42

لت نے تحریک انصاف کے 82 کارکنوں کو سزائیں سنا دیں۔ عدالت نے 24 مقدمات میں تمام حاضر ملزمان پر فرد جرم بھی عائد کر دی۔ دوران سماعت احتجاج کرنے کا اقبال جرم کرنے والے 82 ملزمان کو عرصہ حوالات کی سزائیں سنائی گئیں۔ عدالت نے حکم دیا کہ اقبال جرم کرنے والے 82 کارکنوں نے جتنی جیل کاٹی وہی عرصہ قید سزا ہوگی۔ عرصہ حوالات سزائیں ایک ماہ سے 3 ماہ تک قیدیوں کی شمار ہوں گی۔ عدالت نے کسی بھی ملزم کو عرصہ حوالات سزا کے ساتھ کسی قسم کا کوئی جرمانہ نہیں کیا جب کہ اقبال جرم سے انکار کرنے والے تمام ملزمان کے خلاف آئندہ تاریخ پر گواہان کو طلب کر لیا گیا۔ واضح رہے کہ سانحہ 24 اور 26 مئی کے 15 مقدمات ڈسٹرکٹ اٹک اور 9 راولپنڈی میں درج ہیں۔ 26 مئی احتجاج کے 8،8 کیسز کی سماعت 7،8 اور 9 مئی کو مقرر ہے۔

بقیہ 43

زاید النہیان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور پاکستان کے لیے غیر متزلزل حمایت پر متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کیا، جو دونوں ممالک کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا ثبوت ہے۔ وزیر اعظم نے پہلگام واقعے کے بعد جنوبی ایشیا میں حالیہ امن و امان کی صورتحال پر پاکستان کے نقطہ نظر سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہر میں مذمت کرتا ہے کیونکہ وہ خود دہشت گردی کا سب سے بڑا شکار رہا ہے

بقیہ 44

پذیر ممالک کو وسائل فراہم کیے بغیر ان سے توقعات رکھنا بے معنی ہے۔ وفاقی وزیر نے جنیوا میں قطر کے وزیر ماحولیات ڈاکٹر عبداللہ سے ملاقات میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ علاوہ ازیں مصدق ملک نے یورپین کمیشن کے ڈائریکٹر سرکلر اکانومی سے بھی ملاقات کی۔

بقیہ 45

ا؟ بی وسائل اور وزارت قانون نے ابتدائی ہوم ورک کر لیا۔ سفارتی ذرائع سے نوٹس میں معاہدے کی معطلی کی ٹھوس وجوہات طلب کی جائیں گی۔ سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے خلاف عالمی فورمز پر بھرپور احتجاج ریکارڈ کروانے پر بھی غور کیا جا رہا ہے جس میں بھارت کی آبی جارحیت کو موثر انداز میں دنیا کے سامنے لایا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان کے مو؟ قف کو قانونی اور اخلاقی جواز دینا ہے۔ پاکستان سندھ طاس معاہدے پر قانونی سبقت رکھتا ہے، امید ہے بھارت کو جلد اپنے فیصلے پر نظرثانی کرنا پڑے گی۔ ذرائع کا کہنا کہ تمام اقدامات حکومت و کابینہ کی منظوری کے بعد کیے جائیں گے

بقیہ 46

اعلیٰ حکام نے وفد کو خوش آمدید کہا اور انہیں سینیٹ میوزیم کا دورہ کروایا، جہاں پاکستان کی پارلیمانی تاریخ اور سینیٹ کے کردار پر مبنی ایک معلوماتی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ بعد ازاں وفد کو سینیٹ ہال کا دورہ کرایا گیا، جہاں انہیں سینیٹ کی کارروائی اور قانون سازی کے عمل اور ایوان بالا کے طریقہ کار پر جامع بریفنگ دی گئی۔ وفد نے سینیٹ کی کارکردگی، پارلیمانی روایات اور جمہوری عمل کے بارے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اراکین کے وفد نے سینیٹ حکام کا شکریہ ادا کیا اور اس دورے کو ایک یادگار اور دلچسپ قرار دیا۔

بقیہ 47

یٹم بم بنانے تک مزدوروں اور محنت کشوں کا بھی اہم کردار ہے جن کی عظمت کو ہم سلام پیش کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یکم مئی کو مسلم لیگ لیبر ونگ کے زیر اہتمام آرٹس کونسل میں منعقدہ عظیم الشان لیبر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 48

مظاہرے میں پاکستانی اور خالصتان کی حامی سکھ کمیونٹی کی ایک بڑی تعداد شریک ہوئی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ بھارتی سفارت خانے دہشتگردی کے مراکز بنے ہوئے ہیں، سکھ پنجاب کی دھرتی پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دیں گے۔ مظاہرین نے کہا کہ بھارت نے آبی دہشتگردی کی تو اسے بھاری قیمت ادا کرنا ہوگی۔ مظاہرین نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے خلاف شدید نعرے بازی کی، انہوں نے خالصتان کے جھنڈے اور بھارت مخالف پوسٹرز اٹھا رکھے تھے۔ مظاہرین کی جانب سے بھارتی حکومت پر سکھ برادری کے خلاف انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا الزام عائد اور خالصتان کے قیام کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ 49

کے عزم کے متفقہ اظہار پر مشتمل قرارداد کا بھی ذکر کیا جس کی تیاری اور تائید میں تمام جماعتوں نے حصہ لیا۔ نواز شریف نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے لیکن ملکی دفاع کے عظیم مقصد کے لیے ہر طرح کے اختلافات کو ایک طرف رکھ دینا ایک اچھی روایت ہے۔

بقیہ 50

آئی کی گزشتہ ہفتے اوورسیز کنونشن کے کامیاب انعقاد پر چیئرمین او پی ایف کو مبارکباد دی۔ عاطف اکرام نے کہا کہ ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام میں سمندر پار پاکستانیوں کی شراکت داری ناگزیر ہے اور اوورسیز پاکستانیز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے سمندر پار پاکستانیوں کے مقدمات کیلئے خصوصی عدالتیں کا قیام خوش آئند ہیں صدر ایف پی سی سی آئی کی وزیراعظم کی طرف سے اوورسیز پاکستانیز کیلئے اعلان کردہ پیکج کی ستائش ہیں۔ عاطف اکرام نے کہا کہ مارچ میں سمندر پار پاکستانیوں نے 4 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کی ریکارڈ ترسیلات بھیجیں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے او پی ایف اور ایف پی سی سی آئی میں تعاون بڑھایا جائیگا۔

بقیہ 51

گیا ہے، اجلاس میں وزیر قانون، وزیر پارلیمانی امور، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل، سیکرٹری قانون نے شرکت کی، قومی اسمبلی اجلاس میں بھارتی جارحیت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور کیے جانے کا امکان ہے، اجلاس میں بھارتی فالس فلیگ آپریشن کے بعد خطے کی صورتحال اور قومی سلامتی امور پر بحث کی جائے گی۔ قومی سلامتی سے متعلق امور پر قومی اتفاق رائے پیدا کرنے اور اپوزیشن سے بات چیت پر بھی مشاورت کی گئی، اجلاس میں قانون سازی سمیت دیگر نکات پر مشاورت کی گئی، قومی اسمبلی میں بھارت کے خلاف قرارداد مذمت لانے اور اس کے مسودہ پر بھی مشاورت کی گئی۔

بقیہ 52

آئی کی گزشتہ ہفتے اوورسیز کنونشن کے کامیاب انعقاد پر چیئرمین او پی ایف کو مبارکباد دی۔ عاطف اکرام نے کہا کہ ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام میں سمندر پار پاکستانیوں کی شراکت داری ناگزیر ہے اور اوورسیز پاکستانیز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے سمندر پار پاکستانیوں کے مقدمات کیلئے خصوصی عدالتیں کا قیام خوش آئند ہیں صدر ایف پی سی سی آئی کی وزیراعظم کی طرف سے اوورسیز پاکستانیز کیلئے اعلان کردہ پیکج کی ستائش ہیں۔ عاطف اکرام نے کہا کہ مارچ میں سمندر پار پاکستانیوں نے 4 اعشاریہ 1 ارب ڈالر کی ریکارڈ ترسیلات بھیجیں سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے او پی ایف اور ایف پی سی سی آئی میں تعاون بڑھایا جائیگا۔

بقیہ 53

رپورٹ کیا اس میں شکوک و شبہات ہیں، ہو سکتا ہے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر پہلگام واقعے کو اٹھائیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پتہ چلنا چاہیے کہ پہلگام واقعے کے گھناؤنے عمل میں کون ملوث ہے، یہ ثابت ہو رہا ہے کہ بھارت نے اس واقعے کو پلاننگ کے تحت کیا ہے اور واقعے سے ایسا لگتا ہے بھارت اپنے ناپاک مقاصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔

بقیہ 54

پل کی تعمیر میں پیش رفت، معیار اور درپیش چیلنجز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود ٹھیکیدار اور محکمہ تعمیرات کے افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں کسی قسم کی کوتاہی یا معیار پر سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود سے جڑے منصوبوں میں شفافیت، اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کے ٹیکس سے جاری منصوبوں کی نگرانی بھرپور انداز میں جاری رکھے گی تاکہ عوام کو بہترین سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ 55

کے لیے سرکاری محکموں اور سرمایہ کاری بورڈ کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ دو ملاقات میں دیہی علاقوں کی معیشت میں مویشیوں کے اہم کردار کو تسلیم کرتے ہوئے جدید انفراسٹرکچر، بہتر مارکیٹ تک رسائی اور ویلیو ایڈڈ پروسیسنگ کی ضرورت پر زور دیا گیا

بقیہ 56

کر دیئے گئے۔ اپنے ایک ویڈیو بیان میں وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ بجلی کے مہنگے پلانٹس ختم کر کے عوام کو بڑا ریلیف دیا گیا، ان اصولی فیصلوں کے تحت حکومت آئندہ بجلی کی خریدار نہیں ہوگی، بلکہ مارکیٹ کے ذریعے بجلی کی خرید و فروخت کی جائے گی۔

بقیہ 57

میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا گیا جن کی طبی امداد جاری ہے سر دست واقع کا وجہ معلوم نہ ہو سکی مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 58

کے مطابق نیشنل ہائی وے قلات اور بازار میں جتنے بھی منی پٹرول پمپس جو کہ غیر قانونی پٹرول پمپس ہیں ان سب کو ایس ایچ او سٹی پولیس کی جانب سے نوٹس جاری کرتے ہوئے 7 یوم کی مہلت دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ غیر قانونی پمپس کھول کر ایرانی اسمگلنگ شدہ پٹرول / ڈیزل فروخت کرتے ہیں جو کہ ایک غیر قانونی عمل ہے

بقیہ 59

کراچی قومی شاہراہ پر رحیم آباد (مٹی ڈھور) ایریا میں پل کو نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا جس سے پل کا ایک حصہ تباہ ہو گیا ہے تاہم ایک جانب سے ٹریفک جاری ہے۔

بقیہ 60

ایف نے بھی حاصل کر لی اور تمام دنیا کو دکھا دی۔ لیک دستاویز نے ''را'' کا عالمی سطح پر مذاق بنا دیا اور پہلگام آپریشن کی صداقت پر بھارتی حکومت کو کٹہرے میں لا کھڑا کیا۔ دستاویز میں اعلیٰ سطح کے جھوٹے آپریشنز میں فوجی و سیکیورٹی اداروں کا کردار سامنے آیا ہے۔ لیکڈ فائل جنرل رانا کی ذاتی حفاظت میں دی گئی تھی۔ بھارتی حکومتی تحقیقات کے مطابق لیک فائلز جنرل رانا کے دفتر سے میڈیا تک پہنچیں جس پر جنرل رانا کو فوری طور پر ڈی آئی اے کی سربراہی سے ہٹانے کا حکم جاری کیا گیا۔ جنرل رانا کا تبادلہ اندیمان نکوبار میں کیا گیا جو بیماریوں، تنہائی اور ناکافی سہولیات والا سخت فوجی اسٹیشن ہے۔ جنرل رانا کی بے توقیری اور اختیار سے اس طرح کی بے عزتی کے ساتھ ہٹایا جانا بھارتی قیادت اور سپاہیوں پر ذہنی دباؤ ڈالے گا۔

بقیہ 61

جاپان کی مہارت سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ وزیر مملکت نے مزید کہا کہ حکومتی منصوبوں کے تحت 25 سے 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان آئی ٹی اور ہائی ٹیک تعاون کے بے پناہ مواقع موجود ہیں، پاکستان کے نجی شعبے کو دوطرفہ تعاون میں شامل کرنا ناگزیر ہے۔

بقیہ 62

سیٹوں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ہم نے بلوچستان اور کے پی کے کالجز کو کہا کہ اپنے اسٹینڈرڈ اور سیٹوں کو بڑھائیں تاکہ ان طلبا کو ان کے صوبے میں داخلہ مل سکے۔ موجودہ ملکی صورتحال پر بات کرتے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بھارت کی بڑھکیاں ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، وہاں سے مریضوں کو بے دخل کرنا غلط بات ہے، انہوں نے کہا کہ وزارت صحت نے ان مریضوں کا علاج پاکستان کے مختلف اسپتالوں میں کیا جائے گا۔

بقیہ 63

شرکت کی۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مزدوروں کے ساتھ یکجہتی، محبت اور حقوق کے حق میں نعرے درج تھے۔ مظاہرے سے واحد بخش شیرزئی، علی احمد ریکی، کاظم مینگل، حبیب بخش بزنجو سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا

بقیہ 64

دیا۔ بھارتی میڈیا نے بھی اعتراف کیا ہے کہ پاکستانی میڈیا بیانیے کی جنگ جیت گیا ہے۔ مودی سرکار نے ذرائع ابلاغ اور میڈیا چینلز پر پابندی کے بعد اب آئی ایس پی آر کا آفیشل یوٹیوب چینل اور ایکس اکاؤنٹ بھی معطل کر دیئے

بقیہ 65

مظفر کی بازیابی سے متعلق اسکے بھائی وقار احمد کی جانب سے دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت میں نعیم مظفر کی والدہ کے ہمراہ درخواست گزار کی وکیل ایمان مزاری ایڈووکیٹ پیش ہوئیں

بقیہ 66

فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد اسلام آباد ہائی کورٹ نے عدالتی معاون کو اپنے دلائل تحریری طور پر جمع کرانے کی ہدایت کر دی۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے موقف اختیار کیا کہ 18 مارچ کو نئے ٹریبونل کا نوٹیفکیشن جاری ہو گیا تو پرانا ٹریبونل ختم ہو گیا۔ پرانے ٹریبونل نے 21 مارچ کو کیس کا مختصر فیصلہ جاری کیا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے استفسار کیا کہ 18 مارچ کا صدارتی نوٹیفکیشن ٹریبونل کے سامنے چیلنج تھا؟ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ نے بتایا کہ نوٹیفکیشن چیلنج نہیں تھا، اسے کالعدم قرار نہیں دیا جا سکتا تھا۔ ایڈووکیٹ جنرل ایاز شوکت نے کہا کہ عدالت نے دیکھنا ہے کہ کیا ٹریبونل کے پاس وہ آرڈر کرنے کا اختیار تھا یا نہیں؟ جس پر جسٹس ارباب محمد طاہر نے کہا کہ ٹریبونل نے لکھا ہے کہ انہوں نے فیصلہ پہلے محفوظ کر لیا تھا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ قانون کو کالعدم قرار دینے سے پہلے اٹارنی جنرل کو نوٹس کیا گیا تھا؟ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ ٹریبونل کے پاس اٹارنی جنرل کو نوٹس کر کے طلب کرنے کا بھی اختیار نہیں۔ ایڈووکیٹ جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ٹریبونل سول کورٹ کے برابر ہے اور سول کورٹ کے پاس کسی قانون کو کالعدم کرنے کا اختیار نہیں۔ نئے نوٹیفکیشن کے بعد جس ٹریبونل کا وجود ہی نہیں وہ آرڈر نہیں کر سکتا تھا۔ جسٹس ارباب محمد طاہر نے ریمارکس دیے کہ ہائیکورٹ سے سپریم کورٹ جانے والے ججز بھی بعد میں محفوظ کردہ فیصلے جاری کرتے ہیں۔ درخواست گزار ججز کے وکیل نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد کے ججز کے دوسرے صوبوں میں تبادلے بار کا مطالبہ رہا ہے۔ صوبوں کے ججز کے صوبے کے اندر تبادلے ہوتے رہتے ہیں، اسلام آباد کے ججز کا تبادلہ نہیں ہوتا۔ اسلام آباد بار کا مطالبہ رہا ہے کہ اسلام آباد کے ججز کے بھی دوسرے صوبوں میں تبادلے ہونے چاہییں۔

بقیہ 67

آمنے سامنے آئیں تو حالات کیا شکل اختیار کرتے ہیں اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا، ہماری معاشی ترقی امن کی متقاضی ہے لیکن ہم باوقار امن پر یقین رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعے کے حوالے سے بھارت کی جانب سے تاحال کسی قسم کا کوئی بھی ثبوت پاکستان یا دنیا کے سامنے نہیں رکھا گیا۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ بھارت اپنی جابرانہ پالیسیوں، انتخابی مجبوریوں یا انتظامی کوتاہیوں کا بوجھ پاکستان پر نہیں ڈال سکتا، اگر سات لاکھ فوج کی موجودگی بھی مقبوضہ کشمیر میں امن کو یقینی نہیں بنا سکتی تو یہ بھارت کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ پاکستانی سفیر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے، گزشتہ سال پاکستان میں دہشت گردی کے تقریباً ایک ہزار واقعات پیش آئے، پاکستان نے دہشت گردی کی عالمی جنگ میں صف اول کا کردار ادا کیا ہے، پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں جانوں اور اربوں ڈالر کا مالی نقصان اٹھایا۔

بقیہ 68

اگلے سال کسان پاکستان میں گندم نہیں اگائے گا، آپ نہیں جتنے بھی ٹریکٹر دے دیں۔ اپنے موقف میں وکیل حکومت پنجاب نے بتایا کہ ہم ویئر ہاوس بنا رہے ہیں، جہاں کسان حکومتی خرچ پر 4 ماہ تک گندم رکھ سکتے ہیں۔ جسٹس سلطان تنویر احمد نے پوچھا کہ کیا آپ ان سے گندم خریدیں گے؟ اس پر وکیل پنجاب حکومت نے جواب دیا کہ نہیں، ہم ان کو اپنے خرچ پر ایک ویئر ہاوس مہیا کریں گے

بقیہ 69

تھے۔ چیئرمین پاکستان بزنس کونسل دبئی شبیر مرچنٹ نے وفاقی وزیر کا خیر مقدم کیا اور اوورسیز کنونشن اسلام آباد کے کامیاب انعقاد پر حکومت کی کوششوں کو سراہا۔ سفیر فیصل ترمذی نے وفاقی وزیر کے حالیہ دورہ متحدہ عرب امارات اور اعلیٰ سطحی ملاقاتوں سے متعلق تفصیلات پیش کیں، جن میں ابوظہبی اور دبئی کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں شامل تھیں

بقیہ 70

میں پورے خطے کے امن کو داؤ پر لگا دیا ہے۔ بیرسٹر سیف نے مزید کہا کہ کوئی بھی فالس فلیگ آپریشن کو حقیقت ماننے کے لیے تیار نہیں ہے اور فالس فلیگ ڈرامے کی ناکامی پر نریندر مودی حواس باختہ ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ قومی یگانگت اور اتحاد کے لئے بانی چیئرمین سمیت تمام سیاسی قیدیوں کی [illegible]

بقیہ 71–77 [illegible]

بقیہ 78–90 [illegible]

قومی اتحاد و یکجہتی کیلئے پارلیمنٹ کا کردار قابل تحسین ہے، نواز شریف

ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے لیے پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کا یک زبان ہو کر آواز اٹھانا نہایت خوش آئند ہے

پارلیمنٹیرینز کے اس کردار سے قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا اور عوام میں بھی اتفاق و اتحاد کی فضا پیدا ہوگی، سینیٹر عرفان صدیقی سے ملاقات میں گفتگو

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے لیے پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کا یک زبان ہو کر آواز اٹھانا نہایت خوش آئند ہے۔ پارلیمنٹیرینز کے اس کردار سے قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا اور عوام میں بھی اتفاق و اتحاد کی فضا پیدا ہوگی۔ یہ بات انہوں نے سینٹ میں مسلم لیگ (ن) پارلمانی پارٹی کے سربراہ اور قائمہ کمیٹی امور خارجہ کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے آج رائیونڈ میں صدر جماعت سے ملاقات کی۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اپنی جماعت کے سربراہ نواز شریف کو سینٹ میں مسلم لیگ (ن) پارلیمانی پارٹی کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ سینیٹر صدیقی نے ملکی دفاع (بقیہ 49 اندرونی صفحہ 7 پر)

قومی اسمبلی کا اجلاس 5 مئی کو طلب کرنے کا فیصلہ

وزیر دفاع کی زیر صدارت اہم اجلاس، کشیدہ صورت حال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں اہم مشاورتی اجلاس ہوا، اجلاس میں پاک بھارت کشیدگی کے تناظر میں پارلیمانی امور پر مشاورت کی گئی، اجلاس میں قومی اسمبلی کا اجلاس پانچ مئی کو طلب کرنے کا فیصلہ کیا (بقیہ 51 اندرونی صفحہ 7 پر)

صدر ایف پی سی آئی کی چیئرمین اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن سے ملاقات

باہمی دلچسپی کے امور، اوورسیز پاکستانیز کے مسائل سمیت دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) صدر ایف پی سی آئی عاطف اکرام کی چیئرمین اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن سید قمر رضا سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور، اوورسیز پاکستانیز کے مسائل سمیت دیگر اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا، صدر ایف پی سی سی (بقیہ 52 اندرونی صفحہ 7 پر)

اقوام متحدہ کے زیر اہتمام آزادی صحافت کا دن آج منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) ملک بھر میں اقوام متحدہ کے زیر اہتمام (آج) 3 مئی کو آزادی صحافت کا دن منایا (بقیہ 50 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکہ، خیز مواد سے پل کے ایک حصے کو نقصان پہنچا

منگچر (آن لائن) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکہ خیز مواد سے پل کے ایک حصے کو نقصان پہنچا منگچر کوئٹہ (بقیہ 59 اندرونی صفحہ 7 پر)

دبئی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال پاکستان بزنس کونسل کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

برآمدات کو فروغ دینے اور غذائی تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے بڑھایا جا سکتا ہے، طیب لہڑی

بجلی کا 10 سالہ منصوبہ منظور، حکومت آئندہ بجلی کی خریدار نہیں ہوگی، اویس لغاری

مہنگی بجلی کے 7000 میگا واٹ منصوبے ختم کر دیئے گئے ہیں، 4743 ارب روپے کی بچت ہوگی

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 7 پر) (بقیہ 56 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ انکوائری کیلئے تیار ہے، رانا ثناء اللہ

پہلگام واقعے کو جس طرح بھارت نے رپورٹ کیا اس میں شکوک و شبہات ہیں، ہوسکتا ہے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر پہلگام واقعے کو اٹھائیں

بھارت اپنے مذموم مقاصد کا حصول چاہتا ہے، اس کی روش خطے کو خطرے کی طرف دوچار کرنے کی طرف بڑھ رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ انکوائری کیلئے تیار ہیں، ہوسکتا ہے اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر پہلگام واقعے کو اٹھائیں۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ بھارت اپنے مذموم مقاصد کا حصول چاہتا ہے اور پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کر رہا ہے، اس کی روش خطے کو خطرے کی طرف دوچار کرنے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ وزیراعظم کے سیاسی مشیر کا کہنا تھا کہ پہلگام واقعے کی غیر جانبدارانہ انکوائری کیلئے تیار ہیں، بھارت مشترکہ انویسٹی گیشن چاہتا ہے تو اس کیلئے بھی تیار ہیں، تھرڈ پارٹی اسپیشل ایکسپرٹ بھی پہلگام واقعے کی انکوائری کریں تو بھی ہم تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پہلگام واقعے کو جس طرح بھارت نے (بقیہ 53 اندرونی صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کا جعفر آباد کے مقام پر زیر تعمیر پل کا دورہ

عوامی منصوبوں میں شفافیت، اعلیٰ معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنائینگے، ارشد حسین

اوستہ محمد (اے این این) ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی کا تحصیل استا محمد میں جعفر آباد کے مقام پر زیر تعمیر پل کا دورہ اور باریک بینی سے مشاہدہ تفصیلات کے مطابق آج ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی نے استا محمد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے زیر تعمیر پل کا معائنہ کیا۔ انہوں نے موقع پر تعمیراتی سرگرمیوں کے مختلف مراحل کا بغور جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے (بقیہ 54 اندرونی صفحہ 7 پر)

پنجگور، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (آن لائن) پنجگور کے علاقے ایئرپورٹ روڈ کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے گیس پلانٹ کے منشی باسط ولد ریاض سکنہ سندے سر زخمی ہوئے جنہیں ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کر دیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق گیس پلانٹ کے منشی باسط ولد ریاض ڈیوٹی سے بازار آرہے تھے کہ انہیں رستے (بقیہ 57 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلات پولیس کی کارروائی غیر قانونی ایرانی پٹرول فروخت کرنے والے منی پمپس کو سات روز کی مہلت

قلات (اے این این) قلات میں ایرانی پٹرول کی دکانوں اور پٹرول پمپس کو وارننگ جاری، سات دن میں خود بند کرے بصورت دیگر سخت کارروائی ہوگی، قلات پولیس کی جانب سے نوٹس جاری، تفصیلات (بقیہ 58 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور پارلیمانی سیکریٹری میر لیاقت لہڑی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

یوم مزدور کے موقع پر نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

نوکنڈی (آن لائن) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام یوم مزدور کے موقع پر بازار چوک نوکنڈی میں ایک بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، جس میں مختلف ٹریڈ یونینز (بقیہ 63 اندرونی صفحہ 7 پر)

پہلگام واقعے پر ”را“ کی خفیہ دستاویز لیک، بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی کا سربراہ برطرف

بھارتی حکومتی تحقیقات کے مطابق لیک فائلز جنرل رانا کے دفتر سے میڈیا تک پہنچیں

اسلام آباد (جی این ایم) پہلگام واقعے پر ”را“ کی خفیہ دستاویز لیک ... لیس رانا انڈمان و نکوبار (المعروف کالا پانی) میں جبر (بقیہ 60 اندرونی صفحہ 7 پر)

حکومت 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھا رہی ہے، شزا فاطمہ

ہنرمندی اور تجارتی تعاون کے فروغ میں جاپان کی مہارت سے سیکھنے کی ضرورت ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مملکت انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ حکومت 30 ہزار نوجوانوں کو آئی ٹی کا ہنر سکھا رہی ہے۔ جاپانی سفارت خانے میں تقریب سے خطاب میں شزا فاطمہ نے کہا کہ وزیراعظم خود نوجوانوں کی تربیت اور روزگار کے منصوبے کی نگرانی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمندی اور تجارتی تعاون کے فروغ میں (بقیہ 61 اندرونی صفحہ 7 پر)

خضدار کے رہائشی نوجوان کی لاش کراچی سے برآمد

خضدار (آن لائن) خضدار کے رہائشی نوجوان کی لاش کراچی سے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق خضدار سونیجی کوشک کے رہائشی عبدالقادر ولد حاجی عبدالکریم زگرمینگل کو کراچی سے کچھ دن قبل اغوا کیا گیا تھا جسکی (بقیہ 71 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مودی حکومت نے آئی ایس پی آر کا یوٹیوب چینل بھی بلاک کر دیا

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے حقائق سامنے لانے پر مودی سرکار گھبراہٹ کا شکار

نئی دہلی (آن لائن) پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے حقائق سامنے لانے پر مودی سرکار نے گھبراہٹ میں آئی ایس پی آر کا یوٹیوب چینل بھی بلاک کر (بقیہ 64 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا 20 مارچ سے لاپتا شہری کے اغوا کا مقدمہ درج کرنے کا حکم

فوٹیج میں ایک ڈالا اور ایک پولیس کی گاڑی واضح طور پر دیکھی جا سکتی ہے، وکیل

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 20 مارچ سے لاپتا شہری کے اغوا کا مقدمہ درج کرنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت سات مئی تک کے لیے ملتوی کر دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس محمد آصف نے جی ٹین اسلام آباد سے لاپتہ شہری نعیم (بقیہ 65 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ڈیپوٹیشن پر آئے جج کو واپس بھیجنے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (آن لائن) ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے ماتحت عدلیہ کے جج کی درخواست پر ڈیپوٹیشن پر آئے جج کو واپس بھیجنے کے جوڈیشل سروس ٹریبونل کے فیصلے کیخلاف کیس میں اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ یاد رہے کہ جسٹس بابر ستار، جسٹس طارق محمود جہانگیری اور جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان پر مشتمل ٹریبونل نے ماتحت عدلیہ کے ڈیپوٹیشن پر آئے جج کو واپس بھیجنے کا فیصلہ دیا تھا۔ کیس میں (بقیہ 66 اندرونی صفحہ 7 پر)

فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں مودی نے آمریت نافذ کر دی، بیرسٹر سیف

کوئی بھی فالس فلیگ آپریشن کو حقیقت ماننے کے لیے تیار نہیں، ڈرامے کی ناکامی پر نریندر مودی حواس باختہ ہیں

پشاور (آن لائن) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا کہ فالس فلیگ آپریشن کی آڑ میں نریندر مودی نے بھارت میں آمریت نافذ کر دی ہے، جمہوریت کے دعویدار ملک میں آزادی اظہار رائے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے اور انسانی حقوق کی پامالیوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ فالس فلیگ آپریشن کے دفاع میں نریندر مودی فسطائیت پر اتر آیا ہے۔ مودی نے آر ایس ایس کے نظریے کے پرچار (بقیہ 70 اندرونی صفحہ 7 پر)

احسن اقبال کی پاکستان بزنس کونسل دبئی کے وفد سے ملاقات

ملاقات میں یو اے ای کے ساتھ معاشی تعلقات کے فروغ کیلئے تجاویز طلب

دبئی (آن لائن) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں مقیم پاکستانی کاروباری برادری برآمدات بڑھانے اور سرمایہ کاری لانے میں کلیدی کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دبئی میں پاکستان بزنس کونسل (پی بی سی) کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی، قونصل جنرل حسین محمد اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود (بقیہ 69 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستان پر حملہ ہوا تو بھرپور طاقت سے جواب دیں گے، رضوان سعید شیخ

بھارت اپنی جابرانہ پالیسیوں، انتخابی مجبوریوں یا انتظامی کوتاہیوں کا بوجھ پاکستان پر نہیں ڈال سکتا، امریکا میں تعینات پاکستانی سفیر

پاکستان نے ہمیشہ ذمہ داری اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا، ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، انٹرویو

واشنگٹن (آن لائن) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پہلگام حملے سے متعلق بھارت کی جانب سے تاحال کسی قسم کا کوئی بھی ثبوت پاکستان یا دنیا کے سامنے نہیں رکھا گیا، پاکستان پر حملہ ہوا تو بھرپور طاقت سے جواب دیں گے، بھارت اپنی جابرانہ پالیسیوں، انتخابی مجبوریوں یا انتظامی کوتاہیوں کا بوجھ پاکستان پر نہیں ڈال سکتا۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کا کہنا تھا کہ پاکستان نے ہمیشہ ذمہ داری اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا، ہم امن کے خواہاں ہیں تاہم اس کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، اگر پاکستان کے خلاف کسی قسم کی مہم جوئی ہوئی تو ہم بھرپور قوت سے اسکا جواب دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خطے میں کشیدگی نہیں چاہتے لیکن اگر دو جوہری طاقتوں (بقیہ 67 اندرونی صفحہ 7 پر)

حکومت کو گندم خرچ سے کچھ زیادہ پیسوں پر خرید لینی چاہئے، لاہور ہائیکورٹ

عدالت نے پنجاب حکومت کے وکیل کو تیاری کیلئے مہلت دیدی، سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں گندم کی مناسب قیمت مقرر کرنے کے لیے دائر درخواست پر ریمارکس دیئے ہیں کہ حکومت کو گندم خرچ سے کچھ زیادہ پیسوں پر خرید لینی چاہئے۔ دوران سماعت جسٹس سلطان تنویر احمد نے ریمارکس دیئے کہ ایک من گندم پر خرچ 2000 یا 2500 سے کم ممکن ہی نہیں ہے، اس وقت کسان کتنے کی گندم بیچ رہا ہے؟ آپ لوگ انہیں مڈل مین کے رحم و کرم پر چھوڑ رہے ہیں، جس کے نتائج بہت سنگین ہوں گے، (بقیہ 68 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت کی بڑھکیاں ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، مصطفیٰ کمال

وہاں سے مریضوں کو بے دخل کرنا غلط بات ہے، ہم شعبہ صحت میں اصلاحات لا رہے ہیں، وفاقی وزیر صحت

بلوچستان اور کے پی میں میڈیکل کے طلبا کا گھمبیر مسئلہ چل رہا تھا جس کو حل کیا گیا ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وزارت صحت اور پاکستان میڈیکل کونسل کی جانب سے فاٹا اور بلوچستان کے طلبا کے لئے میڈیکل کی سیٹیں بڑھانے کا اعلان کر دیا گیا، طلبا ملک کے چاروں صوبوں میں کہیں بھی داخلہ لے سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پی ایم ڈی سی اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہم شعبہ صحت میں اصلاحات لا رہے ہیں۔ بلوچستان اور کے پی میں میڈیکل کے طلبا کا گھمبیر مسئلہ چل رہا تھا جس کو حل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کے 190 طلبا کے لیے ہم نے اضافی سیٹیں دی ہیں، ہم پی ایم ڈی سی کی ٹیم اور کونسل کا شکریہ ادا کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ان صوبوں کے میڈیکل کے طلبا کے لیے 333 (بقیہ 62 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل کیو ڈی اے عسکر خان کو عوام کی سہولیات کے پیش نظر محکمے کے آن لائن شکایات سیل کے قیام بارے بریفنگ دی جارہی ہے

سمگلنگ سے ملک کو سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان

غیر قانونی تجارت سے ہونیوالا نقصان مجموعی قومی پیداوار کے 26 فیصد کے مساوی ہے، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کو سمگلنگ کی وجہ سے سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان ہونے لگا۔ ایک رپورٹ کے مطابق 340 ارب کے سالانہ نقصان میں سے 30 فیصد افغان تجارتی راہداری کے ناجائز استعمال کی وجہ سے پہنچ رہا ہے، یہ رپورٹ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اف مارکیٹ اکانومی (پرائم) نے شائع کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق (بقیہ 81 اندرونی صفحہ 7 پر)

خالق آباد کوٹ لانگو لیویز چوکی پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ لیویز اہلکار جاں بحق

منگچر (اے این این) خالق آباد کوٹ لانگو لیویز چوکی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ لیویز اہلکار شہید لیویز ذرائع کے مطابق لیویز چوکی کوٹ لانگو پر معمور لیویز اہلکاروں پر فائرنگ کے باعث حق نواز ولد لعل محمد قوم (بقیہ 72 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

پہلگام واقعہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے، سینیٹر بلال مندوخیل

اگر بھارت کے پاس کوئی ثبوت ہے تو عالمی برادری کے سامنے پیش کرے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ آف پاکستان کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ پہلگام واقعہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے جسے بھارتی حکومت نے خود تیار اور ایگزیکیوٹ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ درحقیقت مودی سرکار کی ایک ڈرامائی چال ہے جس کا مقصد پاکستان پر بلا جواز (بقیہ 73 اندرونی صفحہ 7 پر)

وانا، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران چار عسکریت پسند کو ہلاک کر دیا

وانا (آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے تحصیل برمل کے علاقے کلوتی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران چار عسکریت پسند کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے (بقیہ 74 اندرونی صفحہ 7 پر)

پاکستانی مندوب کی یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات: خطے میں کشیدگی کم کرنے پر گفتگو

پاکستان خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور ہر ممکن سفارتی کوشش جاری رکھے گا، عاصم افتخار

نیویارک (آن لائن) پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ نئی دہلی کی اشتعال انگیز پالیسیاں جنوبی ایشیا کے امن کیلئے خطرناک ہو چکیں، بھارت علاقائی استحکام کو داؤ پر لگا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار (بقیہ 87 اندرونی صفحہ 7 پر)

نوشکی ٹرک حادثے میں زخمی شخص کراچی میں دم توڑ گیا، جاں بحق افراد کی تعداد 7 ہوگئی

کوئٹہ (اے این این) نوشکی میں پیش آنے والے المناک ٹرک حادثے میں زخمی ہونے والے یحییٰ (بقیہ 83 اندرونی صفحہ 7 پر)

چوہدری سالک حسین نے ای او بی آئی پنشنرز کو بڑی خوشخبری سنا دی

ای او بی آئی کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی سمری وفاقی کابینہ کو بھجوا دی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے ای او بی آئی پنشنرز کو بڑی خوشخبری سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین نے کہا ہے ای او بی آئی کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کی (بقیہ 88 اندرونی صفحہ 7 پر)

قلات، منگچر میں پل کے نیچے زوردار دھماکہ، جانی نقصان نہیں ہوا

قلات (اے این این) منگچر کے علاقے رحیم آباد میں قومی شاہراہ پر پل کے نیچے زوردار دھماکہ ہوا، جس سے پل کو معمولی نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی (بقیہ 84 اندرونی صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ نے 9 مئی مقدمے میں حافظ فرحت عباس کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی

اللہ کرے آپ چار ماہ میں ٹرائل مکمل کروا دیں، بس کر دیں اب کتنا گھسیٹنا ہے، جسٹس نعیم اختر افغان

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے 9 مئی مقدمے میں پی ٹی آئی رہنما حافظ فرحت عباس کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی جسٹس نعیم اختر افغان نے ریمارکس دیے کہ مفرور ہے یا نہیں یہ معاملہ متعلقہ عدالت دیکھ لے گی، تفتیش مکمل ہو چکی چالان بھی جمع ہو چکا اب گرفتاری کیا کرنی ہے؟ اللہ کرے آپ چار ماہ میں ٹرائل مکمل کروا دیں، بس کر دیں اب کتنا گھسیٹنا ہے۔ انھوں نے یہ ریمارکس جمعہ کے روز دیے ہیں۔ جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی (بقیہ 82 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کیلئے قانون سازی کا عمل جلد مکمل کرنے کی ہدایت

سیکرٹری الیکشن کمیشن کی زیر صدارت اعلیٰ سطح اجلاس، بلدیاتی الیکشن اور قانون سازی سے متعلق امور زیر بحث آئے

اسلام آباد (ان لائن) الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے قانون سازی کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کی اجلاس میں سپیشل سیکرٹری، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اسلام آباد اور جوائنٹ سیکرٹری داخلہ نے شرکت کی اجلاس میں سیکرٹری (بقیہ 85 اندرونی صفحہ 7 پر)

فرید آباد، گوٹھ جہانگیر بگٹی میں بجلی کی شارٹ سرکٹ کے باعث آگ 4 گھر جل کر خاکستر

فرید آباد (آن لائن) گزشتہ شب گوٹھ ظہور حسین کھوسہ کے نزدیک گوٹھ جہانگیر بگٹی میں بجلی کی شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی دیکھتے ہی دیکھتے 4 گھر مکمل طور پر جل کر خاکستر ہو گئے آگ کی (بقیہ 75 اندرونی صفحہ 7 پر)

جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی طبیعت خراب ہوگئی

پمز ہسپتال میں طبی معائنہ اور ٹیسٹ کرانے، ڈاکٹروں نے آرام کا مشورہ دیدیا

اسلام آباد (آن لائن) جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کی طبیعت خراب ہوگئی، پمز ہسپتال میں طبی معائنہ اور ٹیسٹ کرانے، ڈاکٹروں نے آرام کا مشورہ دیدیا۔ جمعہ کو جے یو آئی ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن خرابی صحت کی بناء پر پمز ہسپتال پہنچے اور اپنا (بقیہ 76 اندرونی صفحہ 7 پر)

4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کر دیئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کا سریاب روڈ پر قائم تجاوزات کے خلاف سخت کریک ڈاؤن، 4 منی پیٹرول پمپ، 3 ہوٹل اور 4 قصاب خانے سیل کر (بقیہ 78 اندرونی صفحہ 7 پر)

گورنر پنجاب سے پاکستان میں ہالینڈ کی سفیر کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

پاکستان ہالینڈ کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (آن لائن) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پاکستان میں ہالینڈ کی سفیر مسز ہینی ڈی وریس نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور ہالینڈ کے درمیان تجارت، کھیلوں اور تعلقات عامہ میں تعلقات کے فروغ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اس موقع پر لاہور میں ہالینڈ کی اعزازی قونصل جنرل عاصمہ حامد، سابق اولمپک ہاکی پلیئر (بقیہ 77 اندرونی صفحہ 7 پر)

فرید آباد شارٹ سرکٹ کی آگ لگنے کے باعث گھر جل کر خاکستر ہو گیا

فرید آباد (اے این این) گزشتہ شب گوٹھ ظہور حسین کھوسہ کے نزدیک گوٹھ جہانگیر بگٹی میں بجلی کی شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی دیکھتے ہی دیکھتے 4 گھر مکمل طور پر جلکر خاکستر ہو گئے آگ کی (بقیہ 95 اندرونی صفحہ 7 پر)

جیکب آباد، سابق وزیراعظم کے گندم کے کھلیان کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی

5 ہزار من گندم راکھ کے ڈھیر میں تبدیل، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب لاکھوں کے گندم راکھ ہو گئے

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں سابق وزیراعظم کے گندم کے کھلیان کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی، 5 ہزار من گندم راکھ کے ڈھیر میں تبدیل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے گاؤں احمد میاں سومرو میں سابق نگران وزیراعظم محمد میاں سومرو کے گندم کے کھلیان کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی جس کے باعث 5 ہزار من سے زائد گندم جل کر (بقیہ 79 اندرونی صفحہ 7 پر)

کراچی سے گوادر اسمگل کی جانے والی کروڑوں مالیت کی غیر رجسٹرڈ بھارتی ادویات ضبط

کراچی (آن لائن) کراچی سے گوادر اسمگل کی جانے والی 5 کروڑ روپے مالیت کی غیر رجسٹرڈ بھارتی ادویات کے 18 ہزار باکسز ضبط کر لیے گئے۔ ڈرگ انسپکٹر ساتھ ساجد میمن نے ایف آئی اے ٹیم (بقیہ 92 اندرونی صفحہ 7 پر)

جرمنی میں مسلم دشمن پارٹی اے ایف ڈی کو شدت پسند قرار دیدیا گیا

اے ایف ڈی پارٹی انسانی وقار کے نظریے پر یقین نہیں رکھتی، جرمن وزارت

برلن (آن لائن) جرمن حکومت نے مسلم دشمن پارٹی اے ایف ڈی کو شدت پسند تنظیم قرار دیدیا۔ وزارت داخلہ کا کہنا ہے کہ اے ایف ڈی انسانی وقار کے نظریے پر یقین نہیں رکھتی۔ جرمنی میں مسلم دشمن پارٹی اے ایف ڈی کے خلاف بڑا فیصلہ کر لیا گیا، (بقیہ 80 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت کی کسی بھی قسم کی پیش قدمی کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے تیار ہیں، فضل الرحمن

مودی خطے میں جنگی سیاست کے ذریعے اپنی بقاء چاہتا ہے انہوں نے کہا کہ بھارت کا جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن کی ایرانی سفیر سے ملاقات، خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال، ایرانی سفیر نے مولانا فضل الرحمان کو دورہ ایران کی دعوت دی

اسلام آباد (آن لائن) جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ نریندر مودی پاکستان کے خلاف جارحیت کو اپنی سیاسی بقاء کے لئے استعمال کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی پیش قدمی کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ جمعہ کو جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان اسلام آباد میں واقع ایرانی سفارتخانہ گئے اور ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا مقدمی سے ملاقات کی، مولانا فضل الرحمان نے حالیہ دنوں میں ایرانی شہر بندر عباس میں بم دھماکے پر اظہار افسوس کیا دونوں رہنماؤں میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال اور حالیہ پاک بھارت کشیدگی پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ مودی خطے میں جنگی سیاست کے ذریعے اپنی بقاء چاہتا ہے انہوں نے کہا (بقیہ 86 اندرونی صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ اسمبلی اجلاس سے قبل مصافحہ کر رہے ہیں

پہلگام حملے میں کشمیریوں کا کوئی قصور نہیں، سابق سربراہ (را)

پہلگام حملے کے ثبوت دینے سے معاملہ بین الاقوامی سطح پر پھیل جائے گا، امرجیت سنگھ

لندن (آن لائن) را کے سابق سربراہ امرجیت سنگھ دولت کشمیری مسلمانوں کی حمایت میں بول پڑے۔ ان کا کہنا ہے کہ پہلگام حملے میں کشمیریوں کا کوئی قصور نہیں، کشمیری شہریوں پر بھارت میں تشدد غلط ہے۔ پہلگام حملے کے ثبوت دینے سے معاملہ بین الاقوامی سطح پر پھیل جائے گا۔ اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے کشمیری مسلمانوں کے خلاف بھارتی تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے پہلگام حملے میں کشمیریوں کا کوئی قصور نہیں۔ بھارت کا اس حملے کے (بقیہ 96 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارت نے پاکستان سے لڑائی کر کے ہمیشہ اپنا نقصان کیا: خواجہ سعد رفیق

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل تک خطے میں امن کا قیام ناممکن ہے، حملے کے بینفشری کی نشاندہی ضروری ہے

لاہور (آن لائن) رہنما مسلم لیگ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ بھارت نے پاکستان سے لڑائی کر کے ہمیشہ اپنا نقصان کیا۔ مسئلہ کشمیر کے پرامن حل تک خطے میں امن کا قیام ناممکن ہے، پہلگام حملے کے بینفشری کی نشاندہی ضروری ہے۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے پرامن حل تک خطے میں امن کا قیام ناممکن (بقیہ 89 اندرونی صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ میں لاء افسران کی تبدیلی کر دی گئی

راشد حفیظ کی خدمات اسلام آباد ہائیکورٹ جبکہ سردار عمر اسلم کو سپریم بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ میں لاء افسران کی تبدیلی کر دی گئی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل ایڈووکیٹ راشد حفیظ کی خدمات اسلام آباد ہائیکورٹ جبکہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل سردار عمر اسلم کو سپریم کورٹ بھجوا دیا گیا۔ سردار عمر اسلم اس سے قبل ایڈیشنل اٹارنی جنرل اسلام آباد ہائیکورٹ تعینات تھے، نئے تعینات ایڈیشنل اٹارنی جنرل راشد حفیظ (بقیہ 90 اندرونی صفحہ 7 پر)

زرعی ترقیاتی بینک کی دسمبر 2025 تک نجکاری، ملازمین پریشانی کا شکار

زرعی ترقیاتی بینک میں نئی بھرتیوں کو نجکاری کمیشن کی منظوری سے مشروط کر دیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے زرعی ترقیاتی بینک کی دسمبر تک نجکاری کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نجکاری کے عمل سے بینک کی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے، 174 ملازمین نے استعفیٰ دے دیا ہے اور متوقع نجکاری کے باعث ادارے کے 7 ہزار 229 ملازمین کا مستقبل غیر یقینی کا شکار ہے۔ صارفین اور ڈیفالٹرز سے 58 ارب روپے کی وصولی (بقیہ 94 اندرونی صفحہ 7 پر)

بھارتی فضائیہ میں پائلٹوں کی بڑی تعداد میں ہلاکتیں، ناقص حفاظتی معیار کا پول کھل گیا

30 سالوں میں پانچ سو پچاس سے زائد فضائی حادثات رونما، 150 زائد بھارتی پائلٹ اپنی جانیں گنوا بیٹھے

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی فضائیہ میں ہونے والے پے در پے حادثات نے اس کے ناقص حفاظتی معیار اور غیر پیشہ ورانہ آپریشنل تیاریوں کی قلعی کھول دی ہے۔ میڈیا رپورٹ میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ گزشتہ 30 سالوں میں بھارتی فضائیہ میں 550 سے زائد فضائی حادثات رونما ہوئے ہیں، جن میں 150 سے زائد بھارتی پائلٹ اپنی جانیں گنوا بیٹھے ہیں۔ حیران کن طور پر بھارتی فضائیہ میں روزانہ کی بنیاد پر ہونے والے حادثات میں (بقیہ 93 اندرونی صفحہ 7 پر)

آزادی صحافت جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے ناگزیر ہے، سردار ایاز صادق

صحافتی برادری نے سچ اور حقائق کو منظر عام پر لانے کے لیے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی

ایک باشعور، تعلیم یافتہ اور باخبر معاشرے کی تشکیل میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے، یوم آزادی صحافت کے موقع پر صحافتی برادری کو خراج تحسین

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ آزادیِ صحافت جمہوریت کی بنیاد ہے، ملک کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے اور ایک باخبر معاشرے کی تشکیل میں صحافتی برادری کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہوتا ہے، آئین پاکستان آزادی اظہار رائے کی ضمانت دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر کیا جو ہر سال تین مئی کو اقوام متحدہ کے زیر اہتمام دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پارلیمان کی پریس گیلری میں موجود صحافی حضرات ایوان میں ہونے والی قانون سازی اور کارروائی کو عوام تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے اور حقائق اور سچ کو سامنے لانے (بقیہ 91 اندرونی صفحہ 7 پر)

KOZAK NEWS
روزنامہ کوژک نیوز

چیف ایڈیٹر محمد اسلم اچکزئی نے روزنامہ کوژک نیوز چمن کو الکریم پرنٹنگ پریس سریاب روڈ سے چھپوا کر دفتر نمبر 6 دوسری منزل حاجی محمود پلازہ تاج روڈ چمن سے شائع کیا

فون: 0826,612100/0826,510240
فیکس: 0826,612200

کوئٹہ بیورو 305 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ۔

فون نمبر: 0812,829367
فیکس نمبر: 0812,838997
نیوز روم نمبر: 0812001685

اسلام آباد بیورو چیف، آفس نمبر 42/3b گلی نمبر 70_ سیکٹر نمبر G-7/1 اسلام آباد
بیورو چیف: 0346,5043166

ای میل:
kozaknews@gmail.com
kozaknews@yahoo.com
kozakqta@gmail.com

اسلام آباد، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا مقدمی سے بندر عباس میں بم دھماکے پر اظہار افسوس کر رہے ہیں